www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باتصدیق اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 08 ذی القعدہ 1447ھ 26 اپریل 2026ء صفحات 24 | شمارہ 291
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

نوشکی فورسز نے دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا، فتنہ الہندوستان کے 5 اہم کمانڈر ہلاک

خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے کارندے نوشکی میں دہشت گردی کا منصوبہ بنا رہے ہیں اور اس مقصد کیلئے نواحی علاقے میں بھاری اسلحہ کیساتھ اپنے ٹھکانے میں موجود ہیں

سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے گزشتہ شب ٹارگٹڈ آپریشن کیا تو دہشت گردوں نے جدید خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کر دی، دونوں اطراف سے فائرنگ تبادلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا

فورسز کی فائرنگ سے پانچ اہم کمانڈرز ہلاک ہوگئے، فورسز نے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ راکٹ لانچرز بم، دھماکہ خیز مواد اور مواصلاتی آلات قبضے میں لے لئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے نوشکی میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے پانچ اہم کمانڈرز ہلاک کر دیا ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ راکٹ لانچرز بم برآمد ہوا جو کہ خیز مواد اور مواصلاتی آلات قبضے میں لے لئے مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز اور پولیس پر حملوں میں ملوث تھے سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے نوشکی میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے نوشکی کے نواحی علاقے میں اپنے ٹھکانے میں موجود ہے جس پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے گزشتہ شب ٹارگٹڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی جدید خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کر دی تاہم سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے جرات اور بہادری ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آصف علی زرداری پانچ روزہ دورہ پر چین پہنچ گئے

صدر زرداری دورے کے دوران چینی قیادت کے ساتھ اہم ملاقاتیں کریں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری پانچ روزہ دورہ پر چین پہنچ گئے۔ لاہور ایئر پورٹ پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے صدر مملکت کو الوداع کیا۔ گورنر سردار سلیم حیدر خان نے صدر مملکت سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ صدر مملکت..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی صدر کی عوام سے بجلی کا استعمال محدود کرنے کی اپیل

گھر میں 10 بتیوں کے بجائے دو بتیاں جلائی جائیں، مسعود پزشکیان

اصفہان (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے عوام سے اپیل کہ ہے بجلی کا 'استعمال محدود' کر دیں۔ یہ اپیل ایسے وقت میں کی گئی ہے جب امریکہ نے ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ صدر پزشکیان کا کہنا تھا: 'دشمن ہماری تنصیبات کو تباہ کر رہے ہیں اور ہمارا..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کے ہمراہ میر چنگیز جمالی و دیگر کا گروپ فوٹو

خطے میں امن کیلئے کردار ادا کرتے رہیں گے، اسحاق ڈار

ایران امریکہ مذاکرات سے متعلق صرف سرکاری بیانات ہی پاکستان کا مؤقف، میڈیا قیاس آرائیوں سے گریز کرے

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت خطے کی تازہ ترین صورتحال پر اجلاس میں اہم فیصلے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے ایران امریکہ مذاکرات میں سہولت کاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان امن کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور خطے اور اس سے آگے امن و استحکام کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے گا، ایران امریکا سہولت کاری سے متعلق صرف سرکاری بیانات ہی پاکستان کا مؤقف ہیں، پرنٹ اور الیکٹرانک..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکہ کیخلاف جنگ، میزائل صلاحیت کا اہم حصہ ابھی تک استعمال نہیں کیا، ایران

مقامی سطح پر 1 ہزار سے زائد اقسام کے ہتھیار میزائل، ڈرونز اور دیگر عسکری نظام تیار کر رہے ہیں، وزارت دفاع

ہتھیاروں کی پیداوار ملک کے مختلف حصوں میں پھیلی ہوئی ہے تاکہ جنگی حالات میں تیاری کا عمل جاری رکھا جا سکے

تہران (م ڈ) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ مقامی سطح پر 1 ہزار سے زائد اقسام کے ہتھیار تیار کر رہا ہے، جن میں میزائل، ڈرونز اور دیگر عسکری نظام شامل ہیں، جبکہ ملک کی میزائل صلاحیت کا ایک اہم حصہ ابھی تک استعمال میں نہیں لایا گیا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی وزارت دفاع کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل رضا طلائی بک نے ایک بیان دیتے ہوئے ملک کی دفاعی اور جوابی تیاریوں کو بلند سطح پر قرار دیا..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی وفد نے تجاویز کا مسودہ پاکستان کے حوالے کر دیا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سے تفصیلی بات چیت، وائٹ ہاؤس نے وٹکوف اور کشنر کا دورہ اسلام آباد منسوخ کر دیا، ایرانی مذاکرات کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں فون کر لیں، امریکی صدر

مذاکرات ختم، اسلام آباد کھل گیا
امریکہ سے براہ راست بات نہیں کرنی، عراقچی
ایران جب چاہے بات کرلے، ٹرمپ

عباس عراقچی نے پہلی باضابطہ ملاقات فیلڈ مارشل سے کی، ایرانی سفارتخانہ، شہباز شریف، سید عاصم منیر سے ملاقات میں جنگ کے مکمل خاتمے کا اصولی موقف وضاحت کیساتھ پیش کر دیا، پاکستان کا دورہ اچھا رہا، امریکہ کی سفارتی سنجیدگی دیکھنا باقی ہے: ایرانی وزیر خارجہ

اسلام آباد: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے عباس عراقچی کی قیادت میں ایران کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایرانی وزیر خارجہ اور ان کے وفد سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی، ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاک ایران دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال ہوا، شہباز شریف

وزیراعظم کا ایرانی وزیر خارجہ کی عمان روانگی کے بعد صدر مسعود پزشکیان کو ٹیلی فون، 50 منٹ کی گفتگو میں خطے کی صورت حال اور امن و استحکام کے فروغ کے لیے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

ایران کی قیادت میں بھی شدید باہمی اختلاف اور ابہام پایا جاتا ہے، کسی کو نہیں معلوم کہ اصل میں ذمہ داری کس کے پاس ہے، سفر میں بہت زیادہ وقت ضائع ہو جاتا ہے اور کام بہت ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

ایرانی پاسداران انقلاب نے براہ راست مذاکرات کی درخواست کا وائٹ ہاؤس کا دعویٰ مسترد کر دیا، ایرانی وزیر خارجہ متوقع طور پر اتوار یا پیر کو مذاکرات کے لیے دوبارہ اسلام آباد آسکتے ہیں، سی بی ایس

اسلام آباد (زاہد احمد خان، مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے دورے پر آئے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ایرانی سفارتخانے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پہلی باضابطہ ملاقات فیلڈ مارشل عاصم منیر سے کی۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے علاوہ مشیر برائے قومی سلامتی جنرل عاصم ملک اور ڈی جی ملٹری انٹیلی جنس بھی شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق ایران کے نائب وزیر خارجہ غریب آبادی، اسلام آباد میں ایران کے سفیر امیری مقدم اور ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ بعد ازاں وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں خطے کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ بی بی..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جوانوں نے جرات کیساتھ دہشتگردوں کا مقابلہ کیا، محسن نقوی

ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کیخلاف مشترکہ کارروائی قابل تحسین ہے، وزیر داخلہ

شہید اہلکار نے وطن کی خاطر فرض کی راہ میں اپنی جان قربان کر کے مثال قائم کی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر پولیس اور سی ڈی کی خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پولیس اور سی ڈی کے جوانوں نے جرات کے ساتھ دہشتگردوں کا مقابلہ کیا اور حملے کو پسپا کر کے دہشتگردوں کے مذموم عزا..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

لائیو اسٹاک فارمز کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، میر سرفراز بگٹی

زرعی پالیسی کے تحت لائیو اسٹاک کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے گوشت اور دودھ کی معیاری پیداوار کے لیے اقدامات جاری ہیں

ویٹرنری شعبہ انسانی و حیوانی صحت کے باہمی ربط کو مضبوط بنانے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر ویٹرنری ماہرین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویٹرنری شعبہ انسانی و حیوانی صحت کے باہمی ربط کو مضبوط بنانے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کے فروغ اور محفوظ غذائی نظام کے قیام میں ویٹرنری ماہرین کی خدمات نہایت اہمیت کی حا..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بھکر، زمین کے تنازع پر فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

بھکر (بیورو رپورٹ) بھکر میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کے نتیجے میں پانچ افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیل کے مطابق بھکر میں تھانہ بہل کے علاقے..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کے نئے دور میں پیشرفت کی امید ہے، ترکیہ

ایران، امریکہ جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں جلد دور ہو سکتی ہیں، حاکان فیدان

انقرہ (م ڈ) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایران امریکا مذاکرات کے نئے دور میں پیش رفت کی امید ہے، ترکیہ مذاکرات کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے، ایران اور امریکا کے درمیان جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ

صوبائی وزیر ایریگیشن صادق عمرانی کے آبائی گھر پر حملہ قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی کے ڈیرہ مراد جمالی گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ناقابل برداشت واقعہ قرار دیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایسے بزدلانہ اقدامات سے حکومت کے..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف نے پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ عوام پر معاشی حملہ قرار دیدیا

حکمرانوں کے آئی ایم ایف پر انحصار اور غلط پالیسیوں نے ملک کو سنگین صورتحال سے دوچار کر دیا ہے

غریب طبقہ صرف بقا کی جنگ لڑ رہا، لاکھوں خاندان دو وقت کی روٹی پوری کرنے سے قاصر ہیں، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو مسترد کرتے ہوئے اسے عوام پر "معاشی حملہ" قرار دے دیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مہنگائی پہلے..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

فرانسیسی صدر نے امریکہ کو ناقابل اعتبار اتحادی قرار دیدیا

پیرس (م ڈ) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے امریکا کو ناقابل اعتبار اتحادی قرار دے دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

قزاقوں کے قبضے سے پاکستانی عملے کی بازیابی کیلئے ہنگامی اقدامات

وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کا واقعے کا نوٹس، فوری رپورٹ طلب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صومالیہ کے قریب آئل ٹینکر پر بحری قزاقوں کے حملے سے پھنسے والے پاکستانی عملے کے 11 ارکان کی بازیابی کیلئے ہنگامی اقدامات شروع کر دیئے گئے۔ صومالیہ کے قریب سمندر میں بحری قزاق ایک آئل ٹینکر پر حملہ کر کے یرغما..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ڈھاڈر دہشت گردی واقعہ میں زخمی اہلکار سجاد ملی کی عیادت کر رہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات مہنگی، گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرائے بڑھا دیئے

غلط پالیسیوں کی وجہ سے لاکھوں ٹرانسپورٹرز بے روزگاری کا شکار ہو رہے ہیں

موٹروے پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر اداروں کے چالان ختم کیے جائیں

کوئٹہ، کراچی (م ڈ) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی کرنے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرایوں میں اضافے کا اعلان کر دیا گیا۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر ویڈیو بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز اس فیصلے کی..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے 15 ہزار 26 عازمین مدینہ منورہ پہنچ گئے

مدینہ پہنچنے والے عازمین کے اولین قافلے مکہ مکرمہ روانہ ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سے سعودی عرب کیلئے حج آپریشن بلاتعطل جاری ہے، 59 پروازوں کے ذریعے 15 ہزار 26 عازمین مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے جاری بیان کے مطابق خدام الحجاج، میڈیکل مشن اور..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے وسائل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرینگے، ڈاکٹر مالک بلوچ

صوبے میں وفاقی اداروں کا رویہ نامناسب ہے بلوچستان کو کالونی کی طرح دیکھنے سے مسائل مزید پیچیدہ ہو رہے ہیں

نیشنل پارٹی کے کارکن عوام میں جڑیں مضبوط اور پارٹی کو فعال و متحرک کریں، جان بلیدی کا پارٹی اجلاس میں اظہار خیال

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل کی جدوجہد میں کسی قسم کا بھی سمجھوتہ نہیں کریں گے بلوچستان میں لگی آگ اور بداعتمادی کا حل مذاکرات اور مفاہمتی پالیسی میں ہے۔ پاکستان کی پارلیمنٹ بے روح پارلیمنٹ ہے جہاں پارلیمینٹیرین کی کوئی نہیں سنتا ہے نیشنل پارٹی اور دیگر قوم پرست جماعتوں کے ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں آپریشن 240 جاسوس گرفتار، گولہ بارود برآمد

اسرائیلی موساد کے 4 جاسوس بھی شامل ہیں، اسلحہ قبضے میں لے لیا

تہران (م ڈ) ایرانی وزارت انٹیلی جنس کا کہنا ہے کہ ملک کے مغربی علاقوں میں بڑا آپریشن کیا ہے، جس میں 100 سے زائد دھماکا خیز ڈیوائسز بھی ضبط کی ہیں۔ ایران کے نیم سرکاری خبر رساں ادارے نے رپورٹ کیا ہے کہ ایرانی وزارت اطلاعات نے کہا ہے کہ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

غیرت کے نام پر والدین نے بیٹی پر گولیاں برسا دیں

والد، والدہ اور دونوں چچاؤں کو پولیس نے گرفتار کر لیا، پستول برآمد

لاہور (م ڈ) والدین نے غیرت کے نام پر اپنی ہی بیٹی پر گولیاں برسا دیں، جس سے زخمی ہونے والی 20 سالہ ثمائلہ کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ صوبائی دارالحکومت کے علاقے ٹنجر وال میں غیرت کے نام پر بیٹی کو قتل کرنے کی کوشش کا واقعہ پیش آیا، جس میں شدید زخمی حالت میں 20 سالہ ثمائلہ کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ثمائلہ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول پر عائد ڈیولپمنٹ لیوی بڑھا کر 107.38 روپے فی لیٹر کر دی گئی

ایچ او بی سی پر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی 305.37 روپے، مٹی کے تیل پر 20.36 روپے فی لیٹر ہے، نوٹیفکیشن

لائٹ ڈیزل آئل پر 15.84 اور فرنس آئل پر لیوی 77 روپے، ہائی اسپیڈ ڈیزل پر لیوی کی شرح صفر برقرار

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرول پر عائد پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی میں بڑا اضافہ کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے پیٹرول مزید مہنگا کیا گیا ہے البتہ ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی کی شرح صفر ہی برقرار رکھی گئی ہے۔ حکومت..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد مذاکرات، ایران امریکہ معاہدہ جلد طے پا جائیگا، یورپی یونین

پاکستان کی ثالثی کی کوششوں پر بھرپور اعتماد ہے مذاکرات کے پہلے دور کی ناکامی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں

مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ میں فریقین کے درمیان باقاعدہ معاہدہ ہونے کا قوی امکان ہے، رائمنڈس کرابلس

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان میں یورپی یونین کے سفیر رائمنڈس کرابلس نے پاکستان کی میزبانی میں ایران امریکا امن مذاکرات کے حوالے سے بڑی مثبت پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات کے دوسرے دور میں معاہدہ ہونے کا امکان ہے۔ ایک انٹرویو میں رائمنڈس کرابلس نے..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی کانگریس نے عالمی عدالت پر پابندی کی حمایت کر دی

نیتن یاہو کے وارنٹ گرفتاری جاری کیوں کیے، 243 ارکان کا پابندی کے حق میں ووٹ

نیو یارک (م ڈ) امریکی ایوان نمائندگان نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے پر بین الاقوامی فوجداری عدالت پر پابندی کے حق میں ووٹ دے دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق غزہ میں اسرائیل حملوں..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے مغوی بچہ بازیاب، خاتون اغوا کار گرفتار

اغوا کاروں نے واٹس ایپ پر 60 ہزار ڈالر تاوان کا مطالبہ کیا تھا

جدید ٹیکنالوجی اور واٹس ایپ ٹریسنگ سے ملزمان کا سراغ لگایا، پولیس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے مغوی بچے کو بازیاب کرا لیا ہے ملزمان نے رہائی کے بدلے ہزاروں ڈالر رقم کا مطالبہ کیا تھا۔ ایس ایس پی سیرس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے مطابق ایس سی آئی ڈبلیو کے عملے نے..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی حملے جاری، جنگ بندی میں توسیع بے معنی قرار

حزب اللہ نے اسرائیلی ڈرون کو مار گرایا، قانون ساز علی فیاض

یروشلم (م ڈ) حزب اللہ نے کہا کہ امریکی ثالثی میں اسرائیل کے ساتھ جنگ بندی تین ہفتوں کے لیے بڑھانا بے معنی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حزب اللہ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب اسرائیلی حملے میں دو افراد کی ہلاکت ہوئی ہے اور حزب اللہ نے ایک اسرائیلی ڈرون کو بھی مار گرایا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعرات کو وائٹ ہاؤس میں اسرائیلی اور لبنانی سفیروں کی میزبانی کے بعد جنگ بندی میں تین ہفتے کی توسیع کا اعلان..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

مدارس رجسٹریشن اور گرفتاریوں کے خلاف جمعیت نظریاتی کے تحت احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

پاکستان کا مقامی سیٹلائٹ ای او-3 کامیابی سے لانچ

خلائی شعبے میں اہم سنگ میل تکنیکی مہارت کی طرف نمایاں پیشرفت ہے، آئی ایس پی آر

وزیراعظم شہباز شریف نے سپارکو کے انجینئرز اور سائنسدانوں کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اسپیس اینڈ اپر اٹموسفیئر ریسرچ کمیشن نے چین کے ایک سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے پاکستان کے مقامی الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ EO-3 کو کامیابی سے خلا میں بھیج دیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ لانچ پاکستان کے خلائی پروگرام میں ایک اہم پیش رفت اور خود انحصاری و تکنیکی مہارت کی طرف سفر میں نمایاں سنگ میل ہے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز نے کہا کہ یہ سیٹلائٹ مختلف شعبوں کے لیے جدید امیجنگ ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر نے برطانیہ کو بھاری ٹیرف کی دھمکی دے دی

گوگل، میٹا اور ایپل کو نشانہ بنانا بند نہ کیا تو جوابی کارروائی کریں گے

امریکی کمپنیوں کو کوئی نشانہ بنائے یہ ہرگز مجھے پسند نہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے برطانیہ کو بھاری ٹیرف کی دھمکی دے دی۔ برطانوی اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کو انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا برطانیہ نے گوگل، میٹا اور ایپل کو نشانہ بنانا بند نہ کیا تو جوابی کارروائی کریں گے۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہمیں وہ کمپنیاں پسند ہوں یا نہ ہوں، وہ امریکی کمپنیاں ہیں، امریکی کمپنیوں کو کوئی نشانہ بنائے یہ ہرگز مجھے..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اسپاٹ مارکیٹ سے صرف 1 ایل این جی کارگو خریدنے کی منظوری

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ کے بورڈ نے ایل این جی کارگو خریدنے کی منظوری دے دی۔ اسپاٹ مارکیٹ سے صرف ایک ایل این جی کارگو خریدنے کی منظوری دی گئی ہے۔ پی ایل ایل کے ذرائع کے مطابق 27 اپریل سے 14 مئی 3 ایل این جی کارگوز کے لیے بڈز طلب کی تھیں، ایل این جی سپلائی کے لیے 3 بڈز آئیں۔ 27 سے 30 اپریل کی سپلائی کے لیے صرف 1 اسپاٹ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا گرمجوشی سے استقبال کر رہے ہیں

حکومت قیام امن اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، ضیاء لانگو

بلوچستان پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش، دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اہلکاروں کی خدمات یاد رکھی جائینگی، وزیر داخلہ

شہید اہلکار رحمت خلجی کے اہل خانہ خود کو تنہا نہ سمجھیں، حکومت ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے، بابر یوسفزئی کا اظہار خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہلکاروں کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید پولیس ہیڈ کانسٹیبل رحمت خلجی کے گھر جا کر تعزیت کا اظہار اور فاتحہ خوانی موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی سمیت دیگر حکام بھی ان کے ہمراہ موجود تھے انہوں نے شہید کے لواحقین، بچوں اور سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہید..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

تیل کی قیمتوں میں اضافہ عوام دشمن اقدام، ایمل ولی

پٹرولیم مصنوعات پر عائد ظالمانہ ٹیکسز اور لیوی فی الفور ختم کی جائیں

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ عوام دشمن اقدام ہے، پٹرولیم مصنوعات پر عائد ظالمانہ ٹیکسز اور لیوی فی الفور ختم کی جائیں، عوام کو ریلیف دینے کے لیے..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

سیاستدانوں کی طرح منافق نہیں ہوں، ذوالفقار جونیئر

ہمارے پاس محنتی لوگ ہیں، وقت آیا تو الیکشن لڑیں گے، میڈیا سے گفتگو

حیدرآباد (م ڈ) میر مرتضیٰ بھٹو کے صاحبزادے ذوالفقار بھٹو جونیئر نے کہا ہے کہ میں باقی سیاستدانوں کی طرح ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ میں انسداد دہشتگردی مباحثہ، ایل ڈی سی کے خطرات پر زور

انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیح، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہئے، عاصم افتخار

قائمقام انڈر سیکریٹری جنرل زوویف کا مصنوعی ذہانت سمیت نئے اور ابھرتے خطرات سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات کی ضرورت پر زور

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک اور اضافہ مہنگائی کی ایک اور لہر

پیٹرولیم مصنوعات مہنگے کرکے حکومت نے عوام کی پریشانیوں میں ایک بار پھر بے دردانہ اضافہ کردیا، غریب اور متوسط طبقے کا جینا مشکل تر ہوگیا

حکومت پہلے ہی عالمی منڈی کی نسبت ڈبل قیمتیں وصول کررہی ہے، اب عالمی منڈی قیمتیں نہیں بڑھی مگر ہماری حکومت ہمارا خون چوس رہی ہے

مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے گل نبی سرپرہ، نبی بخش ابزو، عبدالروف شاکر، عبدالستار کاکوزئی، رحمت کاکڑ و دیگر کا اظہار خیال

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) وفاقی حکومت نے پیٹرول مہنگا کرکے عام و خاص طبقے کیلئے مزید پریشانیاں پیدا کی گئی، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سے اشیاء خورد ونوش سمیت ٹرانسپورٹرز کے کرائے مزید بڑھیں گے، اور عوام سستے سفر سے محروم ہوجائینگے، منی ویگن، ٹیکسی گاڑیوں اور لوکل بس سمیت اندرون بلوچستان میں چلنے والی گاڑیوں نے بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی خبر سنتے ہی فوراً سے پہلے کرایوں میں اضافہ کردیا اور ساتھ ہی تاجر برادری نے بھی کہا ہے کہ پیٹرول مصنوعات مہنگی ہوگی تو ہمیں ایکسپورٹ اور امپورٹ کے علاوہ مال کو منڈیوں سے لانے میں کرایہ ڈبل دینا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ہمیں پیٹرولیم مصنوعات کے اضافے کی قیمتوں کا بوجھ اشیاء خورد ونوش پر مجبوراً ہی ڈالنا پڑے گا، عوامی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کے اضافے کی خبر سنتے ہی چیخیں نکل گئیں اور وفاقی حکومت سے قیمتیں واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ جس طرح پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ ہوا ہے اس کے مقابلے میں ہماری آمدن اتنی نہیں ہے لہٰذا ہوشربا قیمتیں واپس لے کر غریب عوام کیلئے مزید پیٹرول سستا کرنے کی اشد ضرورت ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے گل نبی سرپرہ، نبی بخش ابزو، عبدالروف شاکر، عبدالستار کاکوزئی، رحمت کاکڑ و دیگر نے بتایا ہے کہ گزشتہ شب پیٹرول ڈیزل 26.77 روپے مہنگا ہونے جس طرح ملک بھر میں عوامی ردعمل سخت آئی ہے اس طرح بلوچستان کے عوام بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں قبول کرنے سے قاصر اور اضافے کی نوٹیفکیشن مسترد کرتی اور مطالبہ کرتی ہے کہ قیمتیں بڑھانے سے متعلق چاروں صوبوں سے قرارداد پاس ہونی چاہئے اس کے بعد عوامی مینڈیٹ یافتہ اراکین اسمبلی کے اعتماد کو بھی ٹھیس نہیں پہنچ سکے گی، انہوں نے بتایا کہ حالیہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سے حکومت نے عام آدمی کو پتھر کے دور میں دھکیل دیا بیروزگاری، مہنگائی اور کرایوں میں اضافے کا طوفان آئے گا عبدالستار کاکوزئی نے بتایا کہ پیٹرول مہنگا کرکے حکومت نے عام آدمی کو زندہ درگور کردیا اشیائے ضروریہ، سفر، نوکری، تعلیمی اداروں کو آنے جانے مشکل نہیں بلکہ ناممکن بنادیا ہے عبدالروف شاکر نے بتایا کہ راتوں رات پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا، جس سے عوام شدید متاثر ہوئے، نبی بخش سرپرہ نے بتایا کہ جب پیٹرول وافر مقدار میں موجود تھا تو 55 روپے اضافہ کیوں؟ اس سے پیٹرولیم کمپنیوں اور پمپ مالکان کو فائدہ پہنچایا گیا اس طرح اضافے سے سفر ناممکن اس طرح حالات میں اب عوام گاڑیاں چلانے سے بھی گریز کرینگی، "مہنگائی کا طوفان گھریلو اخراجات، بچوں کی فیسیں بڑھ گئیں، لہٰذا حکومت وقت سے اپیل ہے کہ ایسے خود ساختہ مہنگائی سے عوام سڑکوں پر آنے کیلئے مجبور ہونگی، انہوں نے بتایا کہ اگر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس نہیں لیا گیا تو اس کے بعد سے عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہوجائینگے۔

پی ٹی آئی کا 30واں یوم تاسیس تجدید عہد کا دن ہے، خورشید خان کاکڑ

پارٹی کے تمام پارلیمنٹیرینز اور اعلیٰ منصبداران کی کامیابی عمران خان کی بدولت ہے

30 سالہ خدمات کی پاداش میں عمران خان کو بیگناہ قید رکھا گیا ہے، صدر عارف کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان 30واں یوم تاسیس پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں 25 اپریل تجدید عہد اور عمران خان سے وفاداری کا دن ہے آج 30 سال کی قربانی کے بعد بھی عمران خان کو اعزازت کی بجائے بیگناہ پابند سلاسل رکھا گیا ہے۔ آج تحریک انصاف کے تمام پارلیمنٹیرینز اور اعلیٰ منصب پر فائز ممبران کی کامیابی عمران خان کی مرہون منت ہے۔ یہ بات پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے قائم مقام صوبائی ایڈوکیٹ خورشید خان کاکڑ، پی ٹی آئی کوئٹہ ڈویژن کے صدر عارف کاکڑ، سبی ڈویژن صدر جان بلوچ، ضلع کوئٹہ کے صدر سردار زین خلجی، آئی ایل ایف بلوچستان کے صدر ایڈوکیٹ سلام آغا، آئی ایس ایف کے شمشیر خان و دیگر نے تحریک انصاف بلوچستان کے زیر اہتمام یوم تاسیس کے موقع پر کہی عمران خان دیگر اسیران اور شہداء کے لیے دعا بھی کی گئی 30واں یوم تاسیس کا کیک کاٹا گیا جس میں سینئر قیادت، عہدیداران نے شرکت کی انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے تمام ورکرز، سپورٹرز اور ووٹرز کو 30ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتے ہیں 30 سال پہلے ہم نے "انصاف، انسانیت اور خودداری" کے بنیادی اصولوں کے تحت پاکستان تحریک انصاف کی بنیاد رکھی تھی اور آج تک اپنے منشور پر قائم ہے۔ تحریک انصاف وہ واحد جماعت ہے جو نا صرف آئینی اصولوں، عدلیہ کی آزادی اور اداروں کی خودمختاری کی علمبردار ہے بلکہ الیکشن کمیشن، نیب، پولیس سمیت تمام ریاستی اداروں کو کسی بھی قسم کے اثر و رسوخ سے پاک دیکھنا چاہتی ہے۔ ہم یہ یقین رکھتے ہیں کہ ملک میں تمام ریاستی ستونوں کو اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے۔ آج تحریک انصاف پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مقبول جماعت ہے۔ 8 فروری 2024 کو پاکستانی عوام نے ہمارے خلاف ہونے والی بدترین فسطائیت، سیاسی قید و بند، اور الیکشن مہم پر مکمل پابندی کے باوجود، ہمیں دو تہائی سے زیادہ اکثریت سے کامیاب کر کے یہ ثابت کر دیا کہ اصل طاقت عوام ہیں، اور وہ عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ کھڑے ہیں۔

لسبیلہ کے رہائشی عبدالواحد اور سونیا پریس کانفرنس کررہے ہیں

کلی شاہی کاریز میں صفائی مہم قابل تعریف ہے، شہزاد احمد لہڑی

علاقے میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے پر صفاء کوئٹہ کی ٹیم کے شکرگزار ہیں

کوئٹہ (پ ر) کلی شاہی کاریز ملک غلام سرور لہڑی کے شہزاد احمد لہڑی اور علاقہ مکینوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صفاء کوئٹہ کی کارکردگی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کلی شاہی کاریز میں نالیوں اور گلی کوچوں کی صفائی کی ابتر صورتحال تھی جسے صفاء کوئٹہ کی ٹیم نے بہتر بنا کر اہل علاقہ کے دل جیت لیے ہیں انہوں نے کہا کہ علاقے میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے پر کوارڈی نیٹر حسنین سپروائزر مرجان اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے، ہادی عسکری

صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر خان گورگیج کی قیادت میں پارٹی کو مزید منظم بنائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما انجینئر ہادی عسکری، صوبائی کونسل کے ممبر ملک عیسیٰ خان ہزارہ، خواتین ونگ کوئٹہ ڈویژن کی جنرل سیکرٹری عبدیہ بتول نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، بلوچستان میں صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر خان گورگیج، سردارزادہ صمد خان گورگیج کی قیادت میں پیپلز پارٹی کو فعال اور منظم بنانے کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے تمام یونٹوں کے عہدیداروں اور کارکنوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں پارٹی معاملات، علاقے کے مسائل اور بلدیاتی انتخابات و نئی حلقہ بندیوں سے متعلقہ امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے اپنے قیام سے لیکر آج تک عوام کے حقوق کیلئے ہمیشہ آواز بلند کی ہے اور جب بھی پارٹی برسراقتدار آئی عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے گئے۔ اجلاس کے آخر میں اس عہد کا اعادہ کیا گیا کہ علاقے کے مسائل حل کرنے اور پارٹی کو مزید فعال کرنے کے لئے صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج، علاقہ ایم پی اے سردارزادہ صمد خان گورگیج اور صوبائی رہنما انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں عملی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

یکم مئی مزدوروں کے حقوق کے جنگ کی علامت ہے، سید محمد بگٹی

اس دن نے مزدور تحریک کو ایک نئی جہت دی اور مضبوط آواز بن کر ابھری

کوئٹہ (آن لائن) چیف آرگنائزر، ریلوے ورکرز یونین (اوپن لائن) کوئٹہ ڈویژن سید محمد بگٹی نے کہا ہے کہ یکم مئی صرف ایک دن نہیں بلکہ یہ دنیا بھر کے محنت کشوں کی عظیم قربانیوں، جدوجہد اور حقوق کی جنگ کی علامت ہے۔ اس دن کی بنیاد تاریخی واقعے سے جڑی ہے، جس نے مزدور تحریک کو ایک نئی جہت دی اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ایک مضبوط آواز بن کر ابھری۔ جاری بیان میں کہا کہ ریلوے ورکرز یونین (اوپن لائن) کوئٹہ ڈویژن اس عزم کے ساتھ کھڑی ہے کہ مزدوروں کے حقوق کی حفاظت، ان کی فلاح و بہبود، اور ان کی آواز کو ایوانوں تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد جاری رکھے گی۔ شکاگو کے ان شہدا کو سلام جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ہمیں جینے کا حق دیا۔ ان کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں بعد ازاں 1889 میں اعلان کیا کہ ہر سال یکم مئی کو انٹرنیشنل ورکرز ڈے کے طور پر منایا جائے گا تاکہ ان شہدا کو خراج تحسین پیش کیا جا سکے اور مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد کو زندہ رکھا جائے۔ آج ہم جب یکم مئی مناتے ہیں تو ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ یہ دن صرف تعطیل یا رسمی تقاریب کا نام نہیں، بلکہ یہ عہد کرنے کا دن ہے کہ ہم اپنے حقوق کے لیے متحد رہیں گے، ظلم کے خلاف آواز بلند کریں گے، اور اپنے بزرگ مزدوروں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ پاکستان میں بھی مزدور طبقہ بے شمار مسائل کا شکار ہے، خصوصاً ریلوے کے محنت کش، جو دن رات ملک کی معیشت کا پہیہ چلاتے ہیں مگر خود بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ایسے میں ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم نہ صرف ان کے مسائل کو اجاگر کریں بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔

کوئٹہ: آغا عمر بنگلزئی، حاجی محمد اسحاق مینگل و دیگر معتبرین حاجی محمد رمضان بنگلزئی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

Pre Qualification Notice

The Procuring Agency for Works invites applications from eligible Applicants for supply of following items.Pre Qualification Notice **TSE-2526041028643 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to GetRegistered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB**

Document Fee 2000

S.No	Name of Items	Quantity Required
1	96101505-Multi Storey Apartment /Flats Construction	0

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Applicants:**

S.No	Factor Descriptions
1	3 similar experience from the date of registration with the regulator
2	1,672 Million PKR
3	Presence in Active Tax Payer List
4	Registration with BRA
5	PEC/ DRAP/ PTA etc
6	Capabilities with respect to construction or manufacturing
7	Capabilities with respect to personal, equipment and plant

Pre Qualification Documents: The Pre Qualification documents can be obtained from the office ofthe under-signed 2,000 PKR In the form of: Green Challan, (The NIP & Pre QualificationDocument can also be downloaded from www.bppra.org.pk)

Issuance of Pre Qualification Documents: From the date of publication of NIP to 10 May, 202611:00 AM during office hours on working days

Last Date of Application submission: The Pre Qualification must be submitted latest by 10 May,2026 till 10:00 AM at the office of the undersigned.

Pre Qualification Opening: All Pre Qualification will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM

Address: EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA

The Pre-Qualification Documents can be downloaded from E-Submission BPPRA Website(www.bppra.gob.pk).

Tender Documents: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically fromwww.bppra.gob.pk

Last Date of bid submission: Bid can only be submitted electronically latest by 10 May, 2026through supplier dashboard.

Tender opening: All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System

Executive Engineer
Maintenance-I CWPP&H Department
District Quetta

PRQ No.4766/25-4-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کوئٹہ انسٹیٹیوٹ فار ... کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

آل پاکستان نیوز پیپرز اینڈ الیکٹرانک میڈیا ایمپلائز کنفیڈریشن (اپنک) کے چیئرمین حاجی صدیق انظر اور سیکرٹری جنرل حاجی عبدالصمد مینگل اور سینئر عہدیداروں کے ساتھ گروپ فوٹو

مجھے اور خاندان کو انصاف اور تحفظ دیا جائے، جمیل احمد مینگل

سریاب میں میرے بیٹے اور ساتھیوں کو شہید، مجھے اور ساتھیوں کو زخمی کیا گیا

واقعہ کی تحقیقات ڈی آئی جی رینک کے ایماندار فرض شناس آفیسر سے کرائی جائیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قبائلی رہنما میر جمیل احمد مینگل نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر سمیت اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ چند روز قبل سریاب روڈ پر میرے بیٹے سمیت 3 نوجوانوں کو شہید کرنے اور مجھ سمیت 2 کو زخمی کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے واقعہ کی تحقیقات ڈی آئی جی رینک کے ایماندار فرض شناس آفیسر سے کرا کر حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ اور ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے میرے خاندان کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ 11 روز قبل میں اپنے بیٹے میر ہارون مینگل اور 3 ساتھیوں کے ہمراہ نہتے سریاب عدالت میں پیشی کے لئے آئے تھے کہ واپسی پر سریاب روڈ پر عدالت کے سامنے میری گاڑی پر دن دیہاڑے حملہ کر کے میرے بیٹے میر ہارون مینگل سمیت 3 افراد کو شہید اور مجھ سمیت 2 کو زخمی کر دیا گیا اور ملزمان موقع سے فرار ہوگئے تا حال پولیس نے ملزمان کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی اور نہ ہی ملزمان کو گرفتار کیا ہے حالانکہ ایس پی عبدالجبار اور اشرف کی جانب سے مجھ پر کوئٹہ اور نصیرآباد میں 15 سے 20 جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات درج کررکھے ہیں انہوں نے کہا کہ جس دن واقعہ ہوا اس دن بھی ہم نہتے تھے ہم قانون کی پاسداری چاہتے ہیں اور حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ واقعہ کی صاف اور شفاف غیر جانبدار تحقیقات کرا کر ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے میرے بیٹے سمیت 3 افراد کے قاتلوں کو سخت سزا دی جائے اور میرے خاندان کو تحفظ دیا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عبدالجبار اور اشرف نے ہماری زمینوں پر اور ہمارے بھائی کی بیوہ کے مکان پر بھی قبضہ کر رکھا ہے۔

میرا بیٹا مجیب بنگلزئی دو ماہ سے بغیر کسی اطلاع کے غائب ہے، عبدالرشید بنگلزئی

اگر وہ کسی مسلح تنظیم سے وابستہ ہوا ہے تو ہم اہلخانہ و خاندان اس سے لاتعلق ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سریاب بائی پاس کے رہائشی عبدالرشید نے کہا ہے کہ میرا بیٹا مجیب بنگلزئی دو ماہ قبل گھر سے چلا گیا ہے ان سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تا حال اس سے کوئی رابطہ نہیں ہوسکا اگر میرے بیٹے کا کسی مسلح تنظیم سے تعلق رہا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا مجیب بنگلزئی دو ماہ قبل گھر سے گیا تھا تا حال اس سے کوئی رابطہ نہیں ہوا رابطہ کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہوسکا قریبی تھانہ میں اطلاعی رپورٹ درج کرائی اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے رہا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

میرا بیٹا محمد وسیم ڈھائی ماہ سے بغیر کسی اطلاع کے غائب ہے، محمد حنیف

اگر وہ کسی مسلح تنظیم سے وابستہ ہوا ہے تو ہم اہلخانہ و خاندان اس سے لاتعلق ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ مشرقی بائی پاس کے رہائشی محمد حنیف نے کہا ہے کہ میرا بیٹا محمد وسیم گزشتہ ڈھائی ماہ قبل گھر سے نکلا ہے اسے تلاش کرنے اور رابطہ کرنے کی کوشش کی کوئی رابطہ نہیں ہوسکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے رہا تو میرا اور میرے خاندان کا کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا محمد وسیم گزشتہ ڈھائی ماہ قبل گھر سے نکلا ہے اس کو تلاش کرنے اور رابطے کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کوئی معلوم نہیں ہوسکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے رہا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

پاکستان ورکرز پارٹی (ن) کے چیئرمین خدائے دوست کاکڑ اور پائیو خان درانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بی آر اے اور پی آر اے ایل کے حکام کی ملاقات

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم، جس کی قیادت ممبر آڈٹ سید سکندر شاہ کر رہے تھے، نے اسلام آباد میں پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (PRAL) کی ٹیم کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں نئے آڈٹ مینجمنٹ سسٹم، سی آر ایف (CRF)، IRIS سسٹم، اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے اٹھائے گئے تکنیکی مسائل کے بروقت حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے آڈٹ کے عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز بنایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر بی آر اے کی جانب سے درپیش تکنیکی مسائل کو تکنیکی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ باہمی تعاون کے ذریعے ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے سروس ڈیلیوری اور ریونیو مینجمنٹ کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

مفتی احمد خان شہید اور ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی گئی

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین، رکن قومی اسمبلی "خوشحال خان کاکڑ"، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور خان کاکڑ اور دیگر سیاسی و قبائلی عمائدین نے کلی ملک عمر خان ایئرپورٹ روڈ پر واقع ماسٹر خان محمد کی رہائش گاہ پر مفتی احمد خان شہید اور ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری فقیر خوشحال خان کاسی، علاقائی معاون سیکرٹری راز محمد ولطیار، تاج الدین افغان، اور دیگر بھی موجود تھے۔

قبائلی رہنما میر جمیل احمد مینگل پریس کانفرنس کررہے ہیں

سریاب روڈ مشرقی بائی پاس کے رہائشی عبدالرشید پریس کانفرنس کررہے ہیں

فرح عدید خان انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) فرح عدید خان گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم سابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر عزیز نذیر احمد کے صاحبزادے، نجیب اللہ اور محمد قذافی کے بھائی، جبکہ پارٹی کے ہنہ اوڑک علاقائی سیکرٹری ہدایت افغان اور محمد افضل ایڈووکیٹ کے سالے تھے۔ مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے انتقال پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ندا خان سنگر، رحمت اللہ صابر، زمان خان کاکڑ، باز محمد پشتون، ضلع ڈپٹی سیکرٹری حاجی عبدالعلی، اور علاقائی سینئر معاون ناصر خان کاکڑ نے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی شابان چوک، کلی عیسیٰ خیل مسجد اوڑک میں جاری ہے۔

اسامیاں خالی ہیں

1۔ 136 آرڈننس یونٹ کوئٹہ کینٹ میں درج ذیل اسامیاں خالی ہیں۔ خواہشمند امیدوار اپنی درخواستیں اشتہار شائع ہونے کے 15 دن کے اندر ارسال کریں۔

2۔ خواہشمند امیدوار اپنی درخواستیں کے بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ بمعہ دو عدد تصاویر اور تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول کی دو کاپیاں بنام کمانڈنگ آفیسر 136 آرڈننس یونٹ کے نام ارسال کریں۔

3۔ درخواست اور لفافہ کے اوپر اپلائی کی گئی اسامی کا نام واضح طور پر لکھیں۔

4۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائیں گی۔ پیشہ ورانہ اور قابلیت اور تجربہ رکھنے والے درخواست دہندگان کو ترجیح دی جائے گی۔

نمبر شمار	نام اسامی	تنخواہ کا بنیادی سکیل	اسامیوں کی تعداد	کوٹہ	تعلیمی قابلیت اور تجربہ
1	ایل ڈی سی	11	1	بلوچستان	ا۔ میٹرک ب۔ سلیکشن کی صورت میں این آئی ٹی بی سے 3 ہفتوں کی بنیادی آئی ٹی ٹریننگ کورس بمعہ ایم ایس آفس پروبیشن پیریڈ کے دوران کرنا لازم ہوگا۔ ج۔ کمپیوٹر پر ٹائپنگ سپیڈ 30 الفاظ فی منٹ
2	ہائی سکلڈ مستری (وہیکل مکینک)	10	1	بلوچستان	ا۔ میٹرک ب۔ کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایک سال کا مکینیکل ڈپلومہ ج۔ متعلقہ فیلڈ میں ایک سال کا تجربہ
3	ہائی سکلڈ مستری (آٹو الیکٹریشن)	10	1	بلوچستان	ا۔ میٹرک ب۔ کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایک سال کا الیکٹریکل ڈپلومہ ج۔ متعلقہ فیلڈ میں ایک سال کا تجربہ
4	اسسٹنٹ سٹور کیپر	9	1	بلوچستان	ا۔ میٹرک ب۔ کمپیوٹر اپلیکیشنز میں چھ ماہ کا ڈپلومہ ج۔ کسی بھی منظور شدہ ادارے سے سٹور رکھنے اور سٹور مینجمنٹ میں 01 سال متعلقہ فیلڈ میں کام کا تجربہ۔
5	سٹور مین	7	8	بلوچستان	ا۔ میٹرک ب۔ کمپیوٹر اپلیکیشنز میں چھ ماہ کا ڈپلومہ ج۔ کسی بھی منظور شدہ ادارے سے سٹور رکھنے اور سٹور مینجمنٹ میں 01 سال متعلقہ فیلڈ میں کام کا تجربہ۔ **یا** ا۔ تمام آرمز/سروسز یا انٹیلیجنس کا تجربہ رکھنے والے جے سی اوز/ این سی اوز ب۔ کمپیوٹر اپلیکیشنز میں چھ ماہ کا ڈپلومہ
6	سول ڈرائیور	4	5	مقامی	ا۔ مڈل ب۔ ایچ ٹی وی ڈرائیونگ لائسنس ہولڈر
7	پینٹر	3	1	مقامی	ا۔ مڈل ب۔ متعلقہ فیلڈ میں دو سال کا تجربہ
8	کارپینٹر	3	2	مقامی	ا۔ مڈل ب۔ متعلقہ فیلڈ میں دو سال کا تجربہ

5۔ تمام امیدواروں کے لئے محکمانہ امتحان پاس کرنا لازم ہوگا۔

6۔ امیدوار درخواست کے ساتھ 500 روپے کا پوسٹل آرڈر (ناقابل واپسی) بنام کمانڈنگ آفیسر 136 آرڈننس یونٹ کوئٹہ کینٹ لگانا ضروری ہوگا جو 3 ماہ سے زیادہ پرانا نہ ہو اور درخواست کے اوپر پوسٹل آرڈر نمبر بمعہ تاریخ لازمی لکھیں پوسٹل آرڈر نہ ہونے یا ڈاکخانہ سے کیش نہ ہونے کی صورت میں درخواست مسترد کر دی جائے گی۔

7۔ بلوچستان اور سندھ دیہی کے امیدواروں کے لئے عمر کی حد 28 سال ہے تاہم مسلح افواج سے ریٹائرڈ افراد کیلئے عمر کی حد 45 سال ہے اور باقی صوبوں کے لئے عمر کی حد 25 سال ہے۔ عمر کی بالائی حد میں رعایت گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق دی جائے گی۔

8۔ خواتین اور معذور افراد کے لئے کوٹہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق مختص ہے۔

9۔ پہلے سے سرکاری ملازمین تھرو پراپر چینل اپلائی کریں اور این او سی کی کاپی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

10۔ صرف کامیاب امیدواران کو ٹیسٹ/ انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔

11۔ ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے آنے جانے کا کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔ امیدوار اپنی رہائش کا خود ذمہ دار ہوگا۔

12۔ درخواست میں اپنا مکمل پتہ اور موبائل فون نمبر ضرور لکھیں تاکہ آپ سے رابطہ کیا جا سکے فون بند اور ایڈریس غلط ہونے کی صورت میں ذمہ داری امیدوار پر ہوگی نامکمل درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

13۔ ایک امیدوار بیک وقت صرف ایک اسامی کے لئے درخواست دینے کا اہل ہے۔ ایک سے زیادہ درخواستیں دینے کی صورت میں دونوں درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔

کمانڈنگ آفیسر 136 آرڈننس کوئٹہ کینٹ

عائشہ نے عدالت میں اسلام قبول اور مجھ سے نکاح کیا، عبدالواحد

میرے اور اہل خانہ کیخلاف اغواء کا مقدمہ جبکہ میرے والد کو قید کر دیا گیا ہے

بغیر کسی دباؤ اور لالچ کے اسلام قبول کرکے عبدالواحد سے شادی کی ہے، عائشہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) لسبیلہ کے رہائشی عبدالواحد نے کہا ہے کہ میں نے عائشہ سے عدالت میں اسلام قبول کرنے کے بعد نکاح کیا ہے لڑکی کے والدین نے میرے اور میرے والد، بھائی پر مقدمہ درج کروا کر میرے والد کو قید کر رکھا ہے ہمیں تحفظ دلا کر میرے والد کو ان کے چنگل سے رہا کرایا جائے۔ یہ بات انہوں نے اپنی بیوی عائشہ بی بی اور اپنے بھائی اور دیگر کے ہمراہ ہفتے کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا تعلق لسبیلہ سے ہے اور میں نے سونیہ بی بی سے اسلام قبول کرنے کے بعد اس کا اسلامی نام عائشہ رکھا ہے۔ اور عدالت میں بغیر کسی دباؤ کے نکاح کیا ہے لیکن لڑکی کے والدین نے میرے اور میرے والد، بھائی کے خلاف سونیہ کے اغواء کا مقدمہ درج کر رکھا ہے اس لئے ہم اپنے آپ کو بچانے کیلئے کوئٹہ آئے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ ہمارے خلاف درج کیا گیا جھوٹا مقدمہ ختم کیا جائے اور میرے والد ان کے چنگل سے رہا کیا جائے اور ہمیں تحفظ دیا جائے ایک سوال کے جواب میں عائشہ بی بی بتایا کہ میں نے بغیر کسی دباؤ اور لالچ کے اسلام قبول کرکے عبدالواحد سے شادی کی ہے۔

متحدہ مینگل قومی تحریک کے سربراہوں نے فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (پ ر) متحدہ مینگل قومی تحریک کے پریس ریلیز کے مطابق گزشتہ روز بروری روڈ پر جامع مسجد میں ایک وفد چیف انجنیئر میٹرو پولیٹن حاجی اسحاق مینگل، حاجی علی احمد، ایکسین اور حاجی نور محمد مینگل کے جوان سال میر آدم خان مینگل کے وفات پر فاتح خوانی کی وفد میں مرکزی چیف آرگنائزر میر ہدایت اللہ خان اصغر علی جے یو آئی کے سالار بابل مینگل نور احمد اور حشمت اللہ، ملک حفیظ کاسی شامل تھے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں۔

ANP کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس آج طلب

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس آج اتوار 26 اپریل کو صبح 10 بجے کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوگا۔

اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے معروف سیاسی وسماجی شخصیت سابقہ وزیر داخلہ بلوچستان آغا عمر بنگلزئی کوئٹہ چیف انجینئر میٹروپولیٹن حاجی محمد اسحاق مینگل ارباب ادریس کاسی محمد آصف مینگل خدا بخش لاشاری و دیگر نکری حاجی محمد رمضان بنگلزئی کے انتقال پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

منتخب لیگی رہنما عوامی خدمت پر کمربستہ ہیں، نور احمد

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما نور احمد محمد حسنی، رفیق جنگ، عبدالمالک سمالانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل بلا رنگ ونسل کوئٹہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں دونوں رہنماؤں نے دو سال کے دوران اپنے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی عام انتخابات میں قوم پرست جماعتوں کے گڑھ پشتون آباد سے کامیاب ہوئے جس کے بعد انہوں نے حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں جس حلقے کے عوام مستفید ہو رہے ہیں اور پشتون آباد اور گردونواح اب مسلم لیگ (ن) کا گڑھ بن چکا ہے

بلوچستان میں کسی کی جان و مال محفوظ نہیں، خدائے دوست کاکڑ

ہم نے ہمیشہ قیام امن، مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے آواز اٹھائی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان ورکرز پارٹی بلوچستان کے سربراہ خدائے دوست کاکڑ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ جنگ کے درمیان پاکستان کی جانب سے بہترین سفارتکاری سے خطے میں امن قائم ہورہا ہے اور آج پوری دنیا میں پاکستان کا نام گونج رہا ہے ہم نے ہمیشہ بلوچستان میں امن کی بحالی اور پھیلی ہوئی مایوسی، مہنگائی، بے روزگاری کے خاتمے کے لئے آواز اٹھائی ہے اس لئے لوگ جوق در جوق ہماری جماعت میں شامل ہورہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پائیو خان درانی کی اپنے ساتھیوں سمیت پارٹی میں شامل ہونے کے موقع پر ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ آج جو صورتحال بلوچستان میں ہے کسی کی جان و مال محفوظ نہیں ہر روز بے گناہ لوگ قتل ہورہے ہیں اور سیکورٹی فورسز اور عوام محفوظ نہیں جبکہ بلوچستان دن بدن پستی کی جانب جارہا ہے جس کی بڑی وجہ بدامنی، بے روزگاری اور مہنگائی ہے جس کو دور کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ہم موروثی سیاست پر یقین نہیں رکھتے جس طرح وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے جو اقدامات اٹھائے گئے ہیں اس کی وجہ سے بہتر سفارتکاری سے خطے میں امن بحال ہورہا ہے اور پاکستان کا نام دنیا بھر میں گونج رہا ہے اور پوری دنیا پاکستان کی امن کیلئے کاوشوں کی تعریف کررہی ہے انہوں نے شامل ہونے والوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ: صفائی کا منتظر کچرے میں نشئی اپنا رزق تلاش کر رہا ہے

مدارسِ دینیہ ہماری دینی، تعلیمی اور نظریاتی اساس ہیں، حافظ حبیب الرحمٰن

مدارس پر کسی قسم کا جبر یا قدغن ہرگز قابل قبول نہیں، حافظ عابد اللہ حنفی، محمد اسماعیل

کوئٹہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن، ناظم عمومی حافظ عابد اللہ حنفی، محمد اسماعیل مری، حافظ موسیٰ، حافظ اکرام اللہ کاکڑ، حافظ سعید احمد ربانی، عبدالقاہر رودینی، عبدالمنتقم حنفی تیک محمد ولی، محمد سلطان ایوبی، نیاز محمد، نعمت اللہ مبشر، اور دیگر اراکین عاملہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مدارسِ دینیہ ہماری دینی، تعلیمی اور نظریاتی اساس ہیں، جن پر کسی قسم کا جبر یا قدغن ہرگز قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے مدارس کے خلاف اقدامات، خصوصاً زبردستی سیل کرنا، نہ صرف اسلامی تعلیمات بلکہ جمہوری اقدار کے بھی سراسر منافی ہے۔ قومی اسمبلی سے متعلقہ قانون سازی کے باوجود مدارس کو سوسائٹی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن سے محروم رکھنا اور انہیں مخصوص اداروں کے ماتحت کرنے کی کوشش آئینی تقاضوں سے انحراف کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہر سطح پر دینی مراکز کے تحفظ اور آئین کی بالادستی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی مدارس ہماری ریڈ لائن ہیں، جن پر کوئی سمجھوتا ممکن نہیں۔ بیان میں صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی جانب سے سرکاری تقریبات کے بائیکاٹ اور احتجاجی تحریک کے اعلان کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ جمعیت طلباء اسلام کے کارکنان اپنے قائدین کی ہر آواز پر لبیک کہتے ہوئے ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہیں۔

مشرقی بائی پاس کے رہائشی محمد حنیف پریس کانفرنس کررہے ہیں

کوئٹہ میں گیس اور بجلی لوڈشیڈنگ اذیت ناک ہے، بصیر بارکزئی

کوئٹہ (اے این این) جمہوری وطن پارٹی کے سینئر صوبائی نائب صدر حاجی بصیر خان بارکزئی نے اپنے بیان میں کہا کہ کوئٹہ شہر سمیت دیگر اضلاع میں گیس بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی مریض بنادیا ہے بلوچستان کے عوام ہر قسم بنیادی حقوق سے محروم ہے موجودہ حکومت دن بہ دن عوام عوام میں غیر مقبول ہوتا جارہا ہے کیونکہ حکومتی پالیسی عوام کی امنگوں کے مطابق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے نکلنے والا گیس سے بلوچستان کے عوام محروم ہے ملک دیگر صوبوں میں نہ گیس کی اور نہ ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ہے یہ سوتیلی ماں جیسی سلوک بلوچستان کے ساتھ روا رکھا گیا عوام ارباب اختیار و اقتدار سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہوش کی ناخن لیں اپنی جیبیں بھرنے کے بجائے عوام پر رحم کریں بلوچستان میں ایک طرف بارڈروں کی بندش کی وجہ سے عوام بیروزگاری اور مہنگائی کے شکار ہے

ایمل ساروان کے گھر پر چھاپے اور نظربندی کی مذمت کرتے ہیں، پی ایس او

چادر اور چار دیواری کا تقدس کی پامال اور بنیادی شہری حقوق کی خلاف ورزی کی گئی

ژوب (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی پریس ریلیز میں اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ چار دن گزرنے کے باوجود صوبائی سینئر معاون سیکرٹری ایمل ساروان کا نام تا حال 3MPO سے واپس نہیں لیا گیا۔ ژوب میں ایمل ساروان کے گھر پر پولیس کے چھاپے اور انہیں 3MPO کے تحت نظر بند کرنے کے اقدام کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یہ کارروائی نہ صرف چادر اور چار دیواری کے تقدس کی کھلی پامالی ہے بلکہ بنیادی شہری و آئینی حقوق کی سنگین خلاف ورزی بھی ہے۔ ایک پرامن سیاسی و طلبہ رہنما کے خلاف اس نوعیت کا رویہ ریاستی اختیارات کے غلط استعمال کی واضح مثال ہے۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ایک خالص، عوامی اور نظریاتی طلبہ تنظیم ہے جو سرزمین پشتونخوا کی نمائندہ آواز کے طور پر ہمیشہ اپنے عوام کے حقوق، تعلیم اور شعور کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے اور کرتی رہے گی۔ ایمل ساروان، جو تنظیم کے صوبائی سینئر معاون سیکرٹری ہیں، ان کی یہ تنظیمی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ تعلیم، عوامی مسائل اور ترقی سے متعلق امور کو اجاگر کریں ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ایمل ساروان کے خلاف کارروائی فوری طور پر واپس لی جائے اور ذمہ دار اہلکاروں کا احتساب کیا جائے۔ اگر فوری طور پر یہ فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اس جابرانہ قانون کے خلاف ملک بھر میں ایک بھرپور احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہوگی۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے کارکنوں کے ساتھ کھڑی ہے

دیدار علی جمالی کا علاقائی مسائل کے حل کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ (آن لائن) گنداخہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر دیدار علی خان جمالی نے کہا ہے کہ گزشتہ روز صوبائی وزیر لائیوسٹاک بلوچستان سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کی گنداخہ شہر میں بنگلہ الحاج میر جبل خان جمالی آمد ہوئی جس کا تہہ دل سے خیر مقدم کرتا ہوں اور میں اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے کوئٹہ میں ہونے کی وجہ سے سردار زادہ میر فیصل خان جمالی سے نہ مل سکا مگر میں امید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اگلی دفعہ جب وہ ہمارے ہاں تشریف لائیں گے تو میں انشاء اللہ موجود رہوں گا وہ علاقے کے عوام کی خدمت، بنیادی مسائل کے حل اور پائیدار امن و امان کے قیام کے لیے دن رات محنت جاری رکھوں گا یہ بات انہوں نے اے پی پی نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نظر محمد سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہی میر دیدار علی جمالی نے کہا کہ گنداخہ اور گردونواح کے علاقوں کو اس وقت مختلف مسائل کا سامنا ہے جن میں پینے کے صاف پانی کی کمی، صحت اور تعلیم کی ناکافی سہولیات، سڑکوں کی خستہ حالی اور بے روزگاری جیسے اہم مسائل شامل ہیں

کوئٹہ: عالمی یوم کتاب کے موقع پر طلباء وطالبات کتابیں دیکھ رہے ہیں

گرمیوں کی آمد کیساتھ مٹکوں کی فروخت شروع جسے بچیاں حیرت سے دیکھ رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

طلبا کامیابی کیلئے کتابی علم کیساتھ عملی تجربے کو بھی اپنی تعلیم کا حصہ بنائیں، رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ

ناصر خان یوسف زئی کا لا کالج کوئٹہ میں لا ان پریکٹس کیریئر فیئر کے عنوان سے تربیتی سیشن سے خطاب

وکالت ایک ذمہ دارانہ پیشہ ہے جس میں دیانتداری، مسلسل محنت اور قانون کی گہری سمجھ بنیادی حیثیت رکھتی ہے، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل لا کے زیر اہتمام اور ایشیا فاؤنڈیشن کے تعاون سے لا کالج کوئٹہ کے طلبا کیلئے "لا ان پریکٹس کیریئر فیئر" کے عنوان سے ایک تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں قانونی شعبے سے وابستہ ممتاز شخصیات نے شرکت کی اور طلبا کی رہنمائی کی۔ تقریب سے رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ ناصر خان یوسف زئی، کنسلٹنٹ و ماہر قانونی امور اور سپریم کورٹ کے وکیل قاسم خان مندوخیل ایڈووکیٹ، پرنسپل لا کالج عصمت اللہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری تعلیم عبدالسلام اچکزئی، کارپوریٹ سیکٹر کے ماہر قانون ایمل کاکڑ ایڈووکیٹ اور خاتون وکیل انم خیر ایڈووکیٹ نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں طلبا پر زور دیا کہ وہ قانون کے شعبے میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے محض کتابی علم پر انحصار نہ کریں بلکہ عملی تجربے کو بھی اپنی تعلیم کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ وکالت ایک ذمہ دارانہ پیشہ ہے جس میں دیانتداری، مسلسل محنت اور قانون کی گہری سمجھ بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ناصر خان یوسف زئی نے عدالتی نظام کے عملی پہلوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ طلبا کو عدالتوں کے ماحول کو قریب سے دیکھنا چاہیے تاکہ انہیں حقیقی پیشہ ورانہ تقاضوں کا ادراک ہو سکے۔ قاسم خان مندوخیل ایڈووکیٹ نے سپریم کورٹ میں پیش آنے والے اہم مقدمات کے تجربات شیئر کرتے ہوئے نوجوان وکلا کو تحقیق اور تیاری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ پرنسپل عصمت اللہ کاکڑ نے تعلیمی اداروں کے کردار پر بات کرتے ہوئے کہا کہ لا کالج طلبا کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ اسپیشل سیکرٹری تعلیم عبدالسلام اچکزئی نے تعلیم کے فروغ اور پیشہ ورانہ مہارتوں کی ترقی پر زور دیا۔ ایمل کاکڑ ایڈووکیٹ نے کارپوریٹ لا کے مواقعوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ طلبا اس شعبے میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکتے ہیں، جبکہ انم ایڈووکیٹ نے خواتین وکلا کو درپیش چیلنجز اور مواقعوں پر گفتگو کی اور طالبات کو اس میدان میں آگے آنے کی ترغیب دی۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیتے ہوئے قانون کے شعبے میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ: میر کبیر محمد شہی اور دیگر نیشنل پارٹی ہزارہ ٹاؤن آفس کا افتتاح کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کی اقوام متحدہ کے حکام سے ملاقات

باہمی احترام اور پیشہ ورانہ تعاون کے اظہار کے طور پر شیلڈز کا تبادلہ

یو این امن مشنز کے لیے افسران کے انتخاب کے حوالے سے تفصیلی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی اقوام متحدہ کی SAAT ٹیم کے ساتھ ملاقات آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اقوام متحدہ کی سلیکشن اسسٹنس اینڈ اسیسمنٹ ٹیم (SAAT) کے ساتھ بین الاقوامی پولیس معیار، پیشہ ورانہ تربیت اور بین الاقوامی معیار کے مطابق صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ پاکستان پولیس افسران کی پیشہ ورانہ استعداد اور تربیت کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ

وہ عالمی امن مشنز میں بہتر انداز میں خدمات سرانجام دے سکیں۔ مزید برآں، اس موقع پر باہمی احترام اور پیشہ ورانہ تعاون کے اظہار کے طور پر شیلڈز کا تبادلہ کیا گیا، جو اسلام آباد پولیس کے معیار برتری اور عالمی امن کے قیام کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام متحدہ مشن کے لیے پاکستان پولیس افسران کی تعیناتی کے سلسلے میں SAAT کا عمل پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں کامیابی سے مکمل کیا گیا۔ ایس ایس پی سیف سٹی اویس علی خان کو SAAT ٹیم کے لیے فوکل پرسن نامزد کیا گیا، جبکہ اسلام آباد پولیس نے اس عمل کے مؤثر اور ہموار انعقاد کے لیے بہترین انتظامات یقینی بنائے۔ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر باہمی احترام اور پیشہ ورانہ تعاون کے اظہار کے طور پر شیلڈز کا تبادلہ بھی کیا گیا، جو اسلام آباد پولیس کے معیار برتری اور عالمی امن کے قیام کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اقوام متحدہ کے مشن کے لئے پاکستان پولیس افسران کی تعیناتی کے سلسلے میں موجود سلیکشن اسسٹنس اینڈ اسیسمنٹ ٹیم (SAAT) کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں UN امن مشنز کے لیے افسران کے انتخاب کے

عوام کی خدمت اولین ترجیح ہے، شیخ زرک خان مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اپنے حلقے میں عوامی مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کرتے ہوئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر دیا ہے عوام کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنے حلقے کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، یہ بات انہوں نے علاقے کے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، تعلیم، صحت اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا بھی ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

ضلع مستونگ میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، مشیر بلدیات

امیر حمزہ خان زہری سے پیپلز پارٹی کے رہنما شادین خان شاہوانی کی قیادت میں مستونگ کے وفد کی ملاقات

بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں، قبائلی تنازعات، اور سیاسی و علاقائی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و قبائلی شخصیت نوابزادہ شادین خان شاہوانی کی قیادت میں ضلع مستونگ کے وفد نے جھالاوان ہاس کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات کے دوران محکمہ بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں، قبائلی تنازعات، اور سیاسی و علاقائی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وفد نے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کو اپنے درپیش مسائل سے آگاہ کیا صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے وفد کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ضلع مستونگ میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، جبکہ علاقے کی ترقی کے لیے مزید منصوبے بھی شروع کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے، جس کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے اس موقع پر نوابزادہ شادین خان شاہوانی نے نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کا شکریہ ادا کیا اور ضلع مستونگ کی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی میں طلباء وطالبات کا وائس ایڈمرل عابد حمید کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈی ای او صحبت پور کی خدمات قابل تحسین ہیں، یعقوب لانگو

ٹانجھی پور (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن ٹانجھی پور کے ارکان اختیار احمد کٹبار، محمد یعقوب لانگو، محمد صلاح چانگ اور محمد سکندر لانگو نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع صحبت پور کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد پنھل کھوسہ کی تعلیمی میدان میں غیر معمولی خدمات اور سکول داخلہ مہم میں ضلع صحبت پور کو صف اول میں لانے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز خان بگٹی کی جانب سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں خصوصی تعریفی شیلڈ سے نوازا گیا ہے جو ضلع بھر کے تمام اساتذہ کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمد پنھل کھوسہ کی کاوشوں کی بدولت سینکڑوں بچے جو سکولوں سے باہر تھے اب تعلیمی سفر کا حصہ بن چکے ہیں۔ ہم محترم ڈی ای او صاحب کو اس بڑے اعزاز کے حصول پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہوئے امید کرتے ہیں کہ ان کی سربراہی میں ضلع صحبت پور میں تعلیم کا معیار مزید بلند ہوگا۔۔۔

سبزی منڈی تا زیرو پوائنٹ شمسی اسٹریٹ لائٹس لگائی جائیں، عوام کا مطالبہ

شاہراہ پر سرِ شام اندھیرا ہونے سے چوری کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں، علاقہ مکین

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے عوامی و سیاسی حلقوں نے خضدار سبزی منڈی سے زیرو پوائنٹ تک قومی شاہراہ پر شمسی اسٹریٹ لائٹس کی فوری تنصیب کا مطالبہ کیا ہے تفصیلات کے مطابق خضدار سبزی منڈی تا زیرو پوائنٹ لے مقام تک قومی شاہراہ پر رات کی تاریکی میں اکثر حادثات رونما ہوتے ہیں لائٹس سے ڈرائیورز کو بہتر حد نگاہ ملے گی اور روشنی کی موجودگی سے چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی حوصلہ شکنی ہوگی شمسی لائٹس سے خضدار جو بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے اس کی رونق اور ماحول بہتر ہوگا خضدار کی آبادی لاکھوں میں ہے اور ٹریفک کا نظام بھی متاثر ہو رہا ہے، ان کی تنصیب سے لائٹس کا نظام بہتر ہوگا خضدار کے شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے اپیل کی ہے کہ عوام کے اس دیرینہ مطالبے کو منظور کرکے سی تا زیرو پوائنٹ خضدار تک فوری شمسی اسٹریٹ لائٹس لگائی جائیں یہ منصوبہ نہ صرف جانی و مالی تحفظ دے گا۔

صحبت پور: صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کو چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات بشیر احمد ناصر ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ تاجروں کا معاشی قتل ہے، کاشف حیدری

پٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے سے خورد و نوش کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کو عوام اور تاجروں کے خلاف معاشی قتل عام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہی جھٹکے میں پٹرول کی قیمت میں 26 روپے اضافہ اور نئی قیمت کا 400 روپے فی لیٹر کے قریب پہنچ جانا مہنگائی کے سونامی کو دعوت دینے کے مترادف ہے، پٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بے قابو اضافہ اور کاروباری اخراجات میں کئی گنا اضافہ یقینی ہو جاتا ہے جبکہ پہلے ہی بازار شدید مندی کا شکار اور عوام کی قوت خرید ختم ہوتی جا رہی ہے جس کے باعث تاجر برادری بدترین معاشی دباؤ کا سامنا کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ پٹرول کی قیمت 400 روپے کے قریب پہنچنا معیشت کیلئے خطرناک اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے تباہ کن ہے، اگر فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس نہ لیا گیا تو مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا اور چھوٹے کاروبار مکمل طور پر بند ہونے کا خدشہ ہے لہٰذا حکومت فوری طور پر اضافہ واپس لے اور تاجروں و عوام کو ریلیف فراہم کرے بصورت دیگر تاجر برادری احتجاج سمیت سخت لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔

بیواؤں اور یتیموں کا حق کھانے والوں کی سیاست شرمناک ہے، صوبدار خان جنگ

عبید گورگیج نے، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے سے مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی ایگزیکٹو رکن پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر صوبدار خان جنگ پی پی کے صوبائی رہنما میر عبدالنبی سالانی احمد جان ترین میر بٹے خان جنگ فیصل محمد حسنی عاصم ریسانی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہمارے علاقے کے معزز رکن صوبائی اسمبلی، حاجی عبید گورگیج نے اپنی انتھک محنت، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے سے مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی اور عملی اقدامات کے ذریعے علاقے کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کیا جو کہ ایک قوم پرست پارٹی کو ہضم نہیں ہو رہا۔ انکی بچگانہ تعصبانہ اور قوم پرستی والی سیاست سے سریاب کی عوام اچھی واقف ہے۔ سریاب کی بیواؤں اور یتیموں کا پیسہ کھانے والوں کے لیے سیاست کرنا شرم کی مقام ہے حلقے کے ایم پی اے میر عبید اللہ گورگیج نے کیا کیا؟ آپ کے نظام کی تنصیب سے گلیوں اور محلوں میں جمع ہونے والے پانی اور تعفن سے نجات ملی، جس سے عوام کو صاف اور صحت مند ماحول میسر آیا۔ ان تمام ترقیاتی کاموں سے واضح ہوتا ہے کہ حاجی عبید گورگیج صاحب ایک مخلص، باصلاحیت اور عوام دوست رہنما ہیں جو عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں جو قوم پرستی کرنے والوں کو ہضم نہیں ہو رہا ہے۔۔۔

میر خیام جمالدینی کو ڈی ایس پی بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، سلیم دوست جمالدینی

کوئٹہ (آن لائن) میر خیام جمالدینی کو ڈی ایس پی ایف آئی اے کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ سلیم دوست جمالدینی بلوچستان عوامی پارٹی کے سنٹرل کمیٹی کے ممبر سابق چیئرمین میر سلیم دوست جمالدینی نے اپنے ایک بیان میں میر خیام جمالدینی کو ڈی ایس پی ایف آئی اے کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ میر خیام جمالدینی کی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی انکی پیشہ ورانہ قابلیت کا منہ بولتا ثبوت ہے فرزند نوشکی نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا کر ترقی پائی اہلیان نوشکی اور اقوام جمالدینی کی طرف سے ہم ڈی ایس پی میر خیام جمالدینی کو ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔۔۔

گریجویٹس عملی زندگی میں انسانیت کی خدمت کا عزم اپنائیں، وائس ایڈمرل عابد حمید

پروفیسر نازلی نے طلبہ اور ان کے اہلِ خانہ کو اس اہم سنگِ میل کے حصول پر مبارکباد دی

بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی کے کانووکیشن میں 145 طلبہ کو مختلف پروگرامز میں ڈگریوں سے نوازا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی میں 25 اپریل 2026 کو 12 ویں کانووکیشن کا انعقاد ہوا۔ اس پروقار تقریب میں ریکٹر بحریہ یونیورسٹی وائس ایڈمرل عابد حمید، ہلال امتیاز (ملٹری) اور وائس چانسلر ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، پروفیسر نازلی حسین جیسی معزز شخصیات نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں ریکٹر بحریہ یونیورسٹی، وائس ایڈمرل عابد حمید، ہلال امتیاز (ملٹری) نے فارغ التحصیل طلبہ کو تعلیمی میدان میں شاندار کامیابیوں پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے والدین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی بے لوث حمایت اور قربانیوں کو طلبہ کی کامیابی کی بنیاد قرار دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے گریجویٹس پر زور دیا کہ وہ عملی زندگی میں دیانتداری کو اپنا شعار بنائیں، علم کے حصول کا سفر جاری رکھیں اور انسانیت کی خدمت کا عزم اپنائیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے تقریب کی مہمان خصوصی، پروفیسر نازلی حسین نے تمام کامیاب طلبہ اور ان کے اہلِ خانہ کو اس اہم سنگ میل کے حصول پر مبارکباد دی۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ اپنے کیریئر کو جستجو، دیانتداری اور لگن کے ساتھ آگے بڑھائیں اور اپنی مادرِ علمی کی دی گئی اعلیٰ اقدار کو اپنائے رکھیں۔ اس موقع پر انہوں نے تعلیم کے ذریعے قومی ترقی میں کردار پر پاکستان نیوی کی خدمات کو سراہا اور بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی کی طبی و تحقیقی سرگرمیوں میں پی این ایس شفا کے کلینیکل تعاون کو اہم قرار دیا۔ کانووکیشن میں 145 طلبہ کو مختلف پروگرامز میں ڈگریوں سے نوازا گیا، جن میں ایم فل، ایم بی بی ایس، بی ڈی ایس، ڈی پی ٹی، بی ایس نرسنگ اور ایم ایل ٹی شامل ہیں۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو امتیازی اسناد اور میڈلز بھی دیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر، بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی کے ڈائریکٹر جنرل، وائس ایڈمرل (ر) اطہر مختار، ہلال امتیاز (ملٹری) نے مہمانان خصوصی کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔ اس موقع پر ڈین، ڈائریکٹرز، پاکستان نیوی کے سینئر افسران، رجسٹرار بحریہ یونیورسٹی کے علاوہ میڈیکل، ڈینٹل اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے شعبوں سے وابستہ دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں، بخت محمد کاکڑ

ڈاکٹروں و عملے کی کمی کو پورا کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، وزیر صحت بلوچستان

ادویات کی شفاف فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، جدید طبی آلات کی فراہمی اور ڈاکٹروں و عملے کی کمی کو پورا کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں بنیادی مراکز صحت کو فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو اپنے علاقوں میں ہی علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماں اور بچے کی صحت کے پروگرامز کو بھی مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے، جبکہ ایمرجنسی سروسز کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی فنڈز مختص کیے گئے ہیں وزیر صحت نے مزید کہا کہ صوبے میں ادویات کی شفاف فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات سے نہ صرف عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ صحت کے شعبے پر عوام کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔

چوہدری ملک شمیم خان سے ق لیگ کے مرکزی نائب صدر ایس آر ناصر مسلم ملاقات کر رہے ہیں

نصیر آباد پولیس نے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد پولیس کی کاروائی پانچ ملزمان گرفتار چھینی گئی ون ٹو فائیو موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی پولیس کے مطابق چھتر پولیس نے ایک خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر ایک اشتہاری ملزم عبدالخالق ولد جعفر جتوئی کو گرفتار کرلیا جبکہ تبی پولیس نے ایک کاروائی کے دوران دو اشتہاری ملزمان وزیر خان اور عبدالطیف کو گرفتار کرلیا جو کہ پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس نے سندھ کے علاقے میں کاروائی کرتے ہوئے ڈیرہ مراد جمالی اعجاز بگٹی کے گھر سے دن دھاڑے ون ٹو فائیو موٹر سائیکل چھیننے والے دو ملزمان کو گرفتار کرکے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرلی پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی

ڈیرہ مراد جمالی میں بم دھماکے سے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچا

کوئٹہ (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں دھماکے سے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو ڈیرہ مراد جمالی میں صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کی رہائش گاہ کے قریب نصب بجلی کے ٹرانسفارمر کے ساتھ موٹر سائیکل پر سوار دو افراد بم نصب کر کے فرار ہوگئے بم زوردار دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کردی۔۔۔

اسلام آباد، جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی کیلئے اہم اجلاس

جرائم کی روک تھام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں سیف سٹی اسلام آباد کے توسیع پروجیکٹ کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے، جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی و سرکوبی اور جرائم کی روک تھام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، نئی کیمرہ سائٹس اور نئے کیمرہ جات کی تنصیب پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے متعلقہ سول سٹاف کے افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کا مقصد سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے سلسلہ میں جاری تعمیراتی و ترقیاتی کام میں مزید

تیزی و بہتری لانے اور مناسب تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ نیز نئی کیمرہ سائٹس، کیمرہ جات کی تعداد اور لوکیشنز کو بھی زیر بحث لایا گیا، جبکہ سیف سٹی اسلام آباد کے توسیع پروجیکٹ کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ مزید براں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر کی زیر صدارت تھانہ جات میں جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بھی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں اے آئی جی جنرل عنایت علی شاہ، ایس پی سوان زون، اے ڈی ڈویلپمنٹ اور تھانہ جات کی تعمیر سے متعلق افسران نے شرکت کی۔

اوتھل ایس ایس پی کی ہدایت پر اشتہاری ملزم گرفتار

سی آئی اے انچارج جان محمد جاموٹ کی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کی خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے انچارج سی آئی اے پولیس لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق دوران اسنیپ چیکنگ لنک روڈ ریک گوٹھ بیلہ کے مقام پر کارروائی کرتے ہوئے صوبہ سندھ کے تھانہ ٹھیاری کو ڈکیتی کے مقدمہ نمبر 2019/78 میں مطلوب اشتہاری ملزم ارباب شر ولد چاکر، قوم شر، سکنہ ٹھیاری (حال مائیگہ گوٹھ بیلہ) کو گرفتار کیا گیا۔ سی آئی اے پولیس لسبیلہ نے ضروری قانونی کارروائی کے بعد گرفتار ملزم کو تھانہ بیلہ پولیس کے حوالے کر دیا ہے، جبکہ اس کی گرفتاری سے متعلق تھانہ ٹھیاری سندھ کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے۔

مویشیوں کی بروقت ویکسینیشن اور علاج کو یقینی بنایا جائے، ڈویژنل ڈائریکٹر

ژوب (این این آئی) منسٹر لائیوسٹاک فیصل جمالی سیکرٹری لائیوسٹاک داود خان بازئی، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک فاروق ترین کی خصوصی ہدایت پر ڈویژنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ژوب ڈویژن ڈاکٹر شیخ محمد طاہر اور ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ژوب ڈاکٹر علاؤالدین نے سی وی ایچ ہسپتال قمرالدین کاریز کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی کارکردگی اور مویشیوں کے علاج و معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ عملے کو ہدایت دی گئی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں مزید احسن طریقے سے انجام دیں اور مویشی پال حضرات کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کریں۔ افسران نے صفائی، ادویات کی دستیابی اور ریکارڈ کی درستگی پر خصوصی زور دیا، جبکہ عوام کو بھی تاکید کی گئی کہ وہ اپنے مویشیوں کی بروقت ویکسینیشن اور علاج کو یقینی بنائیں۔

رحمت صالح بلوچ نے ادویات ہسپتال انتظامیہ کے حوالے کردی

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے آر ایچ سی ہسپتال بونستان میں ادویات کی فراہمی کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوئی، جس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی جانب سے بھیجی گئی ادویات ہسپتال انتظامیہ کے حوالے کی گئیں ادویات کی حوالگی کے موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی ریسرچ اینڈ پالیسی سیکرٹری صمد صادق بلوچ، ضلعی لیبر سیکرٹری جاوید پچکول بلوچ، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری واجہ زاہد حسین بلوچ، ضلعی سوشل میڈیا سیکرٹری مجیب کریم بلوچ اور تحصیل خازن نواز بلوچ موجود تھے، جنہوں نے یہ ادویات ہسپتال کے انچارج ڈاکٹر حفیظ کشانی کے حوالے کیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر حفیظ کشانی اور بونستان کے چیئرمین یعقوب بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے میر رحمت صالح بلوچ کا شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو علاقے کے عوام کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔ تقریب کے دوران واجہ محمد جان بلوچ، حاجی نثار احمد بلوچ، شوکت بلوچ، ظہور احمد بلوچ سمیت علاقے کے دیگر معززین بھی موجود تھے، جنہوں نے اس اقدام کو سراہا اور اسے عوامی خدمت کی ایک مثبت مثال قرار دیا۔۔۔

مشرقی بائی پاس پشتون آباد میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، مکین پریشان

طویل اور غیر متوقع بجلی بندش نے معمولاتِ زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے

متعلقہ افسران، جن میں ایس ڈی او داود خروٹی اور لائن سپرنٹنڈنٹ عاصم شامل ہیں

کوئٹہ (یو این اے) مشرقی بائی پاس پشتون آباد سب ڈویژن کے مختلف فیڈرز، خصوصاً پشتون آباد فیڈر پر مبینہ طور پر بلاجواز اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ طویل اور غیر متوقع بجلی بندش نے معمولاتِ زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے، جس کے باعث گھریلو، تعلیمی اور مذہبی سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا ہے کہ سب ڈویژن کے متعلقہ افسران، جن میں ایس ڈی او داود خروٹی اور لائن سپرنٹنڈنٹ عاصم شامل ہیں، اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مختلف فیڈرز پر غیر ضروری لوڈشیڈنگ کروا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بعض مقامات پر بغیر کسی پیشگی اطلاع کے رات کے اوقات میں بجلی منقطع کر دی جاتی ہے، جس سے سیکیورٹی کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں۔ اہلیان علاقہ نے کیسکو حکام، صوبائی حکومت اور متعلقہ منتخب نمائندوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے، الزامات کی شفاف انکوائری کرائی جائے اور اگر کوئی اہلکار قصوروار ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ساتھ ہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری بند کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

کوئٹہ: پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے اجلاس کی صدارت صوبائی رہنما انجینئر ہادی عسکر کر رہے ہیں اجلاس میں ملک عیسیٰ خان و دیگر بھی شریک ہیں

قدرتی مناظر سیاحت اور ذہنی سکون کا اہم ذریعہ ہیں، محکمہ جنگلات

کوہ چلتن، میاں غنڈی پارک، چلتن نیشنل پارک میں گواڑخ کے حسن کو برقرار رکھا جائے

قدرتی مناظر کا تحفظ معاشرے کے ہر فرد کی مشترکہ ذمہ داری ہے، علامیہ میں عوام سے اپیل

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان کے دفتر سے جاری ایک بیان میں عوام الناس سے اپیل کی گئی ہے کہ کوہ چلتن کے دامن، میاں غنڈی پارک اور چلتن نیشنل پارک میں کھلنے والے قدرتی ٹیولپس (مقامی نام: گواڑخ) کے حسن کو برقرار رکھنے کے لیے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ قدرتی مناظر نہ صرف سیاحت بلکہ ذہنی سکون کا بھی اہم ذریعہ ہیں، اور ان کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے تاکہ آنے والی نسلیں بھی اس قدرتی حسن سے مستفید ہو سکیں۔ محکمہ کے مطابق حالیہ دنوں میں شہریوں کی بڑی تعداد ان مقامات کا رخ کر رہی ہے اور اہلِ خانہ و دوستوں کے ہمراہ خوشگوار لمحات گزار رہی ہے، تاہم بعض افراد کی جانب سے بلاوجہ پھول توڑنے اور پودوں کو نقصان پہنچانے کے واقعات تشویشناک ہیں۔ بیان میں افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ چند غیر ذمہ دارانہ رویے اس قدرتی حسن کو نقصان پہنچا رہے ہیں جو کہ ایک قومی اثاثہ ہے۔ فوکل پرسن نے واضح کیا کہ قدرتی وسائل اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت ہیں اور ان کی حفاظت ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ پارک کے ماحول کو صاف ستھرا رکھا جائے، پھولوں، درختوں اور دیگر نباتات کو نقصان نہ پہنچایا جائے اور جنگلی حیات کے قدرتی مسکن کا احترام کیا جائے

UNDERGRADUATE
ADMISSIONS FALL 2026

NUST
NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY

NET Series-4

Our Standing
#371 in the World
#3 in South Asia
#1 in Engg & Tech in Pakistan
(QS University Rankings 2026)

AIM
BEYOND
THE
POSSIBLE

From Aspiration to Impact

Choose from an array of fields of study across 22 NUST institutions with ample opportunities for undergraduate research.

ugadmissions.nust.edu.pk

Application processing fee exemption for 1st, 2nd and 3rd position holders in HSSC board exams. Contact the Admissions Directorate via email along with a valid proof obtained from the concerned education board.

TITLE	REGISTRATION STARTS	REGISTRATION ENDS
NET Series-4	April 26, 2026	June 8, 2026
SAT / ACT	May 04, 2026	July 25, 2026

CHECKLIST FOR NET APPLICATION PROCESS
- ✓ Confirm if you meet the Eligibility Criteria https://nust.edu.pk/admissions/undergraduates/eligibility-criteria-for-ug-programmes/
- ✓ Create your account and submit the application online
- ✓ Print fee invoice
- ✓ Deposit application processing fee through the 1Link Payment Service

FUNDING YOUR WAY with
NEED-BASED SCHOLARSHIPS
www.nust.edu.pk/admissions/scholarships
Submit the form before the registration deadline.

TEST FORMAT	TEST CENTRE	TEST SCHEDULE
Computer-Based Test	NUST Main Campus, Sector H-12, Islamabad	June 13, 2026 onwards
	NUST Balochistan Campus, Quetta	July 25-27, 2026
Paper-Based Test	Karachi - Charging Bull Auditorium, Malir Cantt	July 18-22, 2026
	Gilgit - APS&C Jutial	July 18-20, 2026

COMMENCEMENT OF PROGRAMMES (TENTATIVE)	
All programmes except Aerospace & Avionics Engineering (CAE)	September 2026
Aerospace and Avionics Engineering (CAE)	November 2026

FOR CORRESPONDENCE AND FURTHER INFORMATION | 9:00 am to 5:00 pm (Mon to Fri)

NET	Call: +92-51-9085-6878 Email: ugadmissions@nust.edu.pk	Fee Deposit & Verification	Call: +92-51-9085-6880 / 1313 Email: fee.affairs@nust.edu.pk
Scholarships	Call: +92-51-9085-6827 / 6828 Email: fao@nust.edu.pk	SAT/ACT	Call: +92-51-9085-6885 Email: satadmissions@nust.edu.pk actadmissions@nust.edu.pk

SCAN TO APPLY

Postal Address: Admissions Directorate, NUST Main Campus, Sector H-12, Islamabad

National University of Sciences & Technology | nust.edu.pk | UAN: 111-116-878 | NUST

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 26 اپریل 2026ء

خطے کا امن و استحکام۔ پاکستان کی غیر متزلزل کوششیں رنگ لائیں گی!!

عالمی امن و استحکام کے لئے پاکستان کی مخلصانہ کوششیں اور کاوشیں جاری ہیں اور امید کی جا رہی ہے کہ پاکستان کی یہ غیر متزلزل کوششیں بارآور ثابت ہوں گی گزشتہ روز ایک امریکی جریدے میں پاکستان کے ابھرتے ہوئے کردار کا اعتراف کرتے ہوئے اس عینی مبنی برحقیقت کا اظہار کیا گیا ہے کہ پاکستان بڑھتی ہوئی علاقائی کشیدگی کے ماحول میں امریکہ اور ایران کے درمیان جاری بحران میں ایک مرکزی ثالث کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے اپریل کے وسط میں اسلام آباد میں ہونے والے اعلیٰ سطحی مذاکرات، جن میں امریکی اور ایرانی وفود کے سینئر ارکان شریک ہوئے 1979 کے بعد دونوں ممالک کے درمیان پہلی براہ راست اعلیٰ سطحی ملاقات قرار دی جا رہی ہے۔ متذکرہ رپورٹ میں پاکستان کے چین، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، مصر اور اردن سمیت علاقائی طاقتوں کے ساتھ مضبوط روابط کو بھی اس کامیابی کی بنیاد قرار دیا گیا اور یہ بھی کہا گیا کہ پاکستان کو اب ایک قابل اعتماد امن شراکت دار کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت بلاشبہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے لئے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کی سیاست عدم استحکام اور کشیدگی کے گرد گھوم رہی ہے، پاکستان کا امن کے لئے پل کا کردار ادا کرنا نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن کے لئے بھی مثبت علامت ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں پاکستان نے بارہا یہ موقف اختیار کیا ہے کہ خطے کے مسائل کا حل جنگ نہیں بلکہ مذاکرات اور سفارتکاری میں پوشیدہ ہے امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں جاری تعطل کے بعد گزشتہ روز یعنی جمعہ کی شام کو یہ اہم پیشرفت ہوئی کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اسلام آباد آئے انہوں نے گزشتہ روز وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سے ملاقاتیں کیں یہ محض ایک رسمی دورہ نہیں بلکہ خطے کے مستقبل سے جڑی ایک اہم سفارتی سرگرمی ہے۔ پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ہونے والی طویل ملاقاتوں میں خطے کی صورتحال، دوطرفہ تعلقات اور امن و استحکام کے لئے مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا گیا اس سفارتی عمل کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ پاکستان نے اسے صرف دوطرفہ یا علاقائی سطح تک محدود نہیں رکھا بلکہ عالمی سطح پر بھی رابطوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی مختلف ممالک کی قیادت سے گزشتہ روز ٹیلی فونک گفتگو ہوئی ہے گزشتہ روز نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان امن و استحکام کے حصول کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ سے جاری ایک بیان کے مطابق انہوں نے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو تاکید کی ہے کہ وہ قیاس آرائیوں پر مبنی رپورٹنگ سے گریز کریں اور صرف سرکاری بیانات پر توجہ دیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی صرف دو ممالک کا معاملہ نہیں بلکہ اس کے اثرات عالمی معیشت، توانائی کی فراہمی اور بین الاقوامی امن تک پھیلتے ہیں۔ پاکستان کی اس سفارتی کوشش کا سب سے مثبت پہلو یہ ہے کہ اس نے ایک بار پھر مذاکرات اور سفارتکاری کو تنازعات کے حل کا واحد قابل عمل راستہ قرار دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بجا طور پر کہا ہے کہ خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے لئے مذاکرات ناگزیر ہیں یہ دراصل پاکستان کے دیرینہ موقف کی ترجمانی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ یہ بات دہرائی ہے کہ جنگ مسائل کو حل نہیں کرتی بلکہ انہیں مزید پیچیدہ بنا دیتی ہے۔ خطے کی موجودہ صورتحال کو سمجھنے کے لئے یہ حقیقت ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کا اثر براہ راست مشرق وسطیٰ کے استحکام پر پڑتا ہے۔ اس کشیدگی کے باعث توانائی کی عالمی منڈی متاثر ہوتی ہے، تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور عالمی معیشت دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لئے یہ صورتحال دوہری مشکلات پیدا کرتی ہے کیونکہ ایک طرف انہیں معاشی چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے اور دوسری طرف علاقائی عدم استحکام کے اثرات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کی جانب سے کشیدگی کم کرنے کی کوششیں نہ صرف اصولی بلکہ عملی طور پر بھی قومی مفاد سے ہم آہنگ ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ پاکستان کی سفارتی کوششیں کسی ایک فریق کی حمایت کے بجائے امن اور استحکام کے وسیع تر مقصد کے لئے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ متوازن خارجہ پالیسی اختیار کرنے کی کوشش کی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسے مختلف عالمی اور علاقائی طاقتوں کے درمیان ایک قابل قبول ثالث کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ چین، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور ایران سمیت مختلف ممالک کے ساتھ پاکستان کے مضبوط تعلقات اسے ایک منفرد سفارتی حیثیت دیتے ہیں۔ تاہم اس سفارتی کامیابی کے ساتھ ذمہ داریوں کا دائرہ بھی وسیع ہو جاتا ہے۔ ثالثی کا کردار ہمیشہ نازک اور پیچیدہ ہوتا ہے دفتر خارجہ کی جانب سے میڈیا کو قیاس آرائیوں سے گریز کی ہدایت بھی اسی ضرورت کی عکاسی کرتی ہے کہ حساس سفارتی معاملات میں محتاط اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا جائے۔ پاکستان کے لئے یہ موقع ایک امتحان بھی ہے اور ایک موقع بھی۔ اگر یہ سفارتی کوششیں کامیاب رہتی ہیں تو پاکستان نہ صرف خطے میں بلکہ عالمی سطح پر امن کے ایک اہم شراکت دار کے طور پر اپنی شناخت مضبوط کر سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف پاکستان کی عالمی ساکھ بہتر ہوگی بلکہ معاشی اور سفارتی فوائد کے دروازے بھی کھل سکتے ہیں۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان کی امن کوششیں اس کی اپنی داخلی اور علاقائی ترجیحات سے جڑی ہوئی ہیں۔ ایک مستحکم اور پرامن خطہ پاکستان کی معاشی ترقی، تجارت اور توانائی کی ضروریات کے لئے انتہائی اہم ہے۔ امن اور استحکام کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا رہتا ہے، اس لئے پاکستان کی سفارتی سرگرمیاں دراصل اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کی کوشش بھی ہیں۔ عالمی منظرنامے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور طاقتوں کے درمیان مقابلے کے ماحول میں ایسے اقدامات امید کی کرن ثابت ہوتے ہیں۔ پاکستان کی یہ کوششیں اس بات کا پیغام دیتی ہیں کہ تنازعات کے حل کے لئے مکالمہ اور تعاون ہی واحد راستہ ہے۔ اگر عالمی برادری اس عمل کی حمایت جاری رکھتی ہے تو یہ پیش رفت ایک بڑے امن معاہدے کی بنیاد بن سکتی ہے۔ امن کے لئے کوششیں ہمیشہ وقت طلب اور صبر آزما ہوتی ہیں، مگر ان کے نتائج دیرپا اور وسیع ہوتے ہیں۔ پاکستان نے ایک بار پھر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لئے سنجیدہ ہے بلکہ عالمی امن کے فروغ میں بھی اپنا کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے یقیناً یہ سفر خطے میں پائیدار امن کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتا ہے۔

ایران امریکہ مذاکرات: برف ابھی پگھلی نہیں

تاثرات — سید مجاہد علی



ایران نے کسی بھی سطح پر امریکہ سے براہ راست بات چیت شروع کرنے کا ارادہ ظاہر نہیں کیا۔ البتہ عباس عراقچی شاید امریکی تجاویز پر ایران کا جواب پاکستان تک پہنچانے کے لیے آئے تھے۔ ان معلومات پر عمل ہونے کی صورت میں اور اگر ایرانی وفد اسلام آباد میں امریکیوں سے ملاقات کے لیے قیام نہیں کرتا تو ایک بار پھر شاید صدر ٹرمپ کو اپنے نمائندوں کا سفر پاکستان مؤخر کرنا پڑے اور وہ انہوں نے کر دیا۔ تہران سے عباس عراقچی کے سفر کی اطلاع سے بظاہر مذاکرات کے ایک نئے دور اور کسی خوش خبری کی امید پیدا ہوئی تھی جو فی الوقت موہوم دکھائی دیتی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ شاید پاکستان کے ساتھ مواصلت کے بعد روانہ ہو جائیں اور دیگر دوست ممالک سے بھی اس سلسلہ میں مشاورت کے لیے مسقط اور ماسکو جائیں۔ تاہم مذاکرات، امن معاہدے اور آبنائے ہرمز کے بارے میں عالمی سطح پر اتفاق رائے موجود ہے۔ روس اور عمان بھی اس بحری گزرگاہ کو کھولنے کے حامی ہیں۔ اس لیے اگر ایران ماضی کی روایت کے برعکس آبنائے ہرمز پر اپنے تسلط کی حمایت حاصل کرنے کے لیے دوست ممالک کے پاس جا رہا ہے تو انہیں شاید زیادہ کامیابی نہ ملے۔

امریکہ نے ماضی کی طرح اس بار ایران کے ساتھ بات چیت کے حوالے سے زیادہ گرمجوشی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ امریکی وفد روانہ کرنے کی خبر بھی صدر ٹرمپ نے خود عام کرنے کی بجائے اپنی ترجمان کے ذریعے یہ معلومات میڈیا تک پہنچائیں تاہم اس بارے میں کیرولین لیوٹ کا کہنا تھا کہ امریکی صدر نے اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر کو اسلام آباد بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ وہ 'ایرانیوں کا موقف براہ راست سن سکیں'۔ لیوٹ نے دعویٰ کیا کہ ایرانی وفد براہ راست بات چیت چاہتا ہے اور صدر ہمیشہ سفارت کاری کو ایک موقع دینے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ امریکہ کو امید ہے کہ اس ملاقات سے مثبت پیش رفت سامنے آئے گی تاہم 'دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے'۔ البتہ نائب صدر جے ڈی وینس 'اسٹینڈ بائی' پر ہوں گے۔ اگر ضرورت پڑی تو انہیں بھی اسلام آباد بھیجا جاسکتا ہے۔ تاہم عباس عراقچی کے دورہ کی تازہ تفصیلات سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایران ابھی تک بات چیت پر آمادہ نہیں ہے بلکہ وہ براہ راست مذاکرات سے پہلے آبنائے ہرمز اور ایرانی بندرگاہوں کا بلاکیڈ ختم کرنے پر اصرار کر رہا ہے۔ شاید عباس عراقچی یہ شرط پوری ہونے کی صورت میں ایران کی طرف سے بعض دیگر حساس معاملات پر کچھ رعایتوں کی اطلاع دینے پاکستان آرہے ہوں۔ تاہم عباس عراقچی کے دورہ اسلام آباد کے بارے میں جو غیر یقینی صورت حال پیدا کی گئی ہے، اسے امریکہ اپنی توہین پر بھی محمول کر سکتا ہے۔ اس دوران امریکی وزیر دفاع دفاع پیٹ ہیگستھ کا کہنا تھا کہ ایران کے پاس موقع ہے کہ وہ 'ایک اچھا اور دانشمندانہ معاہدہ کرلے'۔ امریکہ کے پاس وقت کی کوئی کمی نہیں۔ اور وہ کسی معاہدے کے لیے بے چین نہیں۔ انہوں نے کہا ایرانی بندرگاہوں پر امریکی بحریہ کی ناکہ بندی امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ کے مطابق ایران کے پاس موقع ہے کہ وہ 'ایک اچھا اور دانشمندانہ معاہدہ کرلے'۔ امریکہ کے پاس 'وقت کی کوئی کمی نہیں'۔ اور وہ کسی معاہدے کے لیے بے چین نہیں ہے۔ انہوں نے ایرانی بندرگاہوں پر امریکی بحریہ کی بندی ہر گزرتے دن کے ساتھ مضبوط ہو رہی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی بحریہ کو اختیار دیا ہے کہ اگر کوئی ایرانی تیز رفتار کشتیاں سمندر میں بارودی سرنگیں بچھانے یا آبنائے ہرمز میں آمد و رفت میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کریں تو انہیں تباہ کر دیا جائے۔ ان بیانات سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان تنازعہ کی بنیاد بننے والے قضیہ کا کوئی پیشگی حل دریافت نہیں ہو سکا۔ امریکہ، ایران کے ساتھ کسی ڈیل سے پہلے ناکہ بندی ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا حالانکہ پاکستانی حکام نے گزشتہ چند روز کے دوران صدر ٹرمپ کو اس طرف مائل کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔ دوسری طرف ایران کہتا ہے کہ جب تک ایران کا بلاکیڈ ختم نہیں ہوگا، وہ آبنائے ہرمز کو نہیں کھلنے دے گا۔ اس طرح مضحکہ خیز انداز میں ایک ایسا معاملہ اس تنازعہ میں سب سے مشکل مسئلہ بن چکا ہے جس کا ایران پر امریکی حملے سے پہلے وجود ہی نہیں تھا۔ ایران نے کبھی آبنائے ہرمز بند کرنے یا وہاں سے کسی بحری جہاز کے گزرنے پر کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔ تاہم جنگ شروع ہونے کے بعد ایران نے دو ایسے کام کیے جن کا پہلے سے اندازہ نہیں کیا گیا تھا۔ ایک آبنائے ہرمز کو بند کرنا۔ دوسرے عرب ممالک کو امریکی اڈوں کی وجہ سے نشانہ بنانا۔ اسی ایرانی جنگی حکمت عملی کی وجہ سے اب آبنائے ہرمز کی محفوظ سفر کی عالمی حیثیت مشکوک ہوگئی ہے۔ اگرچہ دونوں ملک آبنائے ہرمز کھولنے اور ناکہ بندی ختم کرنے کا بیک وقت اعلان کر کے بات چیت کے امکانات روشن کر سکتے ہیں لیکن فی الوقت کسی فریق کی طرف سے بھی اس بارے میں کوئی لچک دیکھنے میں نہیں آئی۔ اس تنازعہ کی بنیاد بننے والے باقی معاملات اس وقت ثانوی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ حیرت ہوتی ہے کہ جو معاملہ سرے سے وجہ نزاع تھا ہی نہیں، اسے امن معاہدے کی راہ میں کیوں سب سے بڑی رکاوٹ بنا لیا گیا ہے۔ کیا دونوں ملک اس مشکل اور ناپسندیدہ جنگ میں اپنے حقیقی موقف پر غیر مقبول رعائتیں دینے کے لیے اس معاملہ کو غیر ضروری طور سے اچھال رہے ہیں یا یہ معاملہ اب دونوں ملکوں کی انا اور خودداری یا ضد کا سوال بن چکا ہے۔ وجہ کوئی بھی ہو لیکن ایک نان ایشو کو سنگین مسئلہ بنا کر ایران اور امریکہ دنیا بھر کی معیشت کے لیے سنگین خطرات کی وجہ بن رہے ہیں۔

آبنائے ہرمز کی حیثیت کے علاوہ ایران کی جوہری صلاحیت، افزودہ یورینیم کے مستقبل، بیلاسٹک میزائل صلاحیت اور حزب اللہ جیسے پراکسی گروہوں کے ساتھ ایران کے تعلقات کے معاملات، دونوں ملکوں کے درمیان حل طلب امور ہیں۔ امریکہ اس سلسلہ میں اپنی تجاویز پیش کر چکا ہے۔ چند روز پہلے جنگ بندی میں توسیع کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ وہ ایران کو اپنی تجاویز تیار کرنے کے لیے وقت دے رہے ہیں۔ ممکن ہے کہ عباس عراقچی اسلام آباد دورے کے دوران اس بارے میں ایرانی پوزیشن واضح کریں۔ سامنے آنے والی خبروں کے مطابق اس بات پر اتفاق رائے ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار نہیں بنائے گا البتہ کسی بھی قسم کی جوہری صلاحیت پر مکمل پابندی کے بارے میں مدت پر اختلاف تھا۔ امریکہ یہ مدت بیس سال مقرر کرنا چاہتا ہے جبکہ ایران نے پانچ سال پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ قیاس ہے کہ فریقین دس سال پر متفق ہو جائیں گے۔ اسی طرح امریکہ ایران کا 440 کلو ساٹھ فیصد افزودہ یورینیم ملک سے باہر نکالنا چاہتا ہے جبکہ ایران اس کا مخالف ہے۔ البتہ اسے ایران میں ہی عالمی ایٹمی ایجنسی کی نگرانی میں ڈاؤن گریڈ کرنے پر یہ تنازعہ حل ہو سکتا ہے۔ ایران نے اپنے میزائل پروگرام پر کسی بھی قسم کی قدغن قبول کرنے سے انکار کیا ہے۔ امریکہ و اسرائیل کے تازہ حملہ کے بعد واضح ہو گیا ہے کہ ایران کے پاس اس کی میزائل صلاحیت ہی مؤثر دفاع کا واحد طریقہ ہے۔ اس معاملہ پر شاید امریکہ کو رعایت دینی پڑے۔ دوسری طرف حزب اللہ کی حمایت ترک کرنے کا مطالبہ کرنے کے باوجود امریکہ نے ایران کے ساتھ معاملات طے کرنے کے لیے اسرائیل کو لبنان میں جنگ بندی پر مجبور کیا۔ اس میں آج ہی تین ہفتے کی توسیع کی گئی ہے۔ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ اگر ایران پہلے دو معاملوں میں لچک دکھائے تو دوسرے دو معاملات میں امریکہ کچھ رعائتیں دینے پر آمادہ ہو سکتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان اختلافات ختم کرنے کی گنجائش موجود ہونے کے باوجود دونوں ملکوں کی حکمت عملی میں بنیادی فرق دیکھا جاسکتا ہے۔ امریکہ فوری اور بڑی ڈیل کا خواہش مند ہے، اسی لیے اس نے ناکہ بندی سخت کی ہے۔ جبکہ ایران زیادہ سے زیادہ وقت لینا چاہتا ہے اور معاملات کو آہستہ آہستہ حل کرنے کا خواہاں ہے۔ عباس عراقچی کی اسلام آباد آمد اور امریکی وفد سے ملاقات نہ کرنے کی خبروں سے اسی ایرانی پالیسی کی تصدیق ہوتی ہے۔

کیا ڈیجیٹل معیشت پاکستان کو قرضوں سے نجات دلا سکتی ہے؟

دسترس — میاں عمران احمد

پاکستان میں فری لانسنگ اور آئی ٹی ایکسپورٹس تیزی سے معیشت کا اہم حصہ بن رہی ہیں اور پاکستانی نوجوان دنیا میں ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ فری لانسرز کی برآمدی آمدن گزشتہ نو ماہ میں 850 ملین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے اور یہ سالانہ 30 سے 40 فیصد کی شرح سے بڑھ رہی ہے۔ آئی ٹی ایکسپورٹس اور فری لانسنگ اب مجموعی طور پر ہر سال پانچ ارب ڈالر لا رہے ہیں۔ اس سال پہلی مرتبہ پاکستان کے فری لانسرز ملک کے لیے ایک ارب ڈالر سے زائد لائیں گے۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا مستقبل میں فری لانسنگ اور آئی ٹی پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے جہاں بجلی کی قیمت ایشیا کے کسی بھی ملک کی نسبت زیادہ ہے۔ ایسے حالات میں مینوفیکچرنگ کی بجائے آئی ٹی اور فری لانسنگ کا شعبہ ایسا ہے جس میں کم بجلی کے استعمال سے برآمدات میں تیزی سے اضافہ کرنا نسبتاً آسان ہو سکتا ہے کیوں کہ ملک میں وسائل کی کمی ہو سکتی ہے لیکن ٹیلنٹ کی کمی نہیں۔ اسی ڈیجیٹل دنیا میں پاکستان کے 26 سالہ صالح آصف کی کامیابی نے نوجوانوں کے لیے نئی مثال قائم کی ہے، جن کے اے آئی پر مبنی کوڈنگ پلیٹ فارم 'کرسر' کو ایلون مسک 60 ارب ڈالرز میں خریدنے کو تیار ہیں۔ یہ رقم پاکستان کے ڈالرز ذخائر سے پانچ گنا زیادہ ہے اور صالح آصف صرف 26 سال کی عمر میں پاکستان کے چوتھے امیر ترین شخص بن گئے ہیں۔

ان سے پہلے پاکستانی نژاد ریحان جلیل کے اے آئی گورننس 'ٹولز ویم' کو ایک ارب 70 کروڑ ڈالرز میں خریدا گیا تھا۔ پاکستان سے جنم لینے والے یا پاکستانی ٹیلنٹ سے جڑے سٹارٹ اپس میں تقریباً 10 سے 20 ایسے نمایاں نام ہیں جنہوں نے عالمی سطح پر کسی نہ کسی شکل میں پہچان حاصل کی ہے۔ پاکستانی سٹارٹ اپ 'کریم' کو اوبر نے 3.1 ارب ڈالر میں خریدا۔ 'دراز' نے پاکستان سے آغاز کیا اور پھر اسے چین کی بڑی کمپنی علی بابا نے خریدا۔ اسی طرح ایئر لفٹ، بائیکیا، سادا پے، ٹرک اٹ ان، بازار ٹیکنالوجیز جیسے پلیٹ فارمز نے بی ٹو بی ای کامرس اور لاجسٹکس کے شعبے میں بین الاقوامی فنڈنگ حاصل کر کے یہ ثابت کیا کہ پاکستان کا سٹارٹ اپ نظام اب محض ابتدائی مرحلے میں نہیں رہا۔ آئی ٹی اور فری لانسنگ روزگار کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ یہ شعبہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے میں مدد دے رہا ہے کیونکہ یہ براہ راست ڈالر میں آمدن پیدا کر سکتا ہے۔ پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، تقریباً 60 سے 64 فیصد افراد کی عمر 30 سال سے کم ہے اور یہی ڈیموگرافک فائدہ اس شعبے کی ترقی کو مزید رفتار دے سکتا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ کئی مشکلات بھی موجود ہیں۔ فری لانسرز کو غیر مستحکم انٹرنیٹ، بجلی کے مسائل اور ادائیگیوں کے پیچیدہ نظام کا سامنا ہے۔ اس کے علاوہ واضح پالیسیوں اور سہولتوں کی کمی بھی اس شعبے کی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ آئی ٹی اور فری لانسنگ ملکی معیشت میں بہت اہم کردار ادا کر سکتی ہیں لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت پالیسی میں نرمی لائے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق پاکستان سالانہ تقریباً پانچ ارب ڈالر کی ایکسپورٹ کر رہا ہے جبکہ انڈسٹری ماہرین کے مطابق اصل رقم تین گنا زیادہ ہو سکتی ہے۔ آئی ٹی کمپنیاں صرف اتنے ڈالرز پاکستان لا رہی ہیں جتنی ان کو ضرورت ہے۔ باقی ڈالرز وہ بیرون ممالک میں رکھنے کو ترجیح دے رہے ہیں کیونکہ اگر کوئی انٹرنیشنل ادائیگی کرنی ہو یا کوئی سرمایہ کاری کرنی ہو تو پاکستان سے ڈالرز بیرون ملک منتقل کرنے میں کافی مشکلات آتی ہیں۔ سٹیک ہولڈرز نے کئی مرتبہ سٹیٹ بینک سے درخواست کی ہے کہ جو رقم آئی ٹی ایکسپورٹ کی مد میں آئے، اتنی رقم کو بغیر کسی رکاوٹ کے بیرون ملک بھیجنے کی اجازت دی جائے۔

پہلے تو سٹیٹ بینک بالکل اجازت نہیں دے رہا تھا، اب 50 فیصد کی اجازت دی گئی ہے۔ اگر 100 فیصد کی اجازت مل جائے تو آئی ٹی ایکسپورٹس کی مد میں دوگنا ڈالرز پاکستان آسکتے ہیں۔ پاکستان سے سٹارٹ اپ بیچنے پر تقریباً 29 فیصد کیپیٹل گین ٹیکس لاگو ہو جاتا ہے۔ اس لیے سٹارٹ اپس بیرون ملک کمپنی کھول کر خرید و فروخت کر لیتے ہیں اور وہ ڈالر بھی پاکستان نہیں آپاتے۔ آئی ٹی پر کیپیٹل گین ٹیکس کو ختم کرنے سے ملکی معاشی ترقی میں مدد مل سکتی ہے۔ آئی ٹی ماہرین کی تنخواہوں پر ٹیکس بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ ماہانہ پانچ لاکھ روپے تنخواہ لینے پر ٹیکس تقریباً 90 ہزار روپے ہے اور پانچ لاکھ کی فری لانسنگ پر ٹیکس صرف 15 ہزار روپے ہے۔ اس فرق کو ختم کیے جانے کی ضرورت ہے۔

دنیا بھر میں آئی ٹی سروسز کی بڑی خریداری سرکار کرتی ہے لیکن پاکستان میں سرکار نے آئی ٹی سافٹ ویئر کے لیے سخت اصول بنا رکھے ہیں جن کی وجہ سے مقامی ڈویلپرز کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ انٹرنیشنل سٹارٹ اپس خریدنے میں بھی سرکار نے بہت مشکلات پیدا کر رکھی ہیں۔ ایران امریکہ کشیدگی میں دبئی متاثر ہوا ہے۔ پاکستان آئی ٹی اور فری لانسرز کے لیے ایمنسٹی سکیم متعارف کروا سکتا ہے۔ ماضی میں جب دبئی نے نو فیصد ٹیکس لگایا تھا تو آئی ٹی کمپنیاں پرتگال اور یورپ منتقل ہوئی تھیں۔ پاکستان نے وہ موقع ضائع کیا، اب نیا موقع ملا ہے جس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

بقا کا پہلا سبق

خیالات — رسول بخش رئیس

انارکی کا اردو میں متبادل تلاش کرنے کی کوشش کی تو انگریزی کے اس مختصر لفظ کا ترجمہ طوائف الملوکی ملا۔ دوسرے معنی نراج اور فوضیت نظر آئے جو غیر معروف ہیں اور کبھی کسی عبارت میں آج تک نہیں پڑھے۔ افراتفری اور لاقانونیت البتہ بہتر طور پر انارکی کے تصور کی تشریح کرتے ہیں۔ عالمی سطح پر اب انارکی کا راج ہے۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ایسا کب نہ تھا۔ جدید ریاستوں کے قیام سے پہلے سلطنتوں کے دور میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ امن میں تب رہتیں جب ان میں طاقت کا توازن ہوتا۔ جنگوں کی تیاری جاری رہتی اور جونہی کوئی قریب یا دور کی سلطنت کمزور دکھائی دیتی تو کوئی بادشاہ اسے فتح کرنے کے لیے نکل پڑتا۔ مقصد کمزوروں کی لوٹ مار اور انہیں اپنے تابع رکھنے کے علاوہ کوئی اور نہ تھا۔ دور دور سے آ کر باہر کے حملہ آوروں کے لیے وسائل کے اعتبار سے امیر مگر فوجی استعداد میں کمزور معاشروں پر حکومت قائم کرنا قابل فخر بات تھی۔ قرون وسطیٰ کی کلیسائی سلطنت جب یورپ میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئی تو اس کی جگہ جاگیرداری سلطنتوں نے لینا شروع کی جو آپس میں وسائل' آبادی اور علاقہ گیری کے لیے تقریباً ایک سال تک جنگیں کرتی رہیں۔ مذہب' فرقہ اور قومیت بھی باہمی تفریق اور لڑائیوں میں اہم عناصر تھے۔ ہمارے خطوں میں تین بڑی سلطنتیں مغل' ایرانی اور عثمانی تھیں۔ ان کے حکمران کہنے کو ایک مذہب سے تعلق رکھتے تھے مگر موقع ملتے ہی ایک دوسرے کے خلاف عسکری قوت استعمال کرتے ہوئے بھاری تاوان کا مطالبہ کرتے۔

پوری انسانی تاریخ انارکی کی کیفیت کی گواہی دیتی ہے جو کسی ایک مخصوص طبقے' خطے' مذہب اور تہذیب تک محدود نہ تھی۔ انارکی میں اپنا وجود قائم رکھنے کا صرف ایک ہی منطقی طریقہ ہے۔ وہ اپنے معروضی حالات کے مطابق طاقت کا حصول اور اپنا دفاع ہے۔ اگر ایسا کرنا حالات کے جبر کے سامنے ممکن نہ رہے' شکست کا منہ دیکھنا پڑ جائے تو غلامی کے سوا پرانے دور اور معاشروں میں کوئی راستہ نہ تھا۔ سامراجیت کی پوری تاریخ بھی مغرب میں جدید ریاستوں کے قیام کے بعد عالمی سطح پر انارکی کی ایک مثال ہے۔ طاقتوروں کے خلاف نہ کوئی قانون تھا اور نہ ہی کوئی ایسا ادارہ جو لاقانونیت کو روک سکے' جیسا کہ قومی ریاست۔

آج کل کی جدید ریاستیں سلطنتوں کے خاتمے کے بعد وجود میں آئیں۔ مغرب میں بہت پہلے' تقریباً سولہویں صدی میں ایسا ہوا مگر ہماری جیسی مملکتیں سامراجیت کے خاتمے کے بعد وجود میں آئیں۔ جدید ریاستوں کے قیام کے چند اصول وضع ہوئے جو اب بھی کمزور ریاستیں اپنے خلاف جارحیت کے مقابلے میں دلائل کے طور پر استعمال کرتی ہیں' جو کہ قومی اقتدار اعلیٰ' داخلی خود مختاری' اپنے قدرتی وسائل پر کنٹرول اور اپنے داخلی نظام میں دوسروں کی عدم مداخلت ہیں۔ یہ سب اقوام متحدہ کے منشور میں ہے' اور اس سے پہلے لیگ آف نیشنز کے اقرار نامے میں شامل تھا۔ اس کا مقصد تو یہ تھا کہ ہر قوم اپنی ریاست کی حدود کے اندر اپنے قومی عزائم' استحکام' امن وسلامتی' ترقی اور خوشحالی کے خوابوں کی تعبیر میں خود مختار ہو۔ ریاستیں جب ایک دوسرے کے ساتھ تجارتی' ثقافتی اور سیاسی رابطے بڑھائیں گی' معاشرے ایک دوسرے کو قریب سے دیکھیں گے تو ان میں ہم آہنگی پیدا ہوگی' نفرتیں ختم ہوں گی اور افہام و تفہیم کی روشنی پھوٹے گی۔ یہ سب مفروضے ہیں جو لفظوں کی ساخت میں آنکھوں میں تراوت اور کانوں میں رس گھولتے ہیں۔ دنیا کے معروضی حالات نے کمروں میں بیٹھے امن پسند فلاسفروں کے خیالات کی ترجمانی کبھی نہیں کی اور نہ کریں گے۔ طاقت اور طاقتور ریاستوں اور ریاستوں کے اندر حکمرانوں کی اپنی منطق رہی ہے۔ ہمارا ذاتی نظریاتی جھکاؤ تو امن پسندوں کی طرف رہا ہے اور ہمیشہ رہے گا' اس امید کے ساتھ کہ قانون کی حکمرانی ہی ایک اچھا معاشرہ ترتیب دے گی۔ یہ صرف دلیل اور فلسفہ تک محدود خواہش نہیں بلکہ اگر آپ جدید دور کی ترقی یافتہ اور ترقی کی منازل طے کرتی کسی بھی مشرقی اور مغربی ریاست کو دیکھیں تو قانون کی حکمرانی کو ایک لازمی جزو کے طور پر دیکھیں گے۔ منصوبہ بندی' وسائل کی فراہمی اور صنعت کاری سے لے کر عام تعلیم اور سائنسی ترقی سب راستے قانون کی بالادستی سے کھلتے ہیں۔

ایک صدی قبل عالمی جنگ کے بعد امن پسندوں نے جنگوں کے آئندہ تدارک کے لیے عالمی سطح پر قانون کی راہ دکھائی' عالمی ادارے بنانے کی تجاویز رکھیں اور تجارت پر پابندی ختم کر کے اسے آزاد کرنے کی ترغیب دی۔ مقصد یہ تھا کہ اگر قومیں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور باہمی انحصار کے رشتوں میں جڑ جائیں تو امن اور سلامتی کا عالمی ماحول پیدا ہوگا۔ یہ مفروضہ آج بھی پرکشش ہے مگر جب قومیت پرستی اور ہٹلر جیسے مغرور آمروں نے طاقت کے زور پر دوسروں کو زیر کرنا شروع کیا تو سب مفروضے بڑھتی ہوئی فوجی طاقت کے سامنے دم توڑ گئے۔ طاقت کا مقابلہ پھر طاقت سے ہوا۔

پرانے یورپی طاقتور دوسری عالمی جنگ کے بعد اپنی سامراجی سلطنتوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر واپس اپنے قومی حصار میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے تو نئی طاقتور ریاستیں ابھر کر سامنے آگئیں۔ سوویت یونین اور امریکہ جو جرمنی اور جاپان کے خلاف جنگ میں ایک دوسرے کے حلیف تھے اور نظریاتی اختلاف کو جنگ نے پیچھے دھکیل دیا مگر جب دونوں فتح یاب ہوئے تو وہ پھر کھل کر آمنے سامنے آگئے اور سرد جنگ کا نیا دور شروع ہوا جس میں ہم نے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ بالائی سطح پر طاقت کا توازن جوہری ہتھیاروں نے پیدا کیا مگر وہ صرف ایک دوسرے سے براہ راست جنگ کرنے سے بچنا تھا۔ پراکسی جنگ جاری رہی اور دونوں بڑی طاقتوں نے کسی قانون کی پروا کیے بغیر اپنی جارحیت اور توسیع پسندی جاری رکھی۔ مقصد یہ تھا کہ ایران' لبنان کے خلاف جنگ اور غزہ میں تاریخ کی گھناؤنی نسل کشی کا تاریخ کے تناظر میں ذکر ہو جائے تاکہ بنیادی بات ہمیں سمجھ آسکے۔ دنیا طاقت کے نظام کا کھیل ہے۔ اگر آپ کے پاس یہ کرنسی نہیں اور آپ کو معروضی حالات یعنی ارد گرد کے جغرافیہ اور ماحول اور ہمسایوں کی طاقت اور عزائم کا ادراک نہیں تو آپ پھر کسی برے وقت کا انتظار کر رہے ہیں۔ ایران کی جنگ سے پہلے افغانستان' لیبیا' عراق' شام' یمن اور سوڈان تک نظر دوڑائیں تو آپ کو احساس ہوگا کہ فوجی قوت ہی ریاستی وجود کی بنیادی ضمانت ہے۔ باقی باتیں نظریاتی تو بہت ہیں جو فلسفوں کی حد تک پرکشش ہیں مگر انارکی کے عالمی ماحول میں ایک کمزور دلیل کے علاوہ ان کی کوئی اہمیت نہیں۔ ایک اور اہم بات بہرحال ذہن میں رکھیں کہ فوجی طاقت کے ذرائع اور وسائل بھی محض عسکری قوت پر منحصر نہیں ہوتے۔ قومی ہم آہنگی' صنعتی ترقی' قدرتی وسائل کا بامعنی استعمال اور سیاسی استحکام انتہائی اہم عوامل ہیں

دہلی میں تقریر

پیش نظر — محمد مہدی

مودی سرکار نے ایسے حالات قائم کر دیے ہیں کہ انڈیا جا کر اپنا موقف پیش کرنا اور برف پگھلانے کی کوشش کرنا سر دست ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ دلی سے رابطہ کیا گیا کہ ایک سیمینار میں آپ ورچوئل شرکت کریں اور سارک کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس ویبنار سے پاکستان سے اس خاکسار، خرم دستگیر خان، جاوید جبار، انڈیا سے منی شنکر، او پی شاہ، بنگلہ دیش سے سیف الرحمان اور سری لنکا سے ڈاکٹر گنیشن نے خطاب کیا۔ میں نے عرض کیا کہ اگر ہم دنیا میں اس وقت نظر دوڑائیں تو یہ حقیقت کھل کر ہمارے سامنے کھڑی ہوگی کہ ممالک نے علاقائی تعاون کو فروغ دیتے ہوئے اپنی معیشتوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ عمومی طور پر قرب و جوار کے ممالک کی صرف باہمی تجارت کا حجم ہی 50 سے 60 فیصد تک کے درمیان ہوتا ہے اور یہاں کو نا صرف کہ باہمی تصادم سے محفوظ رکھنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مسائل کا حل بھی اس سے ہی تلاش کیا جاتا ہے۔ اس کی ایک بہت بڑی مثال ہمارے سامنے یورپی یونین کے طور پر سامنے ہے کہ جن کی باہمی تجارت ہی کم و بیش 75 فیصد کے لگ بھگ رہتی ہے۔ اب ذرا جنوبی ایشیا کی حالت کا جائزہ لیجیے۔ دنیا کی ایک چوتھائی آبادی اس خطے میں آباد ہے مگر اس کے باوجود اس کی باہمی تجارت صرف پانچ فیصد ہے۔

بلاشبہ غیر معمولی اختلافات موجود ہیں اور ان میں بہت تلخی بھی پائی جاتی ہے اور ان کے سبب سے ہی سارک 2016 سے مفلوج ہو کر رہ گئی ہے مگر دیکھنا یہ چاہیے کہ جب سارک کا قیام عمل میں لایا گیا تھا تو کیا اس وقت کوئی بہت مثالی تعلقات موجود تھے؟ جواب نفی میں آئے گا۔ پاکستان سانحہ مشرقی پاکستان سے، اس کے جذباتی اثرات سے ابھی باہر نہیں آیا تھا۔ اس تنظیم کے اہم محرک موجودہ وزیراعظم بنگلہ دیش طارق رحمان کے والد جنرل ضیاء الرحمان اس وقت بنگلہ دیش کے صدر تھے۔ جو پاکستان کے ایک باغی فوجی تھے اور ہمیشہ یہ دعویٰ رکھتے تھے کہ انہوں نے سب سے پہلے "بنگلہ دیش" کی آزادی کا اعلان کیا تھا مگر اس سب کے باوجود، تلخ یادوں کے ہوتے ہوئے بھی سارک کے قیام کو عمل میں لایا گیا۔ پاکستان اور انڈیا کے مسائل تو موجود ہی تھے، کشمیر اور دیگر مسائل سامنے کھڑے تھے مگر پھر بھی آگے بڑھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سوال یہ ہے کہ اس سب کے باوجود کے مسائل منہ کھولے کھڑے تھے ایسی تنظیم کو کیوں قائم کیا گیا۔ جواب بالکل واضح ہے کہ اگر نفرت کی عینک سے دیکھنے کی بجائے حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کیا جائے تو مسائل کی موجودگی ان کے حل کرنے کی ضرورت کو بھی ظاہر کر رہی ہوتی ہے۔ مسائل کیسے حل ہوں گے جب ہم آپس میں ملیں گے ہی نہیں تو حل کون تلاش کریں گا؟ سارک کے قیام کے وقت سادہ سی بات تھی کہ ہم آپس میں ملاقات رکھیں گے تو روابط کو مضبوط بنانے کا موقع بھی میسر آسکیں گا، نئے امکانات تلاش کر سکیں گے تو پرانے مسائل سے بھی نبٹنے کی سوچ پروان چڑھا سکیں گے اور اس کی ضرورت بھی عام لوگ بھی محسوس کریں گے۔ اور یہ تصور پوری دنیا میں طاقت پکڑ رہا ہے ابھی گزشتہ برس میں ترکی میں انطالیہ ڈپلومیٹک فورم میں شریک ہوا تو وہاں بھی اہم ترین سوال یہی کیا جا رہا تھا کہ قریبی ریاستیں قریبی تعلق کو کیسے مضبوط بنا سکتی ہیں۔ پاکستان فخریہ طور پر اس وقت امریکہ اور ایران کے مابین کسی معاہدہ کی کوشش کر رہا ہے اس حوالے سے مجھ سے برطانیہ کے معروف اخبار گارڈین نے سوال کیا تو اس میں بھی پاکستان کی سول و فوجی قیادت کی مشترکہ کاوشوں کا ذکر کیا اور دنیا یہ ہی جاننا چاہتی ہے کہ اس کے ریجنل اثرات کیا مرتب ہوں گے۔ خلیج ٹائمز کا تو مجھ سے سوال ہی سیدھا یہ تھا کہ اس معاہدہ کی صورت میں پاکستان پر کیا اثرات مرتب ہوں گے۔ پوری دنیا ریجنل معاملات کی اہمیت سے آگاہ ہے مگر جنوبی ایشیا میں بس دشمنی ہی نبھائی جا رہی ہے۔ اچھا سے دلچسپ مگر افسوس ناک پہلو یہ بھی ہے کہ سارک کو تو باہمی دشمنی کی وجہ سے عضو معطل بنا کر رکھا ہوا ہے کہ ہم ساتھ نہیں بیٹھ سکتے ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ ہی پاکستان اور انڈیا ایس سی او کے ارکین ہیں، مختلف ایس سی او کے تحت فورمز پر ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھے نظر آتے ہیں مگر سارک کے حوالے سے 2016 سے بس ایک ہٹ دھرمی کا رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ انڈیا میں ایک تجارتی سوچ پائی جاتی ہے مگر یہ رویہ بھی دیکھنے میں سب کے سامنے ہے کہ علاقائی تعاون کے حوالے سے یہ تصور کہ ہم سب سے "بڑے" ہیں نے ہر سوچ کو انڈیا میں پچھاڑا ہوا ہے اور وہاں کی حکمران جماعت جس کو اب انتہائی طویل مرکزی سطح پر بھی حکمرانی کا تجربہ ہو چکا ہے کی جانب سے کوئی مثبت آواز سامنے نہیں آتی ہے۔ مجھے یہ کہتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ پاکستان کی سیاسی جماعتیں انڈیا دشمنی کے تصورات کے ساتھ نہیں بڑی رہی ہیں۔ اس وقت کی حکمران جماعت مسلم لیگ نون کے صدر اور تین بار پاکستان کے وزیراعظم رہنے والے نواز شریف نے کوئی دو سال قبل ہی یہ رائے دی تھی کہ پاکستان کی اضافی بجلی انڈیا کو فروخت ہونی چاہیے

ویٹو کی زنجیروں میں جکڑی عالمی پنچائیت

سوچ و فکر — محمد محسن اقبال

جب فکر میں اضطراب جنم لیتا ہے تو اس کے بطن سے انتشار پیدا ہوتا ہے، اور جب یہی انتشار دل و دماغ پر قابض ہو جائے تو انصاف اور ناانصافی کے درمیان امتیاز کی صلاحیت مدھم پڑنے لگتی ہے۔ یہاں تک کہ یہ سوال ہی غیر متعلق محسوس ہونے لگتا ہے کہ انصاف غالب آیا یا نہیں۔ اسی انسانی کمزوری کو قابو میں رکھنے کے لیے کبھی اقوام عالم نے ایک مشترکہ پلیٹ فارم کا خواب دیکھا تھا، ایسا پلیٹ فارم جہاں انسانیت کو تباہی سے بچایا جا سکے، اور جہاں ریاستوں کے مابین تنازعات کو اقوام متحدہ کے سایہ عدل میں اس انداز سے حل کیا جائے کہ انصاف نہ صرف قائم ہو بلکہ نمایاں بھی نظر آئے۔ مگر 1945 میں اس ادارے کی بنیاد رکھتے وقت جو فیصلے کیے گئے، وہ آج از سر نو غور و فکر اور اصلاح کے متقاضی دکھائی دیتے ہیں۔

اقوام متحدہ دو عظیم عالمی جنگوں، خصوصاً دوسری جنگ عظیم کی راکھ سے ابھری، جس نے انسانیت کو ناقابل بیان دکھ اور اذیت سے دوچار کیا تھا۔ اس کے منشور کا آغاز ایک پرعزم عہد سے ہوتا ہے کہ آئندہ نسلوں کو جنگ کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھا جائے۔ اس کے مقاصد واضح ہیں: اجتماعی کوششوں کے ذریعے عالمی امن و سلامتی کا قیام، اقوام کے درمیان مساوی حقوق اور حق خودارادیت کی بنیاد پر دوستانہ تعلقات کا فروغ، معاشی، سماجی، ثقافتی اور انسانی مسائل کے حل کے لیے تعاون، اور نسل، جنس، زبان یا مذہب کی تفریق کے بغیر انسانی حقوق کا احترام۔ گویا اس ادارے کا نصب العین مستقبل کی تباہ کاریوں کو روکنا، ہم آہنگی کو فروغ دینا، اور انسانیت کے وقار کو برقرار رکھنا تھا۔ لیکن پہلی جنگ عظیم کے بعد قائم ہونے والی مجلس اقوام اپنی کمزوری کے باعث طاقتوروں کی جارحیت کو روکنے میں ناکام رہی تھی۔ چنانچہ اقوام متحدہ کے معماروں نے ایک مضبوط ادارہ قائم کرنے کی کوشش کی، مگر اس میں طاقت کی حقیقتوں پر مبنی ایک مجھوتہ بھی شامل کر لیا۔ سلامتی کونسل، جو اس کا سب سے بااختیار ادارہ ہے، پندرہ ارکان پر مشتمل ہے، جن میں سے پانچ، چین، فرانس، روس، برطانیہ اور امریکہ، مستقل نشستوں کے ساتھ ویٹو کا اختیار رکھتے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک بھی کسی قرارداد کو روک سکتا ہے، خواہ باقی تمام ارکان اس کی حمایت کریں۔ یہ بندوبست بظاہر اس لیے کیا گیا تھا کہ 1945ء کی بڑی طاقتیں اس ادارے میں شامل رہیں، مگر اس نے خود مختار ریاستوں کے درمیان ایک ایسا درجہ بندی کا نظام پیدا کر دیا جو منشور میں درج مساوات کے اصول سے متصادم ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ ویٹو بارہا ایسے اقدامات کی ڈھال بنتا رہا ہے جنہیں عالمی برادری روکنا چاہتی تھی۔ طاقتور مفادات اکثر انصاف اور انسانی حقوق پر غالب آتے رہے ہیں۔ خاص طور پر مشرق وسطیٰ میں ایک ریاست کے حق میں ویٹو کے مسلسل استعمال نے نہ صرف اکثریت کی آواز کو دبایا بلکہ اقوام متحدہ کے اس بنیادی اصول کو بھی مجروح کیا جس کے تحت سب کے لیے مساوی انصاف ہونا چاہیے تھا۔ 1945ء کے بعد دنیا یکسر بدل چکی ہے۔ نئی طاقتیں ابھر چکی ہیں، وہ خطے جو کبھی حاشیے پر تھے آج وسیع آبادیوں اور بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے حامل ہیں، اور عالمی جنوب بجا طور پر یہ سوال اٹھا رہا ہے کہ ایک جنگ کے بعد تشکیل پانے والے ڈھانچے آج کی حقیقتوں پر کیوں مسلط رہیں۔ ویٹو اب اتحاد کی علامت کے بجائے ایک ایسی مراعات بن چکا ہے جو ادارے کی ساکھ کو کمزور کرتی ہے۔ جب سلامتی کونسل مفلوج ہو جاتی ہے تو مظالم بے لگام ہو جاتے ہیں، جارحیت کو کوئی اجتماعی روک نہیں ملتی، اور چھوٹی ریاستیں خود کو اپنے ہی وجود سے متعلق فیصلوں میں محض تماشائی محسوس کرتی ہیں۔

اب وقت آ پہنچا ہے کہ اس ناانصافی کا خاتمہ کیا جائے۔ سلامتی کونسل میں اصلاحات، خصوصاً ویٹو کے اختیار پر نظر ثانی، اب کوئی دور کا خواب نہیں بلکہ ایک فوری ضرورت ہے، اگر اقوام متحدہ کو اپنی معنویت اور اخلاقی قوت برقرار رکھنی ہے۔ مختلف تجاویز زیر غور ہیں: مستقل ارکان کی تعداد میں توسیع تاکہ موجودہ عالمی حقیقتوں کی عکاسی ہو سکے، اجتماعی ظلم کے معاملات میں ویٹو کے استعمال پر رضاکارانہ پابندی، یا ایسے طریقہ کار کی تشکیل جس کے تحت ایک آواز عالمی ضمیر کو غیر معینہ مدت تک خاموش نہ رکھ سکے۔ جو بھی راستہ اختیار کیا جائے، مقصد یہی ہونا چاہیے کہ ادارہ امن اور انصاف کے قیام میں مؤثر کردار ادا کر سکے۔ اس نازک گھڑی میں یہ امر حوصلہ افزا ہے کہ بعض اوقات سفارت کاری تنگ نظری سے بلند ہو کر امن کے وسیع تر مقصد کی خدمت کرتی ہے۔ حالیہ کشیدگی کے دوران پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان تناؤ کم کرنے میں ایک تعمیری اور کلیدی کردار ادا کیا، ایک نازک جنگ بندی کے قیام میں مدد دی اور مکالمے کی راہ ہموار کی۔ ایسے وقت میں جب تنازع پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا تھا، ایک قابل اعتماد ثالث کے طور پر پاکستان نے اپنے تعلقات اور علاقائی فہم کو بروئے کار لا کر یہ ثابت کیا کہ پل باندھنے والی سفارت کاری کتنی اہم ہوتی ہے۔ یہ کاوش اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ جب عالمی نظام کی رسمی مشینری کمزور پڑ جائے تب بھی سنجیدہ ریاستیں کشیدگی کو کم کرنے اور مذاکرات کے دروازے کھولنے میں کردار ادا کر سکتی ہیں۔ تاہم محض ثالثی اس گہرے مرض کا علاج نہیں۔ اقوام متحدہ کو اپنی قیام کے وعدے کی تکمیل کے لیے ارتقا پذیر ہونا ہوگا۔ ویٹو، جو کبھی نجات سے بچاؤ کا ذریعہ تھا، اب اکثر اسی ناانصافی کی ڈھال بن چکا ہے۔ اقوام کو اب بصیرت اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے 1945ء کے ڈھانچے پر نظر ثانی کرنی ہوگی، الزام تراشی کے جذبے سے نہیں بلکہ تجدید کے عزم کے ساتھ۔

اگر توازن اور انصاف کو بحال نہ کیا گیا تو متبادل راستہ واضح ہے، ایک ایسی دنیا جہاں بے معنویت غالب آ جائے، جہاں فکر اور عمل میں انتشار بڑھتا جائے کیونکہ انصاف کے نظام اتنے کمزور ہو چکے ہوں کہ ان کی کوئی وقعت نہ رہے۔ انسانیت اس سے بہتر کی مستحق ہے۔ اقوام متحدہ کے عوام، جن کے نام سے یہ منشور مزین ہے، کو اب یہ تقاضا کرنا ہوگا کہ ان کا یہ مشترکہ پلیٹ فارم اپنے اعلیٰ ترین اصولوں کی پاسداری کرے، اس سے پہلے کہ اضطراب دوبارہ جنم لے اور انصاف نظروں سے اوجھل ہو جائے۔

پاکستان اور خوراک کا ضیاع

خیال حمید — حمید اللہ بھٹی



پاکستانیوں میں کئی ایسی خوبیاں ہیں جو دنیا کے لیے قابل رشک ہیں۔ یہ خوبیاں انہیں دیگر قوموں سے ممتاز کرتی ہیں اول۔ پاکستانی انتہا کے ذہین ہیں یہ جس کام کا تہیہ کرلیں اُس کے لیے جنونی کی طرح محنت کرتے ہیں تاکہ یہ پایہ تکمیل کو پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال جوہری پروگرام ہے۔ جس کی دنیا بھر نے مخالفت کی۔ امریکہ اور یورپی ممالک نے پاکستان کو اس صلاحیت سے محروم رکھنے کے لیے طرح طرح کی پابندیاں لگائیں مگر جب انہوں نے بوقت ضرورت استعمال کرنے کی کوشش کی تو پاکستان نے کچھ اس طرح مسائل بتائے کہ امریکی صدر ورلڈ کئی برس تک جوہری صلاحیت نہ حاصل کرنے کا سرٹیفکیٹ جاری کرتے رہے۔

اس وقت دنیا میں تین بڑی طاقتیں امریکہ، روس اور چین ہیں۔ کمال کی بات یہ ہے کہ تینوں سے پاکستان کے خوشگوار تعلقات ہیں۔ اس وقت پاکستانی دنیا بھر میں سب سے زیادہ عطیات دینے والے تصور کیے جاتے ہیں۔ پاکستان اپنے تین ہمسایہ ممالک بھارت، ایران اور افغانستان سے اپنی طاقت کا لوہا منوا چکا ہے۔ خطے میں پاکستان کو عسکری حوالے سے وہ ممتاز اور قابل رشک مقام ہے جس کی قومیں آرزو کرتی ہیں۔ آج کل پاکستان دنیا کی سفارتی سرگرمیوں کا محور ہے۔ عالمی اداروں اور اقوام عالم کی نظریں پاکستان پر ہیں جو امریکہ اور ایران جیسے برسوں کے مخالف ممالک کے مذاکرات کی میزبانی کر رہا ہے پہلی بار دنیا یہ نظارہ کر رہی ہے کہ دونوں کے مذاکرات کی میزبانی کے ساتھ پاکستان بطور ثالث جنگ بندی میں توسیع جیسا مشکل فیصلہ بھی کرا رہا ہے اس پر دنیا حیران ہے اور پاکستانیوں کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوا ہے آج کا پاکستان ماضی والا نہیں بلکہ ایسا امن پسند ملک ہے جو ثالثی کے لیے سب کو قبول ہے لیکن جارح ہمسایوں کو سبق سکھانے کی بھی صلاحیت رکھتا ہے اسے مشرق وسطیٰ میں ایسا اہم مقام حاصل ہے جس سے ٹکرانے کی اسرائیل بھی جسارت نہیں کرتا یہ خوبیاں معمولی نہیں بلکہ غیر معمولی ہیں موجودہ مقام کو برقرار رکھنے کے لیے پاکستانیوں کو اپنی کچھ عادات تبدیل کرنا ہوں گی تاکہ نہ صرف دنیا کے لیے باعث رشک رہیں اور موجودہ حاصل مقام بھی برقرار رہے بلکہ زرمبادلہ بچانے کے ساتھ خوراک کے ذخائر کا ضیاع کم ہو لیکن کیا ملک میں ایسی اجتماعی سوچ فروغ پذیر ہے؟ بظاہر ایسا کوئی اشارہ نہیں ملتا۔ پاکستان میں ضرورت کے مطابق چائے کی پیداوار نہیں ہے مگر یہ مشروب ملک میں سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس وقت پاکستان دنیا میں چائے کا تیسرا سب سے بڑا درآمد کنندہ ہے حاصل اعداد و شمار کے مطابق 2021 میں پاکستان دنیا میں سب سے بڑا چائے کا درآمد کنندہ رہ چکا ہے 2023 سے 2024 کے دوران 109,000 ٹن چائے پی گئی ایک ایسا ملک جو بیرونی قرضوں سے پریشان ہے کیونکہ اقساط اور سود کی ادائیگی میں بھی مشکلات کا سامنا ہے اس کے باوجود چائے پینے کی عادت ترک کرنے پر تیار نہ ہونا باعث تعجب ہے کیونکہ چائے کی پتی درآمد کرنے پر سالانہ اربوں روپیہ صرف ہوتا ہے جبکہ یہ بھی ثابت ہو چکا کہ زیادہ چائے پینے کی عادت صحت کے لیے کے لیے مفید نہیں۔

پاکستان کا قومی مشروب گنے کا رس ہے جو خطے کی آب و ہوا کی وجہ سے صحت کے لیے مفید ہے لیکن اس کا استعمال روز بروز کم ہوتا جا رہا ہے ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں چائے اس کثرت سے استعمال کی جاتی ہے جو سالانہ ڈیڑھ کلو فی کس بنتی ہے صرف گزشتہ برس اس کا درآمدی خرچ 179 ارب سے زائد رہا اگر پاکستانی من حیث القوم چائے کی عادت کم کر دیں تو درآمدی خرچ کم ہو سکتا ہے اس طرح پاکستان کے زرمبادلہ پر دباؤ بھی کم ہو گا چائے کے متبادل میں گنے کے رس اور قہوے سمیت دیگر موسمیاتی مشروبات کا استعمال بھی ممکن ہے پاکستان دنیا کے بہترین کنو ل اور آم پیدا کرتا ہے جو لذت میں اپنا منفرد مقام رکھتے ہیں جن کا استعمال صحت کے لیے بہتر ہے۔

پاکستانیوں کی کچھ اور ایسی بُری عادات ہیں جنہیں کسی صورت اچھا نہیں کہا جا سکتا اب تو ان کا عالمی سطح پر بھی چرچا ہونے لگا ہے جس سے ایک باشعور قوم کی نفی ہوتی ہے اقوام متحدہ کی جاری ہونے والی ایک حالیہ رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستانیوں کا شمار خوراک کا ضیاع کرنے والے اولین ممالک میں ہوتا ہے اس رپورٹ کے مطابق خوراک کے مجموعی ضیاع کے حوالے سے پاکستان کا دنیا بھر میں چوتھا نمبر ہے جبکہ اس کے شہری فی کس سالانہ کی بنیاد پر دوسرے نمبر پر ہیں یہ شرمناک رپورٹ پاکستانیوں کی غیر ذمہ داری کی طرف اشارہ کرتی ہے ایک ایسا ملک جو غریب شمار ہوتا ہو جس کے شہری بہتر روزگار کے لیے دنیا کے ہر خطے میں پائے جاتے ہوں ان کا ایسا غیر ذمہ دارانہ اور لاپرواہی پر مبنی رویہ سمجھ سے بالاتر ہے۔

دستیاب عالمی اعداد و شمار نشاندہی کرتے ہیں کہ اس وقت 67 کروڑ 30 لاکھ افراد شدید غربت اور بھوک کے عالم میں زندگی کے دن گزارنے پر مجبور ہیں یہ تعداد دنیا کی کل آبادی کا چھ فیصد ہے لیکن اسی دنیا کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ ہر برس 1.3 ارب ٹن خوراک ضائع کر دی جاتی ہے جسے دنیا کی کل آبادی کے حوالے سے دیکھا جائے تو ایک شخص ایک برس میں 170 کلو خوراک ضائع کرتا ہے یہ خوراک اگر ضائع نہ کی جائے تو دنیا بھر کے بھوکے افراد کو ایک دن میں کئی بار کھانا کھلایا جا سکتا ہے نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے پاکستانیوں کا فرض ہے کہ آگے بڑھیں اور بھوک و افلاس کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ جس طرح پاکستانیوں کو آج ایک عالمی ادارہ غیر ذمہ دار اور لاپرواہ ظاہر کر رہا ہے وہ آئندہ نیک نامی بتانے پر مجبور ہو۔

بلاشبہ پاکستان میں بھوکے پیٹ سونے والوں کی تعداد بہت کم ہے جو کل آبادی کا دو فیصد بھی نہیں بنتی مگر جنوبی پنجاب اور اندرون سندھ جیسے علاقوں میں غذائی قلت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔ سماجیات کے ماہرین برملا کہتے ہیں کہ پاکستان میں ہوٹلوں اور تقریبات میں بے تحاشا کھانا ضائع کیا جاتا ہے۔ شادیوں میں مدعو مہمانوں سے کہیں زیادہ کھانا تیار کیا جاتا ہے۔ اضافی کھانے کا ضیاع برسوں سے جاری ہے، گزشتہ عشرے سے تو اموات پر بھی کھانے کا ضیاع دیکھا جانے لگا ہے۔ اس عادت پر من حیث القوم قابو پانے کی ضرورت ہے۔ شہریوں کی اس بُری عادت پر حکومت قوانین بنا کر قابو پا سکتی ہے۔ اگر تقریبات میں نمود و نمائش کے لیے انواع و اقسام کے کھانے پیش کرنے پر پابندی لگا کر ایک ڈش پر مبنی صرف سادہ کھانے پیش کرنے کا پابند بنا دیا جائے جس میں مہمانوں کی تعداد کا بھی تعین ہو تو 170 کلو فی کس کے حساب سے ہر برس ضائع ہونے والا کھانا بھوکے افراد کا پیٹ بھرنے کے کام آسکتا ہے۔

'کلٹ' کی نفسیات

خورشید ندیم



کیا عمران خان ایک کلٹ ہیں؟ اس سوال کے جواب کیلئے یہ جاننا ضروری ہے کہ کلٹ کیا ہوتا ہے؟ میں اس موضوع پر پہلے بھی لکھ چکا۔ شاید میں نے ہی پہلی بار شخصیت پرستی پر مبنی اس طرز عمل کو اس اصطلاح سے تعبیر کیا تھا۔ یہ بات خلاف واقعہ ہو تو بھی 'یہ واقعہ ہے کہ میں نے اس موضوع پر کئی بار قلم اٹھایا۔ اس کے باوصف خیال ہوتا ہے کہ اس پر مزید لکھا جائے۔ اس کا ایک سبب تذکیر ہے۔ بھول جانا انسان کی عادت ہے اس لیے لازم ہے کہ یاد دہانی کرائی جاتی رہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ ابھی ایک گروہ کو تعلیم کی مزید ضرورت ہے۔ اسے جب اس کا مصداق ٹھہرایا جاتا ہے تو وہ ردعمل میں ناراض ہوتا اور اپنی طرف اس نسبت کو رد کرتا ہے۔ بعض فیصلے کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ اس کیفیت میں وہ جو کچھ کہتے ہیں' وہ بالواسطہ اس کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ ایک کلٹ ہیں لیکن اس کا شعور نہیں رکھتے۔

کلٹ مذہبی پس منظر میں پیدا ہونے والی ایک اصطلاح ہے۔ ہر مذہب میں کچھ لوگ اسکے حقیقی نمائندہ ہوتے ہیں۔ انکی زبان سے مذہب کی تعلیمات و احکام جاری ہوتے ہیں۔ انکے فرامین اور طرز عمل ہی سے مذہب کا ڈھانچہ مرتب ہوتا ہے۔ وہی معیار حق ہوتے ہیں۔ وہ جہاں کھڑے ہو جائیں' حق بھی وہاں قائم ہو جاتا ہے۔ وہ موجود ہوں تو مذہب کے باب میں بھی فرقان ہوتے ہیں۔ اس کا بدیہی نتیجہ ہے کہ جو ان کے ساتھ ہوتا ہے وہ حق پر اور جو ان کے خلاف ہو وہ باطل پر ہوتا ہے۔ ان کی موجودگی میں غیر جانبدار نہیں رہا جا سکتا۔ جو ایسا کرتا ہے وہ منافق کہلاتا ہے اور اس کا انجام انکار کرنے والوں سے بھی بدتر ہوتا ہے۔ اسلام میں یہ حیثیت صرف اور صرف سیدنا محمد ﷺ کو حاصل ہے۔ اسلام کے مصادر میں اس بات کو بغیر کسی ابہام کے بیان کیا گیا ہے اور ان کے اصل مخاطبین کو انہی تین گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ معاملہ اگر رسولوں کا ہو جو انبیاء میں بھی ایک خاص مقام رکھتے ہیں تو ان کے مخالفین پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتمام حجت کی جاتی اور ان کے مخالفین کو عذاب کی وعید سنائی جاتی ہے۔ اتمام حجت کا مطلب ہے حق اس طرح واضح ہو جائے کہ اس کے انکار کا عقلی و اخلاقی جواز باقی نہ رہے۔ مرور زمانہ کیساتھ 'جب مذہب کی حقیقی نمائندہ ہستی سے زمانی بعد پیدا ہو جاتا ہے تو اسی روایت کے اندر بعض ایسی شخصیات نمودار ہوتی ہیں جنہیں کسی سبب سے یہ حیثیت حاصل ہو جاتی ہے کہ لوگ انہیں مذہب کے حقیقی نمائندے کا قائم مقام سمجھنے لگتے ہیں۔ ان سے پھر وہ اوصاف اور خصوصیات منسوب کر دی جاتی ہیں جو مذہب کی اصل نمائندہ ہستی کیلئے خاص ہوتی ہیں۔ مثال کے طور نبی یا رسول کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ خدا سے براہ راست ہدایت پاتا ہے۔ اب ایک غیر نمائندہ شخصیت کے بارے میں بھی مان لیا جاتا ہے کہ اسے خدا سے براہ راست ہدایت ملتی ہے۔ یا یہ کہ وہ بھی اب حق و باطل کیلئے فرقان اور پیمانہ ہے۔ آپ اس کیساتھ ہیں تو حق پر ہیں' مخالف ہیں تو لاریب باطل کے طرفدار ہیں۔ اسکے مخاطبین بھی اتمام حجت ہونے کے بعد' اگر اس شخصیت کا ساتھ نہ دیں تو وہ بھی آخرت اور دنیا میں عذاب کے مستحق ہو جاتے ہیں۔ یہ بات' بھی دعوے کیساتھ مانی جاتی ہے اور بھی زبان حال سے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نبی ہونے کا دعویٰ تو نہیں کیا جاتا لیکن عملاً اسے بھی حیثیت دے دی جاتی ہے۔ یہ کام اکثر لاشعوری سطح پر ہوتا ہے۔ اس میں یقین اتنا مستحکم ہو جاتا ہے کہ توجہ دلانے کے باوجود لوگ مان کر نہیں دیتے۔ اس بات کو ہم ایک مثال سے سمجھ سکتے ہیں۔ مسلمانوں میں تصوف کی جو روایت پروان چڑھی' اس میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جس نے اس بات کو مانا کہ نبی کے بعد بھی ایسی ہستیاں ہوتی ہیں جو خدا سے براہ راست ہدایت پاتی ہیں۔ وہ اسے نبی نہیں کہتے لیکن ان میں نبی کی خصوصیات کو مان لیتے ہیں۔ شاہ اسماعیل شہیدؒ جنہیں برصغیر میں وہابیوں کا امام مانا جاتا ہے' اپنی کتاب 'عبقات' میں ایسی ہستی کا تعارف کراتے ہوئے لکھتے ہیں:''اور حق جہاں یہ ہستی گھومتی ہے اس کے ساتھ ہی گھومتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ہستی ملا اعلیٰ کے ساتھ شامل اور معصوم ہوتی ہے۔ چنانچہ حق وہی قرار پاتا ہے جو اس کے سینے میں نمایاں ہوتا ہے۔ حق اس ہستی کے تابع ہوتا ہے' وہ حق کے تابع نہیں ہوتی''۔ (عبقہ 11)۔ ان ہستیوں کے بارے میں یہ بھی لکھا کہ یہ اپنے علوم وہیں سے پاتے ہیں جہاں سے فرشتے' اور یہ کسی کے مقلد نہیں ہوتے۔

کیا عمران خان صاحب کو بھی یہی حیثیت دے دی گئی ہے؟ اگر یہ کہا جائے کہ انکے حمایت کرنیوالے اہل حق اور انکے مخالفین اہل باطل ہیں۔ وہ جو موقف اختیار کریں' وہی حق ہے۔ جو انکے بارے میں غیر جانبدار یا نیوٹرل ہے وہ جانور یا منافق ہے۔ اور یہ کہ ان کے مخالفین پر اتمام حجت ہو چکا اور انکار کے بعد وہ آخرت کے عذاب کے مستحق ہو گئے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ان کو وہ حیثیت دے دی جو مامور من اللہ ہستیوں کیلئے خاص ہے۔ اس کیلئے زبان سے دعویٰ کیا جائے یا صرف زبان حال سے مانا جائے' دونوں کا نتیجہ ایک ہی ہے۔ اسی کو کلٹ کہتے ہیں۔ میں اس کے بے شمار شواہد پیش کر سکتا ہوں کہ عمران خان صاحب کو لوگ یہی حیثیت دینے لگے ہیں۔ آج ہی میں فیس بک پر ٹی وی ڈراموں کے ایک اداکار خالد انعم صاحب کا پیج دیکھ رہا تھا۔ وہ خان صاحب کے زبردست حامی ہیں۔ انہوں نے سیدنا حسینؓ کا ایک قول لکھا: 'اگر حق کو پہچان نہیں سکتے تو باطل کے تیروں پر نظر رکھو۔ جہاں وہ لگ رہے ہیں وہی حق ہے'۔ اس کا سیاق و سباق واضح ہے۔

کلٹ ضرورت سے بھی بنائے جاتے ہیں۔ پروپیگنڈا سے ایک فرد کی شخصیت تراشی جاتی اور اسے دوسروں سے ممتاز دکھایا جاتا ہے۔ اسی طرح عمران خان صاحب کی شخصیت کو تراشا گیا۔ جنہوں نے یہ منصوبہ بنایا' پوری قوم ان سے واقف ہے۔ ان کی زندگی کے واقعات کو اس طرح پیش کیا گیا جیسے انسانی تاریخ میں یہ سب کچھ پہلی بار ہو رہا ہے۔ یہاں بے شمار لوگوں نے ذاتی وسائل سے ہسپتال بنائے۔ خان صاحب نے بنایا تو اسے تاریخ کا منفرد واقعہ بنا کر پیش کیا گیا۔ ان گنت خواتین و حضرات نے تعلیمی ادارے بنائے لیکن نئی نسل کو بتایا گیا کہ نمل یونیورسٹی جیسا ادارہ کبھی نہیں بنا۔ یہاں جہانگیر خان جیسے کھلاڑی پیدا ہوئے جنہیں صدی کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شامل کیا گیا۔ قوم کو مگر یہ باور کرایا گیا کہ کرکٹ ورلڈ کپ سے بڑا کارنامہ کسی نے سرانجام نہیں دیا۔ یہاں سید مودودی جیسے مفکر پیدا ہوئے جنہوں نے کروڑوں انسانوں کے افکار کو بدل ڈالا۔ ذوالفقار علی بھٹو جیسے راہنما اٹھے جنہوں نے نئی سوچ دی۔ نوجوانوں کو مگر بتایا گیا کہ یہ کارنامہ خان صاحب نے پہلی مرتبہ انجام دیا ہے۔ یہ الگ بات کہ انہوں نے جو شعور دیا اسکے مظاہر دیکھ کر شرفا کانوں کو ہاتھ لگاتے ہیں۔

ضلعی انتظامیہ حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد کیلئے متحرک ہے، بہادر بنگلزئی

تعلیمی اداروں میں سولرائزیشن سے توانائی کے مسائل میں کمی آئے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم ہوگا

وزیراعلیٰ کے وژن کے تحت تعلیم، بنیادی سہولیات کے فروغ کے لیے جامع ترقیاتی اقدامات جاری ہیں

سبی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی نے گزشتہ روز بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کے تحت مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب کے دوران جن منصوبوں کا افتتاح کیا گیا ان میں گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گلو شہر، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول لونی، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کڑک، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول یار خان بازائی اور گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سلطان کوٹ میں سولرائزیشن منصوبے جبکہ یونین کونسل کڑک میں لف نالی اور پی سی سی کے تحت گلی کی تعمیر کا منصوبہ شامل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے تحت ضلع بھر میں تعلیم، توانائی اور بنیادی سہولیات کے فروغ کے لیے جامع ترقیاتی اقدامات جاری ہیں۔ بی ایس ڈی آئی فیز ٹو بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس کے ذریعے تعلیمی اداروں میں سولرائزیشن اور علاقوں میں انفراسٹرکچر کی بہتری کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد کے لیے متحرک ہے اور ایسے منصوبے عوامی فلاح و بہبود میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں سولرائزیشن سے توانائی کے مسائل میں کمی آئے گی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے مستفید ہو سکیں اور علاقے میں ترقی کا عمل تیز ہو۔

حب، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے اجلاس کی صدارت عبدالعزیز روانجھو کررہے ہیں

لورالائی شہر میں صفائی ستھرائی کا عمل بلا تعطل جاری ہے

لورالائی، (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے خصوصی احکامات اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ بلوچ کی ہدایت پر لورالائی شہر میں صفائی ستھرائی کا عمل بلاتعطل جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کے عملہ شہر کے مختلف زونز میں متحرک ہے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق باران زون میں مردہ کتوں کو ٹھکانے لگا کر علاقے کی مکمل صفائی کی گئی، جبکہ عبدالخالق زون کے جلال افغان وارڈ میں کوڑا کرکٹ اٹھا کر صفائی کا عمل مکمل کیا گیا۔ اسی طرح عجب زون کے عرسین محلہ اور سلیم داد ولی کمپلینٹ زون کے ہزارہ محلہ میں نکاسی؟ آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے نالیوں کی صفائی کی گئی۔ میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر میں صفائی کے لیے ٹریکٹر ٹرالیوں کا استعمال بھی جاری ہے

ڈی جی زراعت توسیع بلوچستان مسعود احمد بلوچ کی زیرصدارت اجلاس

مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے ڈپٹی ڈائریکٹرز اور دیگر افسران کی شرکت

نصیرآباد میں زراعت کے فروغ ربیع سیزن، کسانوں کو درپیش مسائل کے حل پر غور

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع بلوچستان مسعود احمد بلوچ کی زیرصدارت ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ زراعت کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے ڈپٹی ڈائریکٹرز اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس کا مقصد صوبے خصوصاً نصیرآباد ڈویژن میں زراعت کے فروغ ربیع سیزن اور کسانوں کو درپیش مسائل کے حل پر غور کرنا تھا اجلاس میں ربیع اور خریف سیزن کی فصلوں کی موجودہ صورتحال آئندہ کاشت کے اہداف بیجوں کی دستیابی کھادوں کی فراہمی اور زرعی ادویات کی معیاری سپلائی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی ڈائریکٹر جنرل مسعود احمد بلوچ نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہ کریں اور فیلڈ میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں تاکہ کاشتکاروں کو بروقت رہنمائی فراہم کی جا سکے اجلاس میں کسان کارڈ کے اجراء اور اس کے فوائد پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد میر ظہیر احمد عمرانی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع جعفرآباد میہر دل خان ابڑو ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع صحبت پور خالد حسین چنہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع اوستہ محمد عمران علی لاشاری ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت سیڈ فارم اوستہ محمد برکت علی بلیدی ڈائریکٹر زراعت اے ڈی آئی خان پور اوستہ محمد امان اللہ سالارزئی اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت مارکیٹ کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی عبیداللہ پندرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی ڈائریکٹر جنرل زراعت مسعود احمد بلوچ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ زراعت کسانوں کی فلاح و بہبود اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گا تاکہ صوبے میں زرعی پیداوار کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور کسان خوشحال ہوں

محمد رفیق آخوند بی این پی عوامی تحصیل کرخ کے ڈپٹی آرگنائزر منتخب

خضدار (بیورو رپورٹ) بی این پی عوامی تحصیل کرخ کے ڈپٹی آرگنائزر کے عہدے پر محمد رفیق آخوند کو منتخب کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسراراللہ خان زہری کے خصوصی ہدایت پر بی این پی عوامی خضدار کے ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری نے تحصیل کرخ میں ایک اہم تنظیمی فیصلہ کیا ضلعی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ ایک اعلامیہ میں تحصیل کرخ کے ڈپٹی آرگنائزر کا خالی عہدہ کو پُر کرتے ہوئے محمد رفیق آخوند کو اس منصب پر منتخب کردیا ہے۔ محمد رفیق آخوند کا شمار پارٹی کے دیرینہ اور متحرک ساتھیوں میں ہوتا ہے ضلعی قیادت کے مطابق انہوں نے ہر مشکل وقت میں پارٹی کا بھرپور ساتھ دیا ہے اور تنظیمی امور میں ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں اس موقع پر ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری نے جاری اعلامیہ میں کہا ہے کہ محمد رفیق آخوند کی منتخب ہونے سے تحصیل کرخ میں تنظیمی خلاء پُر ہوگا اور کارکنوں میں نئی روح بیدار ہوگی انہوں نے امید ظاہر کی کہ نو منتخب ڈپٹی آرگنائزر کرخ محمد رفیق آخوند اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے پارٹی قائد میر اسراراللہ خان زہری کے سیاسی پیغام کو گھر گھر گدان گدان پہنچایا گیا انہوں نے مزید کہا کہ محمد رفیق آخوند سے توقع ہے

نجھی پور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی ڈی ای او محمد پنحل کھوسہ اور ڈی سی کو تعریفی شیلڈ دے رہے ہیں

طلباء جدید دور کے تقاضوں کے مطابق خود کو تیار کریں، ایس پی صحبت پور

نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیاں شخصیت کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

نجھی پور (نامہ نگار) ایس پی صحبت پور عبدالحمید پی ایس پی نے گورنمنٹ ڈگری کالج صحبت پور کے چند طلباء کو اپنے دفتر مدعو کیا جہاں ایک خصوصی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء کو انٹرنیشنل یوتھ فیسٹیول 2026 رشیاء کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک اہم عالمی پلیٹ فارم ہے جہاں دنیا بھر کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرتے ہیں اور مختلف تعلیمی ثقافتی اور تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے مواقع نوجوانوں کیلئے نہایت قیمتی ہوتے ہیں اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھا کر وہ اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ ایس پی صحبت پور نے طلباء کو تلقین کی کہ وہ اپنی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق خود کو تیار کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کیلئے مواقع بیشمار ہیں ضرورت صرف محنت لگن اور صحیح سمت انتخاب کی ہے انہوں نے طلباء کو مختلف مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لینے کی بھی ترغیب دی اور کہا کہ نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیاں شخصیت کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اس موقع پر طلباء نے ایس پی صحبت پور کے اس اقدام کو سراہا اور عزم ظاہر کیا کہ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر مثبت سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔

فیصل جمالی کی توجہ سے اسکول کے لیے فنڈز کی فراہمی خوش آئند ہے، ظفراللہ

استامحمد (خ ن) گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول اللہ ڈنہ رند کے انچارج ظفراللہ خان چھلگری نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے دیگر تعلیمی اداروں کی طرح اس اسکول کی عمارت بھی طویل عرصے سے خستہ حالی کا شکار تھی، جس کے باعث طلبہ کو تعلیمی سرگرمیوں میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ بارشوں کے دوران کمروں کی چھتوں سے پانی ٹپکنا، دیواروں میں دراڑیں اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے مسائل معمول بن چکے تھے، جو نہ صرف تعلیمی ماحول کو متاثر کررہے تھے بلکہ طلبہ اور اساتذہ کے لیے بھی باعثِ تشویش تھا انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی توجہ اور کاوشوں سے اسکول کی مرمت کے لیے فنڈز کی فراہمی ایک خوش آئند اور بروقت اقدام ہے، جس سے نہ صرف اسکول کی عمارت کی بحالی ممکن ہوگی بلکہ طلبہ کو ایک محفوظ، بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول بھی میسر آئے گا ہیڈ ماسٹر نے مزید کہا کہ تعلیم کے شعبے میں اس نوعیت کے اقدامات نہایت اہمیت کے حامل ہیں، کیونکہ بہتر انفراسٹرکچر ہی معیاری تعلیم کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی اشاعت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5410143191573 بنام دلاور خان ولد عبدالمجید سکنہ دالبندین دوران سفر کہیں گم ہوگیا ملنے پر ڈاکخانہ دالبندین پہنچا دے

نمائندہ دالبندین ....

دینی مدارس کا تحفظ ہماری غیرت وایمان کا مسئلہ ہے، جے یو آئی لسبیلہ

مدارس کے خلاف کسی بھی قسم کی بلاجواز اور غیر ضروری کارروائیاں قابل مذمت ہیں فوری بند کیا جانا چاہیے

دینی مدارس دین اسلام کے مضبوط قلعے اور معاشرے کی اصلاح و تربیت کا ذریعہ ہیں، مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو

اوتھل (نامہ نگار) امیر جمعیت علمائے اسلام ضلع لسبیلہ مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو اور ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا عبدالحمید عارف نے مدارس و مکاتب کے ذمہ داران کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ دینی مدارس کا تحفظ ہماری جان سے بڑھ کر ہے اور یہ ہمارے لیے غیرت و ایمان کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس دین اسلام کے مضبوط قلعے اور معاشرے کی اصلاح و تربیت کا اہم ذریعہ ہیں، جہاں لاکھوں طلبہ کو دینی و اخلاقی تعلیم دی جاتی ہے۔ مدارس کے خلاف کسی بھی قسم کی بلاجواز اور غیر ضروری کارروائیاں قابل مذمت ہیں اور انہیں فوری طور پر بند کیا جانا چاہیے۔ رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ مدارس کے خلاف جاری اقدامات پر نظرثانی کرے اور دینی اداروں کو بلاجواز ہراساں کرنے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہ سلسلہ بند نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور ملک بھر میں بھرپور عوامی ردعمل سامنے آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور اس سلسلے میں ہر ممکن قانونی و جمہوری راستہ اختیار کیا جائے گا۔ اس موقع پر مدارس و مکاتب کے ذمہ داران نے بھی اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور رہنماؤں کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔

حاجی راز محمد کے انتقال پر جے یو آئی کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

خانوزئی (پ ر) جمعیت علماء اسلام صوبائی کونسل کے رکن مجیب اللہ دلسوری ایک تعزیتی بیان میں کہا گیا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ضلع لورالائی کے سوشل میڈیا کے مخلص ورکر حاجی راز محمد دورانی کے انتقال پر ہمیں بہت دکھ اور رنج ہوا۔ حاجی راز محمد دورانی ایک نہایت مخلص کارکن، علماء کرام کے خادم اور جمعیت علماء اسلام کے وفادار ساتھی تھے۔ انہوں نے ہمیشہ سوشل میڈیا پر علماء کرام اور جمعیت علماء اسلام کا مدلل دفاع کیا اور ہر محاذ پر حق کی آواز بلند کی۔ آج ان کی رحلت سے جمعیت علماء اسلام ایک مخلص ساتھی سے محروم اور خود کو یتیم محسوس کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے

بسیمہ میں میں رائز پروجیکٹ کے تحت روایتی کھانوں کی شاندار نمائش

مقصد بلوچستان کی ثقافت، روایتی کھانوں کاروباری افراد کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا

مختلف علاقوں کے افراد، مقامی عمائدین، نوجوانوں، خواتین اور کمیونٹی ممبران کی شرکت

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان حکومت اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام ضلع واشک کے تحصیل بسیمہ میں میں رائز پروجیکٹ کے تحت روایتی کھانوں کی ایک شاندار نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کا مقصد بلوچستان کی ثقافت، مقامی روایتی کھانوں اور خواتین و مقامی کاروباری افراد کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔ نمائش میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد، مقامی عمائدین، نوجوانوں، خواتین اور کمیونٹی ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں روایتی کھانوں کے مختلف اسٹالز لگائے گئے جہاں شرکاء نے بلوچستان کے ثقافتی اور روایتی ذائقوں سے لطف اندوز ہوئے۔ تقریب سے بی آر ایس پی رائز پروجیکٹ کے سینئر منیجر سردار عبداللہ بادینی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس طرح کے پروگرام کا انعقاد کیا۔ مزید کہا کہ روایتی کھانے ہماری ثقافت اور شناخت کا اہم حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تقریبات نہ صرف ثقافتی ورثے کو محفوظ بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں بلکہ مقامی لوگوں کے لیے روزگار اور کاروباری مواقع پیدا کرنے کا بھی ذریعہ بنتی ہیں۔ بی آر ایس پی رائز پروجیکٹ ضلع واشک کے کوآرڈینیٹر حبیب مینگل نے اپنے خطاب میں حکومت بلوچستان کے اس طرح کے پروگرام کا انعقاد خوش آئند قرار دے کر کہا کہ روایتی کھانوں کی نمائش مقامی ہنر اور ثقافت کو فروغ دینے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل کو اپنی روایات اور ثقافتی اقدار سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بسیمہ کے سیاسی وسماجی راہنما بالاچ خان رودینی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے روایتی کھانے نہ صرف ذائقے میں منفرد ہیں بلکہ ہماری تہذیب اور تاریخ کی عکاسی بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے اس قسم کی سرگرمیوں کو ثقافتی ہم آہنگی اور سماجی روابط کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ سیاسی وسماجی رہنما انجینئر سیف الرحمان عیسی زئی نے اپنے خطاب میں منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تقریبات مقامی سطح پر خواتین اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ تقریب کے اختتام پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پانچ مختلف اسٹالز کے منتظمین میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ شرکاء نے اس حکومت بلوچستان اور بی آر ایس پی کے اس کامیاب تقریب کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی اس طرح کی ثقافتی اور روایتی سرگرمیوں کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا۔

بغیر پروپوزل تمام تعیناتیوں کو فوری منسوخ کیا جائے، جی ٹی اے حب

حاضر اور انچج اساتذہ کے خلاف کارروائیاں غیرقانونی اور انتقامی ہیں، عبدالعزیز

حب (پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع حب کا ایک اہم اجلاس گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول (شعبہ پرائمری) میں زیرصدارت ضلعی صدر عبدالعزیز روانجھو منعقد ہوا، اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت قلات ڈویژن کے رہنما مولوی داؤد انگاریہ نے حاصل کی، اجلاس کا ایجنڈا ضلعی جنرل سیکریٹری نور بخش ڈگارزئی نے پیش کیا، اجلاس میں چیئرمین جی ٹی اے شفیع محمد انگاریہ، آرگنائزر حاجی محمد حسین قلندرانی، صوبائی رہنما عبدالحکیم بندیجہ، حمیداللہ ڈگارزئی، محمد عرفان شیخ، حیات شاکر بزنجو، پرویز احمد موندرہ، محمد یاسین رونجھو، بشیر احمد، محمد یعقوب سیاپاد، سلیم رونجھو، محمد نعیم جدگال اور عبدالمجید بزنجو سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی، اجلاس میں محکمہ تعلیم ضلع حب میں DEG/DEA گروپ کے میٹنگ منٹس اور پروپوزلز کو نظرانداز کرتے ہوئے ٹرانسفر و پوسٹنگ کے عمل پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اور اس کی بھرپور مذمت کی گئی، شرکاء نے مطالبہ کیا کہ بغیر پروپوزل ہونے والی تمام تعیناتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، اجلاس میں DOE/RTSM کی میل کی جانب سے اساتذہ کے خلاف مبینہ جانبدارانہ کارروائیوں پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا گیا کہ حاضر اور انچج اساتذہ کے خلاف کارروائیاں غیرقانونی اور انتقامی ہیں، جنہیں فوری طور پر بند کیا جائے

واشک، حکومت بلوچستان اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے سردار عبداللہ بادینی حبیب مینگل بالاچ رودینی ودیگر خطاب کررہے ہیں

سبی پریس کلب کے بانی سینئر صحافی میر دین محمد مری کا سبی پریس کلب کا دورہ

بی ایس ڈی آئی کے فنڈز سے تعمیر ہونے والے جدید اور خوبصورت کانفرنس ہال کا معائنہ

سبی (نمائندہ مشرق) سبی پریس کلب کے بانی و سابق صدر، بلوچستان کے سینئر صحافی میر دین محمد مری نے گزشتہ روز سبی پریس کلب کا اچانک دورہ کیا۔ ان کی آمد پر پریس کلب میں ایک مثبت اور خوشگوار ماحول پیدا ہوگیا۔ میر دین محمد مری نے ڈپٹی کمشنر سبی میر الیاس کبزئی کی خصوصی کاوشوں اور بی ایس ڈی آئی کے فنڈز سے تعمیر ہونے والے جدید اور خوبصورت کانفرنس ہال کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعیدالدین طارق، جنرل سیکریٹری ناشاد بلوچ، سینئر نائب صدر سلیم گشکوری سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے پریس کلب کے صدر حاجی سعیدالدین طارق اور جنرل سیکریٹری ناشاد بلوچ نے بانی پریس کلب کو نئے تعمیر شدہ کانفرنس ہال کا دورہ کرواتے ہوئے اس کی سہولیات، معیار اور تعمیراتی تفصیلات سے آگاہ کیا، جس پر میر دین محمد مری نے اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر میر دین محمد مری نے ڈپٹی کمشنر سبی میر الیاس کبزئی کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ذاتی دلچسپی، ایکسین محکمہ اربن رزاق بلوچ اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کے باعث سبی پریس کلب کو ایک جدید، خوبصورت اور تمام بنیادی سہولیات سے آراستہ کانفرنس ہال میسر آیا ہے، جو یقیناً صحافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعیدالدین طارق، جنرل سیکریٹری ناشاد بلوچ، سینئر نائب صدر سلیم گشکوری، سرپرست اعلیٰ میاں یوسف اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، جن کی مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں یہ منصوبہ منظور ہوا اور آج پایہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ کانفرنس ہال مستقبل میں صحافیوں کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم ثابت ہوگا اور سبی میں صحافت کے معیار کو مزید بلند کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

ترقیاتی اسکیموں کو بروقت اور معیاری کے مطابق مکمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر حب

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سرکاری دفاتر میں حاضری اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے

بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا اور کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا

حب (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے سب ڈویژن وندر کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف سرکاری دفاتر اور تعلیمی اداروں کا معائنہ کیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر آفس وندر، تحصیلدار آفس سونمیانی، بوائز ہائی اسکول وندر، RHC وندر، ریسکیو 1122 اور بوائز ہائی اسکول حاجی جاکر کا دورہ کیا اور وہاں جاری امور، سہولیات اور عوامی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور سرکاری دفاتر میں حاضری اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وندر سیف علی مغل، اسسٹنٹ کمشنر ڈریجی رضوان قادر، تحصیلدار گڈانی مقبول احمد ساسولی سمیت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق انجینئرز بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) اور بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا اور کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد ان کے ثمرات میسر آسکیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وندر ضلع کا ہیڈ کوارٹر ہے، اس لیے عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے وہ ہر ہفتے وندر کا دورہ کریں گے

قلات، نصیرآباد: حفاظتی ٹیکہ جات مہم تیز، ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے پر زور

یو سی مالکی اور چشمہ ایریا میں والدین کو ویکسین کی اہمیت سے آگاہی دی گئی

رکشہ بینرز کے ذریعے مختلف علاقوں میں ویکسین پیغام مؤثر انداز میں پہنچایا گیا

ورلڈ امیونائزیشن ویک کے تحت BSDSB کی کمیونٹی سطح پر آگاہی سرگرمیاں جاری

قلات (پ ر) "کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے، ہر بچے تک رسائی حاصل کرکے اسے مکمل ویکسین دی جائے" عالمی ہفتہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے تحت، ای پی آئی بلوچستان اور گاوی کے تعاون سے BSDSB ٹیم نے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کو فروغ دینے اور ہر بچے کے تحفظ کے لیے کمیونٹی سطح پر سرگرمیاں بھرپور انداز میں انجام دیں۔ یو سی مالکی اور میونسپل کمیٹی قلات (چشمہ ایریا) میں BSDSB نے مؤثر آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا، جن میں بچوں کے سرپرستوں اور کمیونٹی ممبران نے شرکت کی۔ سیشنز میں درج ذیل نکات پر توجہ دی گئی: بچوں کی صحت کے لیے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت، بغیر ویکسین کے بچوں کو درپیش خطرات، زیرو ڈوز بچوں اور ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی، سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کہ وہ چھوٹ جانے یا انکار کے کیسز کی بروقت اطلاع دیں۔ یو سی مالکی میں 14 سے زائد کمیونٹی ممبران نے بھرپور شرکت کی، اور سوال و جواب کے ذریعے سیشن کو مزید مؤثر بنایا۔ شرکاء نے ویکسین کے فوائد اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے گہری دلچسپی ظاہر کی۔ مزید لوگوں تک پیغام پہنچانے کے لیے قلات کے مصروف علاقوں میں رکشوں پر آگاہی بینرز آویزاں کیے گئے، جن کے ذریعے حفاظتی ٹیکہ جات سے متعلق اہم پیغامات وسیع پیمانے پر پھیلائے گئے۔ ان کوششوں کے ذریعے BSDSB کمیونٹی میں آگاہی اور حفاظتی ٹیکہ جات کی طلب کو مزید مضبوط بنا رہا ہے، تاکہ ہر نسل کے لیے ایک صحت مند اور محفوظ مستقبل یقینی بنایا جاسکے۔

ایف آئی اے آفیسر میر خیام جمالدینی کی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی

نوشکی (آن لائن) نوشکی سے تعلق رکھنے والے ایف آئی اے آفیسر میر خیام جمالدینی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پا گئے، نوشکی کے عوامی حلقوں نے میر خیام جمالدینی کو ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

قلات+نصیرآباد، ای پی آئی بلوچستان اور گاوی کے تعاون سے BSDSB کے زیراہتمام حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے علاقہ مکینوں کو آگاہی دی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب رکشوں پر آگاہی پیغامات آویزاں کیے جارہے ہیں

سبی، ایم کیو ایم پاکستان کے زیراہتمام لگائے گئے شربت کی سبیل میں ڈسٹرکٹ انچارج سلیم خان مرغزانی ودیگر موجود ہیں

بعدالت میر زابر علی ڈومکی تحصیلدار لہڑی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی میر بخش ولد رحم علی قوم بلوچ بغدار سکنہ تحصیل لہڑی وفات پا چکا ہے از روئے شرعی فتویٰ مرحوم کے جائز ورثاء میں ایک بیٹا شاہل خان اور دو 2 لڑکیاں مسماۃ بی بی امل اور بھائیں والی ہیں موضع طغاچی میں انتقال وراثت درج کرنی مطلوب ہے اگر کسی شخص/ پتی دار کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی میں تحریری طور پر پیش ہوں بصورت دیگر انتقال وراثت درج ہوکر تصدیق کیا جائیگا اشتہار ہذا آج مورخہ 23/4/2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ DM

بعدالت جان محمد سیلاچی نائب تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد حسن ولد مرزا خان قوم گورگیج نے ایک درخواست بمعہ حلفیہ بیان شرعی فتویٰ مجاریہ مولانا ریاض الدین جامعہ قاسم العلوم صحبت سرائے روڈ سبی پیش کرکے استدعاء کی ہے کہ اس کا والد متوفی مرزا خان ولد بشکیہ خان قوم گورگیج بقضائے الہیٰ فوت ہو چکا ہے جس کی زرعی اراضی محال مانا واہ گورگیج سیاہ آف مل میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ شرعی فتویٰ کہ متوفی مرزا خان مذکور کے پسماندگان میں چار بیٹے محمد حسن، بہادر خان، گولہ خان، تاج محمد جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج / منتقل کرنا مطلوب ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز ورثاء پر کسی پتی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات یوم اپنا عذر واعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت درج ہوکر تصدیق و منظور کیا جائے بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 24/4/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

سلیم گشکوری سبی

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 152/25 دعویٰ بازو

میر حمزہ ولد عبدالحکیم پتہ کلی جمعہ خان کوئٹہ بنام بی بی زوجہ میر حمزہ پتہ کچھ تحصیل لہڑی ڈسٹرکٹ سبی

اشتہار بنام مدعا علیہ امدعا علیہم بی بی زوجہ میر حمزہ:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 5/5/2026 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کررہا ہے اور روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ امدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 23/4/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

63028

TENDER NOTICE

TSE-2526041028813 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Divisional Forest Officer Awaran invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	2nd Year Maintenance Cluster Plantation 607 Hecatres	15,175,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,622,500 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 May, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Divisional Forest Officer Awaran Phone no: 0333370556
Fax no: 87678 Email: nila1@gmail.com

DIVISIONAL FOREST OFFICER AWARAN

PRQ No.4765/25-4-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم / تحصیلدار فرید آباد

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عین الدین ولد علاؤالدین قوم کھوسہ پیش ہوکر استدعا کی ہے کہ ان کی دادا و طوطہ زوجہ حاجی محمد اسماعیل خان عرصہ بیس سال قبل فوت ہو چکی ہے جس کی زرعی جائیداد موضع گھاڑی کھاتہ نمبر 46 رقبہ تعدادی 0-31 ایکٹر ریونیو ریکارڈ میں درج شدہ ہے جس کی جائز وارث 1۔ محمد رفیق خان 2۔ علاؤالدین خان پسران محمد اسماعیل خان ہیں 1۔ محمد رفیق خان ولد محمد اسماعیل خان عرصہ تقریباً پانچ سال فوت ہو چکے ہیں متوفی محمد رفیق کے جائز وارث 1۔ نظام الدین 2۔ صلاح الدین 3۔ اسرار احمد 4۔ فیروز احمد پسران متوفی محمد رفیق ہیں ان کے علاوہ متوفی مذکور کا اور کوئی جائز وارث نہیں ہے 2۔ علاؤالدین خان ولد محمد اسماعیل قوم کھوسہ عرصہ تقریباً دس سال قبل فوت ہو چکے ہیں متوفی علاؤالدین کے جائز وارث ذیل ہیں 1۔ عین الدین 2۔ زین الدین 3۔ غلام محی الدین 4۔ فصیح الدین 5۔ سراج الدین پسران متوفی علاؤالدین اس کے علاوہ متوفی مذکور کا اور کوئی جائز وارث نہیں ہے متوفی 1۔ طوطی زوجہ حاجی محمد اسماعیل خان 2۔ محمد رفیق 3۔ علاؤالدین پسران حاجی اسماعیل کا فوتگی اور ورثاء سرٹیفکیٹ سیکریٹری یونین کونسل گھاڑی نے جاری کی ہے اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو زیر دستخطی کو اندر سات یوم پیش ہو اشتہار ہذا آج میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ صحبت پور

Save Trees, Save Environment.

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF CLIMATE CHANGE
AND ENVIRONMENTAL COORDINATION
*****

URAAN PAKISTAN

VACANCY ANNOUNCEMENT

TECHNICAL ADVISOR (MP-I)

Applications are invited from Pakistani nationals for appointment to the position of Technical Advisor (MP-I Scale) in the Ministry of Climate Change & Environmental Coordination, Islamabad, on contract basis for a period of three (03) years. The contract shall be extendable for a further maximum period of two (02) years on an annual basis, subject to satisfactory performance, in accordance with the MP Scale Policy-2020, as amended from time to time. The requisite eligibility criteria are as follows:

Qualification / Eligibility

1. **Qualification:** Ph.D./M.Phil. or Master's degree in Climate Change, Environmental Sciences, Renewable Energy, Natural Resource Management, Environmental Economics & Policy, Climate Finance, or any other relevant discipline from an HEC-recognized national or internationally reputed university. Candidates possessing degrees from world-class universities and those with highly cited research publications in national/international high-impact journals will be given preference. Advanced education or joint degrees in finance and law will be considered an added advantage.
2. **Experience:** At least seven (07) years of professional experience for candidates with a Ph.D. and nine (09) years for candidates with a Master's degree in the relevant field, including a minimum of three (03) years in senior management positions. Experience in policy formulation, strategic planning, and conceiving/ implementing development initiatives, particularly in the field of climate change, is required. Experience with reputed international organizations, including United Nations agencies, climate finance institutions, capital markets (investment banking, technical finance, carbon finance), climate law firms, and climate-related start-ups, will be preferred.
3. Comprehensive understanding of national and international climate change scenarios.
4. Demonstrated knowledge and practical experience in multidisciplinary policy and strategy formulation, national planning in environmental management, and mainstreaming climate change mitigation and adaptation initiatives, including livelihood improvement, biodiversity conservation, and natural resource management in developing countries.
5. Proven leadership potential and expertise in areas such as climate modelling, financial modelling, policy analysis (qualitative and quantitative), MRV (Measurement, Reporting, and Verification), data systems/sciences, and outcomes analysis.
6. Strong understanding of linkages between environment, energy, climate change, Sustainable Development Goals (SDGs), macroeconomic policies, poverty reduction, and sustainable development.
7. Extensive conceptual and practical knowledge of the operational and strategic frameworks of international donors and UN agencies.
8. Experience in working with and coordinating among stakeholders, including governments, international donors, INGOs, and civil society organizations.
9. Demonstrated ability to analyze data and prepare analytical and technical reports.
10. Experience in drafting climate change-related legislation and legal documents.
11. **Age Limit:** Maximum 62 years (to be calculated as on the closing date for submission of applications).
12. **Quota:** Open Merit.

HOW TO APPLY

- Recruitment for the post shall be governed under the Management Position (MP) Scale Policy-2020, as amended from time to time.
- Detailed Terms of Reference (ToRs) and shortlisting criteria are available on the Ministry's website: https://mocc.gov.pk. Eligible candidates meeting the criteria are required to apply online through the National Job Portal (NJP) at www.njp.gov.pk.
- The closing date for submission of applications is fifteen (15) days from the date of publication of this advertisement.
- Government employees must apply online and submit a No Objection Certificate (NOC) from their respective departments.
- Applications that are incomplete or received after the due date will not be entertained.
- A hard copy of the CV must be forwarded to the address given below after applying online.
- No TA/DA will be admissible for test/interview.
- Only shortlisted candidates will be called for interview.

(Shahrez Abbas)
Section Officer (Admn-I)
Ministry of Climate Change & Environmental Coordination
LG & RD Complex, Sector G-5/2, Islamabad
Tele: 051-9245547

PID (I) 8665/25

پی ایس ایل 11 فائنل شائقین کیساتھ ہوگا، وزیراعظم کا بڑا فیصلہ

وزیراعظم بھی شائقین کو اجازت دینے کے حق میں تھے، تاہم ملک بھر میں کفایت شعاری اقدامات نافذ اور ایندھن کے استعمال میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں

شائقین کو فائنل دیکھنے کی اجازت، فرنچائز مالکان کی درخواست پر وزیراعظم نے منظوری دی جس پر ہم وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کا بڑا فیصلہ، پی ایس ایل 11 فائنل میں شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دیدی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے سوشل میڈیا اکاونٹ ایکس پر وزیراعظم کے فیصلے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے وزیراعظم سے درخواست کی تھی کہ شائقین کرکٹ کو اسٹیڈیمز میں داخلے کی اجازت دی جائے۔ وزیراعظم بھی شائقین کو اجازت دینے کے حق میں تھے، تاہم ملک بھر میں کفایت شعاری اقدامات نافذ ہیں اور ایندھن کے استعمال میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ محسن نقوی کے مطابق فرنچائز مالکان کی درخواست پر وزیراعظم نے پی ایس ایل 11 کے فائنل میں شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی خصوصی اجازت دے دی ہے، جس پر ہم وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پی ایس ایل کا فائنل تین مئی کو لاہور میں کھیلا جائیگا۔

عامر سہیل کے کراچی سے متعلق متنازع ریمارکس، نیا طوفان کھڑا

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے 11 ویں ایڈیشن میں لاہور اور کراچی کے میچ کے دوران سابق قومی کپتان اور معروف کمنٹیٹر عامر سہیل کے کراچی سے متعلق متنازع ریمارکس نے سوشل میڈیا پر ایک نیا طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ عروس البلاد کہلانے والے پاکستان کے معاشی حب کراچی کے شہریوں اور کرکٹ شائقین نے عامر سہیل کے جملوں کو غیر ذمہ دارانہ قرار دیتے ہوئے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے درمیان ہونے والے میچ کے دوران کمنٹری کرتے ہوئے عامر سہیل نے شہر قائد کا ذکر غیر ضروری طور پر پان کی پچکاریوں سے کیا۔ انہوں نے گفتگو کے دوران مبینہ طور پر کراچی کی پہچان کو پان تھوکنے کی عادت سے جوڑا، جسے شہریوں نے شہر کی توہین اور نسلی تعصب پر مبنی جملہ قرار دیا ہے۔

لاہور، کراچی کنگز کا کھلاڑی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کیخلاف میچ میں شارٹ کھیلتے ہوئے

اسلام آباد یونائیٹڈ پلے آف مرحلے میں پہنچنے والی تیسری ٹیم بن گئی

حیدرآباد کنگزمین کے خلاف جیت کے سبب ٹاپ فور میں جگہ پکی کرلی

لاہور (آن لائن) اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم حیدرآباد کنگزمین کو شکست دیکر پلے آف مرحلے میں پہنچنے والی تیسری ٹیم بن گئی۔ لاہور قلندرز، کراچی کنگز، حیدرآباد کنگزمین اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز پلے آف کی دوڑ میں شامل ہیں۔ حیدرآباد کنگزمین کے خلاف جیت کے سبب اسلام آباد یونائیٹڈ نے 11 پوائنٹس کے ساتھ نہ صرف ٹاپ فور میں جگہ پکی کرلی بلکہ پلے آف کیلیے بھی کوالیفائی کرلیا۔ میچ میں صرف 80 رنز پر آؤٹ ہونے اور شکست کے سبب حیدرآباد کنگزمین کا رن ریٹ بھی کم ہوگیا اور وہ پانچویں نمبر پر چلی گئی جبکہ لاہور قلندرز کو ٹیبل پر چوتھے نمبر پر قدم جمانے کا موقع مل گیا ہے۔ اس وقت ٹیبل پر صورتحال بڑی دلچسپ ہوگئی ہے۔ لاہور قلندرز، حیدرآباد کنگزمین اور کراچی کنگز کے 8، 8 پوائنٹس ہیں اور یہ تینوں ٹیمیں پلے آف کی آخری ٹیم کے طور پر مضبوط امیدوار ہیں۔ اب آخری میچوں میں بات ان ٹیموں کی جیت کی نہیں رہی بلکہ ان کو فتح کے ساتھ ساتھ اپنا نیٹ رن ریٹ بھی بہتر کرنا ہوگا۔ یہ کہہ سکتے ہیں حیدرآباد کنگزمین کو لاہور قلندرز اور کراچی کنگز پر کچھ ایڈوانٹیج حاصل ہے کیونکہ حیدرآباد کنگزمین کا آخری مقابلہ کراچی اور لاہور کے میچوں کے بعد ہوگا۔ دوسری جانب اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم کی حیدرآباد کنگزمین کے خلاف فتح سے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے لیے بھی ٹاپ فور میں پہنچنے کی کچھ امیدیں پیدا ہوگئی ہیں۔ اس وقت کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے 6 پوائنٹس ہیں اور اُس کا آخری میچ آج کراچی کنگز کے خلاف ہے۔ اگر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم کراچی کنگز کو، پشاور زلمی، لاہور قلندرز کو اور راولپنڈیز کی ٹیم حیدرآباد کنگزمین کو شکست دینے میں کامیاب ہوتی ہے تو 4 ٹیموں کے 8، 8 پوائنٹس ہوجائیں گے تو اُس صورت میں فیصلہ بہتر رن ریٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

کراچی نے کوئٹہ کو ہرا کر پی ایس ایل سے آؤٹ کر دیا

کراچی کنگز کا ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 195 رنز بنائے

ڈیوڈ وارنر 90 اور رضا ہینڈرکس 87 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، دوسری وکٹ کی شراکت میں 141 رنز کا اضافہ کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 11 کے میچ میں کراچی کنگز نے یکطرفہ مقابلے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 9 وکٹوں سے شکست دے دی۔ پی ایس ایل 11 کا سینتیس واں میچ کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیموں کے درمیان قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا گیا، کراچی کنگز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 195 رنز بنائے، اوپنرز شامل حسین اور خواجہ نافع بغیر کوئی سکور بنائے پویلین لوٹ گئے، تیسری وکٹ کی شراکت میں ریلی روسو اور کپتان سعود شکیل نے 148 رنز کا اضافہ کیا، ریلی روسو 90 اور سعود شکیل 57 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، دیگر کھلاڑیوں میں حسن نواز اور جہانداد خان 3، 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، دنیش چندیمل 30 اور الزاری جوزف 2 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ کراچی کنگز کی جانب سے حسن علی، رضوان اللہ اور عباس آفریدی نے 2، 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 196 رنز کے ہدف کے حصول کے لیے بعد میں بیٹنگ کرتے ہوئے کراچی کنگز نے 18.3 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 199 رنز بنا کر میچ جیت لیا۔ کراچی کنگز کے واحد آؤٹ ہونے والے کھلاڑی حسین رائے تھے وہ 20 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ڈیوڈ وارنر 90 اور رضا ہینڈرکس 87 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، دونوں نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 141 رنز کا اضافہ کیا اور ناٹ آؤٹ رہے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی جانب سے جہانداد خان نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

لاہور، انٹر ڈسٹرکٹ کبڈی چیمپئن شپ کے فائنل میچ میں لاہور اور قصور کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

ایچ ای سی آل بلوچستان انٹر یونیورسٹی فٹبال چیمپئن شپ: یونیورسٹی آف تربت کی شاندار کامیابی، سیمی فائنل میں جگہ بنا لی

یونیورسٹی آف تربت کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، تربت یونیورسٹی کی جانب سے سعد احمد نے دو گول اسکور کیے

طلبہ کی ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں، خصوصاً کھیلوں میں مسلسل غیر معمولی کارکردگی قابل تحسین ہے، وائس چانسلر تربت یونیورسٹی

تربت (آن لائن) ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام جاری آل بلوچستان انٹر یونیورسٹی فٹبال چیمپئن شپ 2026 کے سلسلے میں ایک اہم فٹبال میچ لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز، اوتھل کے فٹبال گراونڈ میں کھیلا گیا، جس میں یونیورسٹی آف تربت کی فٹبال ٹیم نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کی فٹبال ٹیم کو چار صفر سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ میچ کے دوران یونیورسٹی آف تربت کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ تربت یونیورسٹی کی جانب سے سعد احمد نے دو گول اسکور کیے، جبکہ شہاب عارف اور جہانزیب نے ایک ایک گول کر کے ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ تربت یونیورسٹی کی فٹبال ٹیم کے دفاعی لائن اور گول کیپر کی عمدہ کارکردگی کے باعث مخالف ٹیم کوئی گول اسکور نہ کر سکی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اس نمایاں کامیابی پر یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن، انچارج اسپورٹس مظہر نکی، فیکلٹی ممبران، انتظامی عملے اور طلبہ نے ٹیم کی اس شاندار جیت پر کھلاڑیوں کو دلی مبارکباد دی اور آئندہ میچز کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وائس چانسلر نے ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں، خصوصاً کھیلوں میں مسلسل غیر معمولی کارکردگی قابل تحسین ہے۔ انہوں نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ کھلاڑی آئندہ میچز میں بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

پاکستانی اسپرنٹر سمیع اللہ اور فائقہ ریاض 60 میٹر دوڑ کے فائنل میں

سمیع اللہ کی ہیٹ ایک میں دوسری پوزیشن جبکہ فائقہ ریاض نے دوسری پوزیشن حاصل کی

ثانیہ (این این آئی) ایشین یوتھ گیمز میں پاکستانی اسپرنٹر سمیع اللہ اور فائقہ ریاض 60 میٹر ریس کے فائنل میں پہنچ گئے۔ ایشین یوتھ گیمز چین کے شہر ثانیہ میں جاری ایونٹ میں پاکستان کے اسپرنٹر سمیع اللہ نے 60 میٹر کے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ سمیع اللہ نے ہیٹ 1 میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ ایشین یوتھ گیمز میں خواتین کے مقابلے میں پاکستان کی اسپرنٹر فائقہ ریاض نے 60 میٹر کے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ فائقہ ریاض نے تیسری ہیٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پاکستان کی اسپرنٹر تامین خان 60 میٹر کے فائنل کے لیے کوالیفائی نہ کر سکیں۔ انہوں نے ہیٹ میں 8 اتھلیٹس میں سے چھٹی پوزیشن حاصل کی۔ دوسری جانب ایشین یوتھ گیمز میں پاکستان کبڈی ٹیم نے بنگلہ دیش کو شکست دے دی۔ پاکستان کبڈی ٹیم نے بنگلادیش کے خلاف 30-43 سے کامیابی حاصل کی۔ یاد رہے کہ گزشتہ میچ میں ایران نے پاکستان کبڈی ٹیم کو 28-38 سے شکست دی تھی۔

کوکین استعمال، نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر 2 سالہ پابندی عائد

بریسویل نے کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل کے دوران کوکین کا استعمال کیا، برطانوی میڈیا

لندن (یو این پی) نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر کوکین کے استعمال کے باعث 2 سال کی پابندی لگ گئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق 35 سالہ بریسویل نے گزشتہ برس کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل میں کوکین کا استعمال کیا تھا۔ نیوزی لینڈ کے سابقہ فاسٹ بولر کا 25 ستمبر کو ٹیسٹ مثبت آیا جبکہ بریسویل نے بھی کوکین کے استعمال کا اعتراف کیا، وہ ایونٹ میں ایسیکس کی نمائندگی کر رہے تھے۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے باوجود منشیات کا ٹیسٹ مثبت آنے پر بریسویل پر 2 سال کی پابندی لگائی گئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ بریسویل نے کوکین استعمال پر بطور سزا 2 سالہ پابندی کو تسلیم کرلیا ہے جبکہ ایسیکس کاؤنٹی کو کوئی سزا نہیں ہوگی۔ نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے سابقہ فاسٹ بولر 2024ء میں بھی کوکین کے استعمال کی وجہ سے ایک ماہ پابندی کا شکار ہوئے تھے۔

ٹیسٹ کرکٹر ظفر گوہر کا پاکستان میں محدود مواقع ملنے پر مایوسی کا اظہار

انگلینڈ میں اسپن بولنگ آسان نہیں، محنت اور درست حکمت عملی سے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کی جانب سے ایک ون ڈے اور ایک ٹیسٹ میچ کھیلنے والے 31 سالہ ظفر گوہر اب برطانوی شہریت حاصل کرنے کے بعد انگلینڈ ٹیم میں جگہ بنانے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے 2025 میں گلوسٹر شائر سے مڈل سیکس کا رخ کیا، جہاں وہ مسلسل بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، اگرچہ اس سیزن میں ان کی وکٹیں نسبتاً کم رہی ہیں تاہم بیٹنگ میں 164 رنز، بشمول 83 رنز کی ایک اہم اننگ ان کی آل راؤنڈ صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے۔ ظفر گوہر نے بتایا کہ انگلینڈ میں اسپن بولنگ آسان نہیں، لیکن محنت اور درست حکمت عملی سے کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے، وہ لارڈز جیسے میدان پر بھی مؤثر بولنگ کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں جہاں عام طور پر اسپنرز کو کم مدد ملتی ہے۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں پاکستان کی جانب سے محدود مواقع ملنے پر مایوسی کا اظہار بھی کیا، ان کے مطابق کاؤنٹی کرکٹ میں شاندار کارکردگی کے باوجود انہیں نظر انداز کیا گیا جس کے بعد انہوں نے انگلینڈ میں اپنے کیریئر کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا۔ ظفر گوہر پرامید ہیں کہ اگر انہیں انگلینڈ کی نمائندگی کا موقع ملا تو وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گے۔

سابق نائیجیرین فٹبالر کا دوستانہ میچ کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال

دل دہلا دینے والا واقعہ ہے، میرے پاس الفاظ نہیں، اللہ جنت میں جگہ دے، سیکرٹری این ایف ایف

ابوجا (آن لائن) نائیجیریا کے 40 سالہ سابق فٹبالر مائیکل اینیرامو دوستانہ میچ کے دوران دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نائیجیرین فٹبال فیڈریشن (این ایف ایف) نے سابق فٹبالر مائیکل اینیرامو کے موت کی تصدیق کر دی ہے، اس حوالے سے این ایف ایف نے ایک بیان میں کہا کہ مائیکل اینیرامو جمعہ کی صبح کادونا کے علاقے انگوان یلوا میں ایک مقامی دوستانہ میچ کے دوران میدان میں گر کر انتقال کر گئے۔ این ایف ایف نے بتایا کہ یہ واقعہ میچ کے دوسرے ہاف کے 5 منٹ بعد پیش آیا، اور ابتدائی رپورٹس کے مطابق ان کی موت کی وجہ دل کا دورہ تھا۔ این ایف ایف کے جنرل سیکرٹری محمد سنوسی نے تعزیتی پیغام میں کہا یہ ایک دل دہلا دینے والا واقعہ ہے، اس وقت میرے پاس الفاظ نہیں ہیں، میں صرف دعا کر سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے اہل خانہ اور نائیجیریا فٹبال فیملی کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اینیرامو نے افریقہ، یورپ اور مشرق وسطیٰ کے کئی کلبوں کی نمائندگی کی، انہوں نے 2009 میں جمیکا کے خلاف ایک دوستانہ میچ میں ڈیبیو کرنے کے بعد نائیجیریا کی قومی ٹیم "سپر ایگلز" کیلئے 10 میچز کھیلے۔

کوشش کرتا ہوں 10 میں سے تین سے چار میچ اپنی ٹیم کو جتواؤں، خوشدل شاہ

ٹیم کے کھلاڑیوں سے مختلف ہوں، نہ سوشل میڈیا پر کچھ کہتا ہوں اور یہ بیان دیتا ہوں کہ میرے ساتھ زیادتی ہوئی، گفتگو

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کے آل راؤنڈر خوشدل شاہ کا کہنا ہے کہ کوشش کرتا ہوں کہ 10 میں سے تین سے چار میچ اپنی ٹیم کو جتواؤں۔ پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کے آل راؤنڈر خوشدل شاہ نے کہا کہ بلے باز کے لیے نمبر 7 کی مشکل ترین پوزیشن ہوتی ہے میری کوشش ہوتی ہے کہ اپنی بیٹنگ سے ٹیم کو کامیابی دلواؤں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور قلندرز کے خلاف ہماری ٹیم کو جیت کی ضرورت تھی۔ خوشدل شاہ نے کہا کہ پاکستان ٹیم کے کھلاڑیوں سے مختلف ہوں، نہ سوشل میڈیا پر کچھ کہتا ہوں اور یہ بیان دیتا ہوں کہ میرے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ ڈومیسٹک میں 5 اور 6 نمبر پر 700 سے 800 رنز کیے ہیں، ڈبل سنچری بنائی 150 پلس بھی اسکور کیے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ٹیم سے ڈراپ ہوں۔

آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے شاندار میچز جاری

نیشنل کلب خضدار نے قلات الیون کو 0-2 سے شکست دیدی

دوسرے سنسنی خیز میچ میں زبرین کلب مستونگ نے السعادات کلب خاران کو پنلٹی ککس کے ذریعے 3 کے مقابلے میں 5 گول سے ہرا دیا

نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، مہمان خصوصی جانی پٹھان، شعیب سناڑی، یاسین شاہوانی و دیگر کا خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو اسٹیڈیم خضدار میں دو شاندار میچز کھیلے گئے جہاں شائقین فٹبال کا جم غفیر امڈ آیا اسٹیڈیم تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور نوجوانوں، بزرگوں اور بچوں کی بڑی تعداد اپنی پسندیدہ ٹیموں کو سپورٹ کرنے پہنچی تھی پہلا میچ نیشنل کلب خضدار اور قلات الیون کلب کے درمیان کھیلا گیا دونوں ٹیموں نے شروع سے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور ایک دوسرے کے گول پر مسلسل حملے جاری رکھے پہلے ہاف میں دفاعی لائن کی مضبوطی کی وجہ سے کوئی ٹیم گول اسکور نہ کرسکی دوسرے ہاف میں نیشنل کلب خضدار نے کھیل پر اپنی گرفت مضبوط کی نیشنل کلب کے فارورڈ نے شاندار موو بناتے ہوئے پہلا گول داغ کر اسٹیڈیم میں خوشی کی لہر دوڑا دی اس کے کچھ دیر بعد ہی نیشنل کلب نے ایک اور بہترین حملہ کیا اور دوسرا گول کر کے برتری 2 صفر کر دی قلات الیون نے گول واپس کرنے کے لیے سر توڑ کوشش کی مگر نیشنل کلب خضدار کے گول کیپر اور دفاع نے تمام حملے ناکام بنا دیے ریفری کی اختتامی سیٹی پر نیشنل کلب خضدار نے 2 صفر سے میدان مار لیا اور شائقین نے جیتنے والی ٹیم کو بھرپور داد دی دوسرا میچ زبرین کلب مستونگ اور السعادات کلب خاران کے درمیان کھیلا گیا جو پہلے میچ سے بھی زیادہ سنسنی خیز ثابت ہوا دونوں ٹیموں نے بہترین پاسنگ، ڈریبلنگ اور اسکلز کا مظاہرہ کر کے شائقین کے دل جیت لیے مقررہ وقت تک کوئی بھی ٹیم گول نہ کرسکی کیونکہ دونوں گول کیپرز نے کئی یقینی گول بچائے برابر ہونے کی صورت میں فیصلہ پینلٹی ککس پر گیا پینلٹی ککس کا مرحلہ انتہائی دلچسپ اور اعصاب شکن رہا زبرین کلب مستونگ کے کھلاڑیوں نے اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے بہترین نشانے لگائے زبرین کلب نے 5 کے مقابلے میں 3 گول سے کامیابی حاصل کرلی السعادات کلب خاران نے ہار کے باوجود شاندار کھیل پیش کیا اور تماشائیوں نے دونوں ٹیموں کو کھڑے ہوکر داد دی میچ کے مہمان خاص پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما جانی پٹھان تھیان کے ہمراہ شعیب سناڑی، یاسین شاہوانی و دیگر معزز مہمان موجود تھے ٹورنامنٹ آرگنائزر و نیشنل پارٹی کے صدر رئیس بشیر احمد مینگل، ضلعی جنرل سیکرٹری ناصر کمال، ضلعی ترجمان جلیل غلامانی اور عابد شاہوانی بھی شریک تھیں این پی عوامی کے ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری، سابق صدر سردار نواز چھانگا، سردار نیاز محمد مینگل بھی گراؤنڈ میں موجود تھے سینئر صحافی خورشید بلوچ، ڈی ایف اے ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری عبدالقادر بلوچ اور سابق سیکرٹری غلام سرور لہڑی سمیت دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی میچ شروع ہونے سے قبل مہمان خاص جانی پٹھان کا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف کرایا گیا کھلاڑیوں نے مہمان خاص سے مصافحہ کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جانی پٹھان نے کہا کہ وہ ٹورنامنٹ آرگنائزر رئیس بشیر احمد مینگل کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے مہمان خاص کا اعزاز بخشا

ہم نے خراب بیٹنگ کی، اس پر کوئی بہانہ نہیں کرسکتے، جیسن گلیسپی کا اعتراف

جب آپ 80 پر آؤٹ ہو جاتے ہیں، تو اگلی ٹیم کو روکنا مشکل ہوتا ہے، گفتگو

کراچی (این این آئی) حیدرآباد کنگزمین کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے اعتراف کیا ہے کہ ہم نے خراب بیٹنگ کی ہے اور اس پر کوئی بہانہ نہیں کر سکتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلیسپی نے کہا کہ ہمیں وکٹ کا اندازہ تھا تاہم ہم نے کنڈیشنز کے مطابق نہیں کھیلا۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ 80 پر آؤٹ ہو جاتے ہیں، تو اگلی ٹیم کو روکنا مشکل ہوتا ہے، ہمیں یقین ہے ہم آخری میچ اچھا کھیل سکتے ہیں، صائم ایوب سے گلین میکسویل تک ہر کوئی بھرپور محنت کر رہا ہے۔

ملیریا کے عالمی دن کے مناسبت سے سول ہسپتال بھاگ میں پروگرام

ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، اور ایل ایچ وی کو ملیریا پروگرام کے بارے میں آگاہی دی گئی

سکول کے بچوں کے طرف ملیریا آگاہی کے لئے چارٹ اور ملیریا ٹیسٹ کا اسٹال لگایا

بھاگ (آن لائن) ملیریا کے عالمی دن کے مناسبت سے پی آر ایس پی اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے سول ہسپتال بھاگ میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا پروگرام میں پی آر ایس پی ضلع بولان کچھی کے کوآرڈینیٹر امتیاز احمد رند نے ملیریا کے حوالے سے پروگرام کے شرکاء کو بریفنگ دی MNS آفیسر انڈس ہسپتال اور محمد آصف لوجسٹک آفیسر پی آر ایس پی، ایم ایس سول ہسپتال بھاگ ڈاکٹر مشتاق احمد ابڑو، ڈاکٹر سفیر احمد مغیری، نائب تحصیلدار بھاگ محمد سلیمان جھکرانی، شبیر احمد ہنگورزئی فوکل پرسن سول ہسپتال بھاگ ملیریا کے عالمی دن کے مناسبت سے آج مورخہ 25 اپریل 2026 کو پی آر ایس پی بتعاون انڈس ہسپتال کی طرف سے سول ہسپتال بھاگ میں پروگرام منعقد ہوا جس میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، اور LHWs کو ملیریا پروگرام کے بارے میں مکمل آگاہی دی گئی

خود تشخیصی ادویات کا استعمال، نقصانات کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد

ہماری زمہ داری ہے خود تشخیصی ادویات کا استعمال روکنے کی کوشش کریں، مقررین

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) آل نصیرآباد میڈیکل ایسوسی ایشن ڈیرہ مراد جمالی کے زیر اہتمام خود تشخیصی ادویات کا استعمال اور اس کے نقصانات کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار ڈسٹرکٹ کونسل ہال ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز جمالی جبکہ اعزازی مہمان سابق ڈویژنل ڈائریکٹر محکمہ صحت نصیرآباد ریٹائرڈ ڈاکٹر عبدالمنان لانگو تھے سیمینار سے سابق ڈائریکٹر محکمہ صحت نصیرآباد ڈاکٹر حماد اللہ زہری، چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عبدالقدیر ابڑو، عبداللہ رند ڈرگ انسپکٹر اعجاز علی، ڈاکٹر فضل محمد کھوسہ، سیٹھ نثار چند، آل نصیرآباد میڈیکل ایسوسی ایشن ڈیرہ مراد جمالی کے چیئرمین ڈاکٹر ارباب سکندر پندرانی، صدر مختیار احمد قادری بنگلہ، سترام داس پہوجہ وائس چیئرمین ڈاکٹر بلند خان رند، ڈاکٹر شکر خان پندرانی نے کرکے خود تشخیصی ادویات اور اس کے نقصانات پر روشنی ڈالی سیمینار میں ڈاکٹر عارف لہڑی، ڈاکٹر عبدالرحمن پندرانی بابو محمد یوسف ساسولی، دین محمد کھوسہ، ممتاز نثار احمد قادری بنگلہ، حبیب آباد سے تعلق رکھنے والے ہول سیل میڈیسن سیلرز سمیت بڑی تعداد میں ڈاکٹرز، میڈیکل اسٹورز مالکان اور شہریوں نے شرکت کی

دالبندین، ملک عبدالقدوس سیاہ پاد رند کی سربراہی میں خونی تنازعہ کے تصفیہ کے بعد دعا کی جارہی ہے

مخلص کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، فریدہ بلوچ

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ خواتین ونگ بلوچستان کے نائب صدر معروف سیاسی و سماجی رہنما فریدہ بلوچ نے کہا ہے کہ پارٹی کے مخلص کارکنان پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کارکنوں کی محنت و لگن سے آج مسلم لیگ بلوچستان کی سب سے بڑی پارلیمانی پارٹی کی حیثیت رکھتی ہے کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے ان خیالات کا اظہار فریدہ بلوچ نے یہاں اوستہ محمد میں خواتین ونگ کی اعلیٰ سطح اجلاس کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزارتوں کے مزے لوٹنے والے پارٹی کارکنوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کریں کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے پارٹی کے مخلص نظریاتی کارکنوں کی محنت و لگن سے مسلم لیگ آج بلوچستان بھر میں فال و منظم ہوئی ہے

ملیریا کے عالمی دن کے موقع پر ڈی ایم جمالی میں آگاہی سیمینار، واک کا اہتمام

نصیرآباد (نامہ نگار) محکمہ صحت نصیرآباد کے زیر اہتمام پی آر ایس پی نصیرآباد اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے ملیریا کے عالمی دن کے موقع پر ڈی ایچ او آفیس ڈیرہ مراد جمالی میں ایک آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا تقریب کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز جمالی نے کی سیمینار میں ٹی بی پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر قدیر احمد ابڑو پی آر ایس پی نصیرآباد کے کوآرڈینیٹر عبدالصمد کورار آفس سپرنٹنڈنٹ محمد اعظم بہرانی ملیریا سپروائزر نثار احمد جمالی منور شاہین لیڈی ہیلتھ ورکرز اور ملیریا انچارجز میڈیکل آفیسرز اور پیرامیڈیکس سمیت دیگر متعلقہ افسران اور عملے نے شرکت کی اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملیریا ایک خطرناک مگر قابل علاج بیماری ہے جس سے بروقت احتیاطی تدابیر اور علاج کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے

مدارس کے منتظمین حکومت سے تعاون کرنے کی ضرورت ہے، ڈی سی خضدار

علمائے کرام کے تعاون سے رجسٹریشن کا یہ عمل خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچے گا

علمائے نے حکومتی احکامات پر عملدرآمد کی یقین دہانی، بعض تکنیکی امور پر تحفظات پیش کیے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اور دینی مدارس کے مہتممین و منتظمین کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان چیریٹیز ریگولیشن اتھارٹی بی سی آر اے کے تحت تمام دینی مدارس کی رجسٹریشن کرانا اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے حکومت کے جاری کردہ احکامات و ہدایات کی تفصیلات علمائے کرام اور مدارس کے ذمہ داران کے سامنے رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ طے شدہ ضابطہ اور قانون کے تحت ضلع خضدار کے تمام دینی مدارس کو بلوچستان چیریٹیز ریگولیشن اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن کرانا لازمی ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے کہا کہ اس قومی و صوبائی نوعیت کے عمل کی تکمیل کے لیے مدارس کے مہتممین اور منتظمین کو حکومت کے ساتھ خصوصی تعاون کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ علمائے کرام کے تعاون سے رجسٹریشن کا یہ عمل خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچے گا اور اس سے مدارس کے انتظامی امور میں مزید بہتری آئے گی۔ اجلاس میں علمائے کرام نے حکومتی احکامات پر عملدرآمد کی یقین دہانی کراتے ہوئے بعض تکنیکی امور پر اپنے تحفظات بھی پیش کیے، جن پر ڈپٹی کمشنر نے ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی کرائی۔

خضدار شہر میں مچھروں کی بہتات نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

عوامی حلقوں کا محکمہ صحت سے شہر میں فوری اسپرے مہم شروع کرنے کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر میں مچھروں کی غیر معمولی بہتات نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے عوامی و سیاسی حلقوں نے ذمہ دار حکام اور محکمہ صحت سے شہر بھر میں فوری اسپرے مہم شروع کرنے کا پرزور مطالبہ کیا مچھروں کے کاٹنے سے ملیریا اور ٹائیفائیڈ کے کیسز تیزی سے بڑھ رہے ہیں ہسپتالوں میں ملیریا کے مریضوں کی تعداد میں واضح اضافہ رپورٹ ہورہا ہیلوگوں کے مطابق بارشوں کی کمی کے باعث کھڑے پانی اور گندگی میں مچھروں کی افزائش نسل میں تیزی آئی ہے شہری رات مچھروں کی وجہ سے شدید پریشانی اور ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ بچے خواتین اور بزرگ سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب رات بھر بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ واپڈا حکام کی مہربانیوں کی وجہ سے لوگوں کو مچھروں کی بہتات پر جھیلنی دی ہے خضدار کے عوامی و سیاسی نمائندوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ صورتحال کنٹرول سے باہر ہوتی جارہی بیانہوں نے سیکرٹری صحت بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان، کمشنر قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خضدار اور محکمہ صحت کے دیگر بالا حکام سے اپیل کی ہیکہ خضدار شہر اور گرد ونواح میں ہنگامی بنیادوں پر اینٹی ملیریا اسپرے مہم شروع کی جائے اور ہسپتالوں میں ملیریا و ٹائیفائیڈ کے ٹیسٹ اور ادویات کا مفت انتظام کیا جائیعوام میں مچھروں سے بچاؤ کے لیے آگاہی مہم چلائی جائیشہریوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے

ملک عبدالقدوس نے سیاہ پاد قبیلے کے درمیان خون کا تصفیہ کرا دیا

دالبندین (نمائندہ مشرق) دالبندین: سیاہ پاد رند ہاؤس، کلی خدائے رحیم میں ممتاز قبائلی رہنما ملک عبدالقدوس سیاہ پاد رند نے سیاہ پاد قبیلے کے درمیان خون کا تصفیہ کرا دیا۔ دو سال قبل سرحدی شہر تفتان میں معمولی تنازعے پر میر حسن ولد علی حسن سیاہ پاد کو رحمت اللہ سیاہ پاد، عبدالصمد سیاہ پاد اور فائق محمد شہی نے ڈنڈوں، پتھروں اور چاقوؤں کے وار سے شہید کر دیا تھا۔ بعدازاں علی حسن سیاہ پاد نے اپنے بیٹے کا بدلہ لینے کے لیے فائرنگ کر کے بید اللہ سیاہ پاد رند کو شدید زخمی کر دیا۔ بعدازاں ملک عبدالقدوس سیاہ پاد رند، سید خان سیاہ پاد رند، نذر ریکی اور حضرت سیاہ پاد رند نے دونوں فریقین کے درمیان ثالثی کرتے ہوئے اہم کردار ادا کیا اور انہیں راضی کر لیا۔ بروز ہفتہ 25 اپریل کو دالبندین میں سیاہ پاد رند ہاؤس پر دونوں فریقین ایک جانب علی حسن (جس کا بیٹا شہید کیا گیا تھا) اور دوسری جانب رحمت اللہ، عبدالصمد سیاہ پاد اور فائق محمد شہی اپنی برادری کے ہمراہ موجود تھے، جہاں بلوچی رسم و رواج کے مطابق بغلگیر ہو کر صلح کر لی گئی اور شیر و شکر ہو گئے۔ اس موقع پر ممتاز قبائلی رہنماؤں میں وڈیرہ لیاقت سیاہ پاد، مولا بخش سیاہ پاد، سعد اللہ محمد حسنی، حاجی نور احمد سیاہ پاد، میر سوتا خان رند، میر یوسف خان رند، ملک عبدالحق سیاہ پاد، ٹکری مصطفیٰ سیاہ پاد، ٹکری عبدالغفار ہنگلزئی، اور دیگر قبائلی عمائدین شریک تھے

ضلع کوہلو میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی افزائش، ملیریا پھیلنے کا خدشہ شدت

بی آر ایس پی کے تحت چلنے والا ملیریا کنٹرول پروگرام نظروں سے اوجھل ہے

مچھروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، عوام میں تشویش پائی جاتی ہے

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی افزائش کے باعث ملیریا پھیلنے کا خدشہ شدت اختیار کر گیا ہے، جبکہ ملیریا کنٹرول پروگرام غیر فعال دکھائی دے رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بی آر ایس پی کے تحت چلنے والا ملیریا کنٹرول پروگرام عملاً نظروں سے اوجھل ہے۔ کوہلو شہر اور اس کے گرد و نواح میں مچھروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث عوام میں تشویش پائی جاتی ہے کہ کہیں یہ صورتحال جان لیوا مرض ملیریا کے پھیلاؤ کا سبب نہ بن جائے۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لیں اور ملیریا کنٹرول پروگرام کو فعال بنا کر مچھروں کی افزائش روکنے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، تاکہ کسی ممکنہ وبا سے بروقت بچاؤ ممکن ہو سکے۔

عوام کی خوشحال اولین ترجیحات میں شامل ہے، میر علی احمد

قائدین عوامی مسائل کے حل کیلئے اقدامات کررہے ہیں، رہنما بی اے پی

نوشکی (پ ر) صوبے کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے سیاسی قیادت کی مسلسل کوششیں رنگ لا رہی ہیں، اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر علی احمد بابا کی نے گزشتہ روز مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پرنس آغا عمر جان احمد زئی و دیگر قائدین روز اول سے ہی عوامی مسائل کے حل اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ محدود وسائل کے باوجود تعلیم، صحت، سڑکوں اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی جیسے اہم شعبوں میں خاطر خواہ پیش رفت کی گئی ہے، جس کے مثبت اثرات اب واضح طور پر عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ حکومت کی اولین ترجیح عام آدمی کی زندگی کو آسان بنانا ہے، اور اسی مقصد کے تحت دور دراز علاقوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام اور قیادت کے درمیان رابطہ مضبوط ہونا نہایت ضروری ہے تاکہ مسائل کو بروقت حل کیا جا سکے۔ انہوں نے وفود کو یقین دلایا کہ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے منشور کے مطابق عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی

ماچھی پور، ایس پی صحبت پور عبدالحمید کالج کے طلبا کو آگاہی لیکچر دے رہے ہیں

TENDER NOTICE

Applications are invited upto 12 May 2026 for issuance of tenders for under mentioned works by Gar Fur Yard Qta from approved firms borne on the list of QMG Fur Org within the specified limit Drawing/ Specifications of all items are available with the undersigned.

Ser	Name of Work	Nature of work	Completion Period	Tender will be issued	Tender receipt / opening date	Place of Supply
1.	Provn of Hosp Fur Against Dft - Gar HQ Qta (Job No. 1697 of 2025-26)	08 x Bed hard single with foam mattress and side table Eco Quality 20 x Fowler bed for wards 05 x ITC fowler bed (Hydraulic) 05 x Delivery bed 15 x Bed side cabinet (Standard) 40 x Over bed table	01 Month	30 Apr 2026	At 1100 Hrs on 12 May 2026 / at 1130 Hrs on 12 May 2026	Gar Fur Yard Qta
2.	Provn of Hosp Fur Against Dft -Gar HQ Qta (Job No. 1698 of 2025-26)	03 x Bed hard double with foam mattress and 2 x side table Eco Quality 47 x Fowler bed for ward 120 x (Standard) Bed side cabinet 70 x Over bed table	01 Month		At 1200 Hrs on 12 May 2026 / at 1230 Hrs on 12 May 2026	
3.	Provn of Hosp Fur Against Dft -Gar HQ Qta (Job No. 1699 of 2025-26)	26 x Fowler bed for ward 45 x Examination couch 38 x Patient stool (Revolving) 170 x I.V stand	01 Month		At 1300 Hrs on 12 May 2026 / at 1330 Hrs on 12 May 2026	
4.	Provn of Hosp Fur Against Dft -Gar HQ Qta (Job No. 1700 of 2025-26)	37 x Fowler bed for wards 90 x Bed side cabinet (Standard) 32 x Patient stool (Revolving) 14 x Chair close stool 130 x I.V stand	01 Month		At 1400 Hrs on 12 May 2026 / at 1430 Hrs on 12 May 2026	

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

PPHI-B

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

TENDER NOTICE

Construction of Laboratory Rooms, and Repair & Renovation Works at Various Basic Health Units (BHUs) and District Offices, of PPHI-Balochistan

PPHI-B/H.O-BLN/CW/2025-26/03

Lot No	District Name	Name of Sites	Tender Fee	Closing/Opening Date & Time
01	Kalat	BHU Akhurak	Rs.2000/-	**Pre Bid Meeting:** 28th April, 2026 & Time 01:00 PM **Bid Submission last date:** 12th May, 2026 & Time 11:30 AM directly submitted to the Head Office, PPHI-Balochistan. **Technical Opening:** 12th May 2026 & Time 12:00 PM **Financial Opening:** Date will be Communicated after Technical Assessment
02	Barkhan	BHU Peer Bakhsh Mihani BHU Hakimani	Rs.2000/-	
03	Kech	BHU Kohad BHU Redeeg	Rs.2000/-	
04	Panjgoor	BHU Madrassa Chitkan BHU Washaap	Rs.2000/-	
05	Gawadar	BHU Zahran	Rs.2000/-	
06	Dera Bugti	District Office Dera Bugti	Rs.2000/-	

Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms) Tender fee (non-refundable) for each LOT in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan. Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at http://pphib.org/pphi-b/tenders.

- Proposal should clearly be marked with the Lot# and Description
- Proposal for Each Lot must be submitted separately with separate Tender Fee.
- Each Proposal must contain Technical and Financial bids in separate envelops.
- Financial Proposal for each must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative Balochistan.
- The bid must be delivered containing technical (along with company profile) and financial proposals to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta

MANAGER ADMIN | PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620 FAX: 081-2863642

بقیہ 1 — کمانڈرز ہلاک

کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی فائرنگ کی فائرنگ کا تبادلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا فورسز کی فائرنگ سے فتنۃ الہندوستان کے پانچ اہم کمانڈرز ہلاک ہو گئے فورسز نے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ راکٹ لانچرز بم اور دھماکہ خیز مواد اور مواصلاتی آلات قبضے میں لے لئے ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز اور پولیس پر حملوں میں ملوث تھے جبکہ سیکورٹی فورسز نے پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر وسیع پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 2 — اسلام آباد کھل گیا

ی کے مطابق نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے جاری بیانات میں کہا ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقاتوں میں جنگ بندی سے متعلق تازہ ترین پیشرفت پر گفتگو ہوئی اور جنگ کے مکمل خاتمے کے حوالے سے ایران کا اصولی موقف وضاحت کیساتھ پیش کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان ثالثی کوششیں جاری رکھنے کیلئے تیار ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے اس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ مذاکرات کا عمل جاری رہے گا۔ یاد رہے کہ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی گزشتہ روز مختصر وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچے تھے۔ دوسری جانب نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں ایرانی وفد نے مذاکرات سے متعلق اپنے موقف سے آگاہ کر دیا۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی ایلچی سٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر اب مذاکرات کے لیے پاکستان نہیں جائیں گے۔ نشریاتی ادارے کے مطابق فاکس نیوز سے گفتگو میں صدر ٹرمپ نے کہا: 'تمام پتے ہمارے پاس ہیں، وہ جب چاہیں ہمیں فون کر سکتے ہیں، لیکن اب ایسا نہیں ہوگا کہ آپ زبانی جمع خرچ کے لیے 18 گھنٹے کی پرواز کریں۔' ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی کی سربراہی میں ایرانی وفد دو روزہ دورے کے بعد پاکستان سے روانہ ہو گیا ہے۔ ایرانی وفد اگلے مرحلے میں عمان اور روس جائے گا۔ ایرانی وفد کی پاکستانی سیاسی اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں مثبت رہیں۔

بقیہ 3 — مسعود پزشکیان

محاصرہ کر رکھا ہے تاکہ لوگ عدم اطمینان کا شکار ہو جائیں۔ انہوں نے مزید کہا: 'گھر میں اگر 10 بتیوں کے بجائے دو بتیاں جلائی جائیں تو اس میں کیا حرج ہے؟' ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے کی جانب سے ٹیلیگرام پر شیئر کردہ ایک ویڈیو میں ایرانی بجلی کمپنی توانیر کے چیف ایگزیکٹو افسر نے بھی ایرانی عوام پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے بجلی کے استعمال پر نظر رکھیں۔

بقیہ 4 — چین روانہ

آصف علی زرداری اپنے دورے میں چینی قیادت کے ساتھ اہم ملاقاتیں کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق آج سے یکم مئی تک صدر زرداری چانگشا، صوبہ ہونان اور سانیا، صوبہ ہینان کا دورہ کریں گے، جہاں وہ چینی صوبائی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ صدر آصف علی زرداری کا یہ دورہ پاک چین سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان ملاقاتوں میں اقتصادی تعاون، سی پیک (چین پاکستان اقتصادی راہداری) کی ترقی، اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط کو مزید مستحکم بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ صدر چینی قیادت کے ساتھ بات چیت میں پاکستان اور چین کے آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کریں

بقیہ 5 — ایران

ہے، تاہم انہوں نے کہا ہے کہ 7 اپریل تک امریکا اور اسرائیل کے ساتھ کشیدگی کے دوران بھی ایران کی مسلح افواج نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ کارروائیوں کے دوران ایرانی افواج نے مقبوضہ علاقوں کی فضائی حدود پر برتری برقرار رکھی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تیار ہونے والے تمام ہتھیار مکمل طور پر مقامی سطح پر تیار کیے جاتے ہیں۔ بریگیڈیئر جنرل رضا طلائی نِک کے مطابق آج 1 ہزار سے زائد اقسام کے ہتھیار مکمل طور پر ملک کے اندر تیار کیے جا رہے ہیں اور یہ صلاحیت دفاعی شعبے میں 25 سال سے زائد عرصے کی سرمایہ کاری کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہتھیاروں کی پیداوار ملک کے مختلف حصوں میں پھیلی ہوئی ہے تاکہ اگر کچھ تنصیبات کو نقصان پہنچے تو بھی پیداوار کا عمل جاری رکھا جا سکے۔ ترجمان نے کہا کہ تقریباً 9 ہزار کمپنیاں دفاعی صنعت کی معاونت میں مصروف ہیں، جو اس شعبے کی وسعت اور خود انحصاری کی عکاسی کرتی ہے۔ ترجمان نے آبنائے ہرمز کے حوالے سے ایران کے اقدامات کو اسٹریٹجک کنٹرول کا ذریعہ قرار دیا،

بقیہ 6 — اسحاق ڈار

میڈیا قیاس آرائیوں سے گریز کرے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت خطے کی تازہ صورتحال پر اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ایران امریکا مذاکرات میں سہولت کاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ایران امریکا مذاکرات میں امن و استحکام کے لیے سہولت کاری کر رہا ہے، امن کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان خطے اور اس سے آگے امن و استحکام کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے

بقیہ 7 — امریکی صدر

پسند نہیں۔ خیال رہے کہ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے خلاف آسٹریلیا کی طرز پر قانون سازی کا عندیہ دیا تھا۔

بقیہ 8 — گورنر

کرنے، اسباق کی فراہمی اور امتحانات کے انعقاد پر توجہ دیتے ہیں لیکن اس سے بڑھ کر ایک بڑی سماجی ذمہ داری بھی ہے کہ آپ تمام طلباء و طالبات میں مضبوط کردار، اعلیٰ اخلاقی اقدار اور اچھے انسانوں کا جوہر پیدا کریں۔ دوسرے صوبوں کے مقابلے بلوچستان قلیل مگر بکھری ہوئی آبادی والا صوبہ ہے۔ محل وقوع کے اعتبار سے اس میں بےپناہ صلاحیت ہے پھر بھی اسے منفرد تعلیمی چیلنجوں کا سامنا ہے۔ دوسرے صوبوں کے برعکس ہمارے پاس سخت حکومتی نگرانی اور احتسابی نظام کی کمی ہے اور سیاسی تنظیموں کی سطح پر بھی یہ ایک کمزوری پائی جاتی ہے۔ اسکے علاوہ صوبے کے دورافتادہ اور پسماندہ دیہی علاقوں میں بہت سے لوگ اساتذہ کی غیر حاضری یا وقت کی پابندی نہ کرنے کے خلاف بات نہیں کرتے اور نہ ہی متعلقہ حکام کو ایسے مسائل کی اطلاع دیتے ہیں۔

بقیہ 9 — محسن نقوی

ئم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور سی ٹی ڈی نے بروقت جوابی کارروائی کر کے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سی ٹی ڈی کے بہادر سپوتوں نے جوانمردی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے دہشتگردوں کا دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے اہلکار کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہید اہلکار نے فرض کی راہ میں اپنی قیمتی جان قربان کر کے مثال قائم کی اور ایسے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں۔

بقیہ 10 — ترکیہ

جلد دور ہو سکتی ہیں، مذاکرات کا نیا دور پاکستان میں شروع ہونے جا رہا ہے جہاں پیش رفت کی امید ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جوہری معاملے میں ایک یا دو اہم نکات حل ہونے کے قریب ہیں، جنگ بندی میں توسیع کو مثبت پیش رفت لیکن حتمی معاہدے کے لیے کافی نہیں۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال بھی مذاکرات سے جڑی ہوئی ہے، کامیاب معاہدے کی صورت میں آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارودی سرنگوں کی صفائی کے لیے بین الاقوامی تعاون قائم کیا جا سکتا ہے، کسی نئی جنگی صورتحال میں ترکیے غیر جانبدار رہنے کی پالیسی اپنائے گا، ترکیے تمام فریقین کے ساتھ رابطے میں ہے۔ علاوہ ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ٹیلی فونک رابطے میں ایران امریکہ مذاکرات پر پیش رفت کے حوالے سے گفتگو ہوئی ہے۔ یہ گفتگو ایک ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب ایرانی وفد وزیر خارجہ عباس عراقچی کی قیادت میں گذشتہ شب پاکستان پہنچا تھا۔

بقیہ 11 — وزیراعلیٰ مذمت

عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا اور ریاستی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امن کے قیام اور قانون کی عملداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 12 — اسپاٹ مارکیٹ

کارگو کے لیے بولی کی منظوری دی گئی، 27 سے 30 اپریل کی سپلائی کے لیے 18.88 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو بولی کی منظوری دی گئی۔ ذرائع کے مطابق یکم تا 7 مئی اور 8 تا 14 مئی کی ایل این جی سپلائی کی بولیوں کی منظوری نہیں دی گئی، یکم تا 7 مئی کی ایل این جی کارگو سپلائی کے لیے 18.54 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو بولی آئی تھی۔ 8 مئی سے 14 مئی کی ایل این جی سپلائی کے لیے 17.99 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو بولی آئی تھی۔

بقیہ 14 — وارنٹ گرفتاری

پر اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے پر امریکی کانگریس میں بین الاقوامی فوجداری عدالت پر پابندی عائد کرنے کے لیے ووٹنگ ہوئی۔ ایوان نمائندگان کے 243 ارکان نے حق میں ووٹ دیا۔ 140 اراکین نے کانگریس نے پابندی کے خلاف ووٹ دیا۔ امریکی غیر قانونی کورٹ کاؤنٹر ایکشن ایکٹ امریکی شہریوں اور اسرائیل سمیت اتحادی ملک کے شہریوں سے تحقیقات، گرفتاری یا حراست میں لینے یا ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرتا ہے جو عدالت کے رکن نہیں ہیں۔ 45 ڈیموکریٹس نے بھی بل کی حمایت میں ووٹ دیا جبکہ 198 ری پبلکنز نے حمایت میں ووٹ دیا۔ ایوان نمائندگان کی خارجہ امور کی کمیٹی کے ریپبلکن چیئرمین برائن ماسٹ نے ووٹنگ سے قبل تقریر میں کہا کہ امریکہ قانون اس لیے منظور کر رہا ہے، کیونکہ یہ کینگرو کورٹ ہمارے عظیم اتحادی اسرائیل کے وزیراعظم کو گرفتار کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ نئی کانگریس کے اجلاس کے بعد ایوان نمائندگان میں ہونے والی پہلی ووٹنگ میں تھی۔

بقیہ 15 — یورپی یونین

نے مذاکرات کے پہلے دور کی ناکامی کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ ذاتی طور پر اس تاثر سے اتفاق نہیں کرتے کہ پہلے دور کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا، بلکہ ان کے خیال میں مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ میں فریقین کے درمیان باقاعدہ معاہدہ ہونے کا قوی امکان موجود ہے۔ انہوں نے پرامید لہجے میں کہا کہ آج یا کل تک ان مذاکرات کے انتہائی مثبت نتائج پوری دنیا کے سامنے آ جائیں گے۔ سفیر رائمنڈس کراہلس نے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یورپی ممالک اس خطے میں مکمل امن کے خواہاں ہیں۔ تاہم انہوں نے معاملے کی نزاکت اور تاریخی پس منظر کا ذکر کرتے ہوئے یہ بھی واضح کیا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کسی حتمی معاہدے تک پہنچنا اتنا آسان کام نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 1979 کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان اس طرح کا باضابطہ رابطہ ہوا ہے، اس لیے دہائیوں پرانی پیچیدگیوں کی وجہ سے فوری طور پر سب کچھ طے ہونا مشکل ضرور ہے مگر ناممکن نہیں۔ یورپی یونین کے سفیر نے اس بات پر زور دیا کہ اتنے طویل عرصے کے بعد شروع ہونے والے اس سفارتی عمل کو صرف ایک نشست کی بنیاد پر ناکام قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ان کا ماننا ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والی یہ ملاقاتیں خطے کی تقدیر بدل سکتی ہیں اور عالمی برادری کی نظریں اس وقت پاکستان پر جمی ہوئی ہیں۔ رائمنڈس کراہلس کے مطابق سفارتی محاذ پر ہونے والی اس پیش رفت کے ثمرات جلد ہی سب کو نظر آئیں گے جس سے نہ صرف ایران اور امریکہ کے تعلقات میں بہتری آئے گی بلکہ عالمی امن کو بھی استحکام ملے گا۔

بقیہ 16 — باجوڑ میں پولیس

ل میں ایک ریسکیو ڈرائیور اور 3 شہری بھی شامل ہیں۔ زخمیوں کو لینے آنے والی ریسکیو ایمبولینس پر بھی نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی۔ جس سے ڈرائیور اور 3 سویلین زخمی ہوئے۔ حملے کے بعد پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 17 — بچہ بازیاب

مشرقی بائی پاس کے علاقے میں واقع مکان پر چھاپہ مارا اور اغوا کئے گئے بچے کو بازیاب کروا لیا، مغوی بچے کو مزمل احمد کو گھر میں پلنگ کے نیچے چھپایا گیا تھا، کارروائی کے دوران ایک خاتون اغوا کار مظلیفہ کو گرفتار کر لیا گیا، اغوا کاروں نے والس ایپ پر 60 ہزار ڈالر تاوان کا مطالبہ کیا تھا۔ ملزمان کا سراغ جدید ٹیکنالوجی، سی ڈی آر اور واٹس ایپ ٹریکنگ کے ذریعے ملزمان کا سراغ لگایا گیا۔ واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ بازیاب بچے مزمل کو 16 اپریل کو اغوا کیا گیا تھا۔ بچے کے والد محب اللہ نے تھانہ خالق شہید میں مقدمہ درج کروایا تھا۔

بقیہ 18 — اسرائیلی حملے

کیا تھا۔ لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ اتوار کو ختم ہونے والا تھا۔ توسیع کے جواب میں حزب اللہ کے قانون ساز علی فیاض نے کہا کہ اس بات پر اتفاق ضروری ہے کہ اسرائیل کی جانب سے دشمنانہ کارروائیوں کا مکمل خاتمہ ہو، بشمول قتل و غارت، گولہ باری اور گولیاں چلانے کی روشنی میں جنگ بندی بے معنی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر اسرائیلی حملہ مزاحمت کو متناسب جواب کا حق دیتا ہے۔ حزب اللہ جنگ بندی معاہدے کا فریق نہیں ہے اور اس نے اسرائیل کے ساتھ لبنان کے آمنے سامنے رابطوں پر سخت اعتراض کیا ہے۔

بقیہ 19 — ایمل ولی

ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات کیے جائیں، یہ وقت عوام کو قربان کرنے کا نہیں بلکہ انہیں سہارا دینے کا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر ردعمل میں سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ عوام پر کھلا معاشی حملہ ہے، یہ اضافہ کسی مجبوری کا نتیجہ نہیں بلکہ عوام دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے، ہر بار خطے میں کشیدگی اور عالمی منڈی کو جواز بنا کر غریب عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے، اضافے کیلئے خطے میں کشیدگی کو جواز بنانا عوام کو بیوقوف بنانے کے مترادف ہے۔ صدر اے این پی نے کہا کہ کیا دنیا کے ہر بحران کا بوجھ صرف پاکستانی عوام نے ہی اٹھانا ہے؟ حکومت اپنی ناکامی چھپانے کے لیے عالمی حالات کا سہارا لے رہی ہے، پٹرولیم لیوی اور ٹیکسز کے ذریعے عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے۔ مرکزی صدر اے این پی نے کہا کہ عالمی منڈی کا بوجھ خود برداشت کرنے کا حکومتی دعویٰ سراسر جھوٹ ہے، عوام سے قربانی مانگنے والوں کی اپنی شاہ خرچیاں آج بھی جاری ہیں، قیمت کم ہو تو کریڈٹ حکومت لیتی ہے، اضافہ ہو تو ذمہ داری سے بھاگتی ہے، صرف ڈیڑھ مہینے میں لیوی کی مد میں 180 ارب روپے سے زائد عوام سے وصول کیے گئے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ عوام دشمن اقدام ہے، پٹرولیم مصنوعات پر عائد ظالمانہ ٹیکسز اور لیوی فی الفور ختم کی جائیں

بقیہ 20 — میر ضیا لانگو

کے بچوں سے خصوصی شفقت اور پیار کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں حوصلہ دیا اور یقین دلایا کہ حکومت انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہیڈ کانسٹیبل رحمت بگٹی نے دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت کا بلند رتبہ حاصل کیا، جس پر پوری قوم کو فخر ہے بلوچستان پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہلکاروں کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا شہید کے اہل خانہ خود کو تنہا نہ سمجھیں، حکومت ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے لواحقین کی کفالت اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری حکومت کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 21 — ذوالفقار جونیئر

مناق نہیں ہوں۔ حیدرآباد میں میڈیا سے گفتگو میں ذوالفقار جونیئر کا کہنا تھا کہ میں منافق نہیں ہوں کہ جن کو قاتل کہوں اور پھر ان سے مل جاؤں۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کے ساتھ شمولیت اختیار نہیں کروں گا، میں باقی سیاستدانوں کی طرح منافق نہیں ہوں۔ ذوالفقار بھٹو جونیئر نے مزید کہا کہ الیکشن کے وقت الائنس بن جائے تو کوئی مسئلہ نہیں لیکن ہم کسی پارٹی میں شمولیت نہیں کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ پیر پگارا میرے والد میر مرتضیٰ بھٹو کے قریبی دوست رہے ہیں میں ان کو سپورٹ کروں گا۔ ذوالفقار بھٹو جونیئر نے یہ بھی کہا کہ الیکشن لڑنے کے لیے ہمارے پاس وسائل نہیں، جس طرح پیپلز پارٹی کے پاس ہیں، ہمارے پاس محنتی لوگ ہیں، اگر وقت آیا تو الیکشن لڑیں گے، ہم نے ذوالفقار علی بھٹو رابطہ کمیٹی بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس میں چند لوگ ہیں جو عوام کے لیے کام کرتے ہیں، باقی سب امیروں کے لیے کرتے ہیں۔ ہمارے خاندان کے کیس کا حال حل نہیں ہوا، ہم انصاف کے لیے گھوم رہے ہیں۔

بقیہ 22 — مباحثہ

متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی (یو این او سی ٹی) کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں دہشت گردی کے نئے اور ابھرتے رجحانات کے موضوع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب نے مختلف نقطۂ نظر کے حامل سفارت کاروں، اقوام متحدہ کے پالیسی ماہرین، سول سوسائٹی، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں سے وابستہ انسداد دہشت گردی کے ماہرین کو اپنے خیالات کے تبادلے کے لئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔ تقریب کی مشترکہ صدارت پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد اور یو این او سی ٹی کے قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل الیگزینڈر زوئیف نے کی۔ افتتاحی کلمات دونوں شریک صدور نے ادا کیے جبکہ مسٹر رافع شاہ، چیف، پالیسی، نالج مینجمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن برانچ، UNOCT، نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ پینل مباحثوں میں دہشت گردی کے عالمی ہاٹ اسپاٹس، زیر قبضہ علاقوں میں رہنے والی کمیونٹیز کے خلاف دہشت گردی، افغانستان میں قائم دہشت گرد گروہوں جیسے ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ، ای ٹی آئی ایم، داعش خراسان اور مغربی افریقہ و ساحل میں سرگرم گروہوں جیسے جے این آئی ایم کے خطرات پر بھی غور کیا گیا

بقیہ 23 — مقامی سیٹلائٹ

ڈیٹا فراہم کرے گا، جس سے شہری منصوبہ بندی، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، غذائی تحفظ اور ماحولیاتی نگرانی میں بہتری آئے گی۔ سیٹلائٹ EO-3 کو ایک مربوط ارتھ آبزرویشن سسٹم کا حصہ قرار دیا گیا ہے جو قومی ترقیاتی ترجیحات کی حمایت کرے گا اور پائیدار سماجی و اقتصادی ترقی میں کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے سپارکو کے انجینئرز اور سائنسدانوں کی پیشہ ورانہ مہارت اور محنت کو سراہا۔ انہوں نے خلائی پروگرام میں پاکستان کے "ہر موسم کے دوست" چین کی مسلسل حمایت کا بھی اعتراف کیا۔

بقیہ 24 — میر سرفراز بگٹی

ل ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو سٹاک کے شعبے کو مضبوط بنا کر ویکسین کی مقامی تیاری کی جانب پیش رفت جاری ہے، جس سے نہ صرف بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی بلکہ خود انحصاری کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ لائیو اسٹاک سیکٹر کی بہتری اور پیداوار میں اضافے کے لیے جدید اصلاحاتی پالیسیاں متعارف کروائی جا رہی ہیں انہوں نے موسمیاتی تغیرات کے تناظر میں مویشیوں کی مقامی نسلوں کے تحفظ کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں

بقیہ 25 — ہنگامی اقدامات

ل بنا چکے ہیں، جس میں 11 رکنی پاکستانی عملہ بھی سوار ہے۔ واقعے کے بعد پاکستانی حکام نے فوری طور پر ریسکیو کوششیں تیز کر دیں۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری رپورٹ طلب کر لی ہے اور متعلقہ اداروں کو ریسکیو آپریشن مزید موثر بنانے کی ہدایت جاری کی ہے۔ وزارت بحری امور کے مطابق تمام متعلقہ ادارے مسلسل رابطے میں ہیں اور صورت حال پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ وزارت بحری امور نے وزارت خارجہ سے فوری سفارتی رابطوں کی درخواست بھی کی ہے، جب کہ پاکستانی عملے کی بحفاظت رہائی کے لیے صومالیہ کی حکومت سے رابطے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 26 — بھکر فائرنگ

بستی چانڈیہ میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں پانچ افراد موقع پر جاں بحق جبکہ تین شدید زخمی ہو گئے، ریسکیو حکام نے لاشوں اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ ڈی پی او بھکر نے واقعے کا فوری نوٹس لے لیا، پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، علاقے کو گھیرے میں لے کر صورتحال کو کنٹرول کر لیا۔

بقیہ 27 — گڈز ٹرانسپورٹرز

شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 10 فیصد اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ وفاقی حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے لاکھوں ٹرانسپورٹرز بےروزگاری کا شکار ہو رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت سے بار بار درخواست کی جاری ہے کہ اگر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہے تو کم از کم ٹول ٹیکس سمیت دیگر اضافی ٹیکسز ختم کیا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز کو کچھ ریلیف مل سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ موٹروے پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر اداروں کے تمام چالان ختم کیے جائیں اور ود ہولڈنگ ٹیکس میں بھی ریلیف دیا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے دی جانے والی سبسڈی ناکافی ہے

بقیہ 28 — تحریک انصاف

ہی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ بیان کے مطابق آٹا، چینی، گھی، بجلی، گیس اور پٹرول سمیت بنیادی ضروریات عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں، جبکہ تنخواہیں جمود کا شکار ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں متوسط طبقہ بھی تیزی سے غربت کی لکیر سے نیچے جا رہا ہے اور غریب طبقہ صرف بقا کی جنگ لڑ رہا ہے

بقیہ 29 — عازمین

دیگر عملہ بھی حجاز مقدس پہنچ گیا، 4611 عازمین نے ریاض الجنۃ کی زیارت بھی کر لی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ شعبہ گمشدگی و بازیابی نے ایک حاجی، 14 وہیل چیئرز اور 673 گمشدہ بیگز تلاش کیے، میڈیکل مشن نے 288 افراد کو او پی ڈی، پانچ کو ڈینٹل اور چار کو ای سی جی سہولیات دیں۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کا کہنا ہے کہ مدینہ پہنچنے والے عازمین کے اولین قافلے کل مکہ مکرمہ روانہ ہوں گے۔

بقیہ 30 — فرانسیسی صدر

کے مطابق اپنے ایک بیان میں ایمانوئل میکرون نے امریکا کے حوالے سے بات کی اور امریکا کو ناقابل اعتبار اتحادی قرار دے دیا۔ ایمانوئل میکرون ہمیشہ فرانسیسی زبان ہی میں بات کرتے ہیں مگر امریکا کو ناقابل اعتبار کہنے کیلئے انہوں نے انگریزی ہی کا لفظ استعمال کیا۔

بقیہ 31 — ڈاکٹر مالک بلوچ

مینڈیٹ پر قبضہ کر کے بلوچستان میں لگی آگ پر تیل ڈالا گیا۔ یہ بات انہوں نے نیشنل پارٹی تربت کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں تحصیل کونسل تربت اور تحصیل کونسل شہرک کے اپنے تنظیمی مسائل و مشکلات اور دیگر سیاسی امور پر تفصیلی بحث ہوئی۔ مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے ساتھ وفاق اور وفاقی اداروں کا رویہ نامناسب ہے بلوچستان کو کالونی کی طرح دیکھنے سے مسائل مزید پیچیدہ ہو رہے ہیں۔ عوام کے ووٹ کے تقدس کو پامال کیا گیا ہے بلوچستان کی سیاسی و قوم پرست جماعتوں کے مینڈیٹ کو ریاست اور اس کے ادارے تسلیم کرنے کو تیار نہیں جس کی وجہ سے قومی محرومی میں بےانتہا اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ انتخابی عمل میں مداخلت کی وجہ سے عوام کا اعتماد جمہوریت اور اس کے اداروں سے اٹھتا جا رہا ہے

بقیہ 32 — ایران میں آپریشن

کہ ایرانی پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) نے 2 صوبوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے تقریباً 240 افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایرانی وزارت اطلاعات کے مطابق کردستان صوبے میں کارروائیوں کے دوران آئی آر جی سی نے 11 افراد کی گرفتاری کا دعویٰ کیا ہے، جبکہ کارروائی کے دوران ایک مسلح گروہ کا رکن مارا گیا۔ حکام کے مطابق ان کارروائیوں میں اسلحہ اور گولہ بارود کا ایک ذخیرہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ اسی صوبے میں علیحدہ چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران مزید تقریباً 70 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، جن کے بارے میں حکام کا کہنا ہے کہ وہ بم بنانے اور اسلحہ اسمگلنگ کرنے جیسی مختلف مشتبہ سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ میڈیا کے مطابق کرمانشاہ صوبے میں بھی بڑے پیمانے پر کارروائی کی گئی، جہاں مجموعی طور پر 155 افراد کی گرفتاری کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق گرفتار افراد انسداد انقلاب گروہوں سے تعلق رکھتے تھے، جن میں اسرائیلی خفیہ ادارے موساد کے 4 جاسوس بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب تہران میں پولیس نے ایک شخص کی گرفتاری کا اعلان کیا ہے، جس پر الزام ہے کہ وہ میزائل حملوں کے مقامات سے متعلق معلومات اکٹھی کر کے انہیں دشمن نیٹ ورکس تک پہنچا رہا تھا۔

بقیہ 33 — گولیاں برسادیں

کو اس کے والد فیاض، والدہ مسرت بی بی اور 2 چچاؤں نے منصوبہ بندی کے ساتھ گولیاں مار کر شدید زخمی کیا۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ نجر وال کے سب انسپکٹر انتظار حسین کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ ایس ایچ او کے مطابق والد، والدہ اور دونوں چچاؤں کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے اور ملزمان سے پستول بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ ملزمان نے پسند کی شادی کرنے پر شائمہ کو قتل کرنے کی کوشش کی، جن سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 34 — وزیراعلیٰ

ملیریا ایک مہلک مگر قابل علاج بیماری ہے، جس کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ حکومت اور عوام کو مل کر اس بیماری کے خلاف مؤثر اقدامات اٹھانا ہوں گے تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل ممکن بنائی جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ملیریا کی بروقت تشخیص اور مؤثر علاج کے لیے مفت سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ ان سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر اور مؤثر بنائیں تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام بھی اس سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملیریا سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں، اپنے اردگرد صفائی کا خاص خیال رکھیں اور کھڑے پانی کے خاتمے کو یقینی بنائیں، کیونکہ یہی بیماری کے پھیلاؤ کا بنیادی سبب بنتا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے ہر شہری کی صحت کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 35 — ڈیولپمنٹ لیوی

کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات پر عائد پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ پیٹرول پر عائد ڈیولپمنٹ لیوی 80.61 روپے سے بڑھا کر 107.38 روپے فی لیٹر کر دی گئی ہے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی کی شرح صفر برقرار رکھی گئی ہے۔ مزید بتایا گیا کہ ایچ او بی سی پر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی 305.37 روپے، مٹی کے تیل پر 20.36 روپے، لائٹ ڈیزل آئل پر 15.84 اور فرنس آئل پر 77 روپے فی لیٹر ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ اگر پیٹرول پر لیوی نہیں بڑھائی جاتی تو پیٹرول کی بھی سابق قیمت برقرار رکھی جا سکتی تھی۔ واضح رہے کہ حکومت نے اگلے ایک ہفتے کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں 26 روپے 77 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی قیمت فی لیٹر 393 روپے 33 پیسے اور ڈیزل کی قیمت فی لیٹر 380 روپے 19 پیسے ہو گئی ہے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم نے اس حوالے سے بتایا تھا کہ علاقائی کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں ایک مرتبہ پھر اضافہ ہو رہا ہے، تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے دباؤ اور عالمی شراکت داروں سے معاہدوں کی وجہ سے حکومت کو تیل کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ منتقل کرنے کے لیے اقدامات کرنے پڑ رہے ہیں۔

بقیہ 36 — دنیا معترف

بقیہ 37

بقیہ 38

بقیہ 39 — آئی ایم ایف

بقیہ 40

بقیہ 41

بقیہ 42 — سہیل آفریدی

بقیہ 43

بقیہ 44 — عوامی نیشنل پارٹی

بقیہ 45

بقیہ 46

بقیہ 47 — پاکستان اور مصر

بقیہ 48

بقیہ 49

بقیہ 50

بقیہ 51

بقیہ 52

بقیہ 53 — حافظ نعیم

بقیہ 54

بقیہ 55

بقیہ 56 — پیپلز پارٹی بلوچستان

بقیہ 57

بقیہ 58

بقیہ 59

بقیہ 60

بقیہ 61

بقیہ 62 — جمعیت علماء اسلام

بقیہ 63

بقیہ 64 — کریک ڈاؤن جاری

بقیہ 65

بقیہ 66

بقیہ 67

بقیہ 68

پاکستانی سفارتی کامیابیاں کی پوری دنیا معترف، عالمی سطح پر وقار میں اضافہ ہوا

پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کو عملی میدان میں شکست دینے کے بعد سفارتی محاذ پر بھی تنہا کر دیا ہے، ماہرین

امریکی صدر بھی پاکستانی قیادت کو سراہتے ہوئے اسے انتہائی مضبوط، غیر معمولی اور شاندار قرار دے چکے ہیں

صوبائی وزیر ... ترقیاتی منصوبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحبت پور میں میڈیکل سینٹر کا قیام عوام کیلئے بڑی نعمت ہے، سلیم کھوسہ

انٹرنیشنل میڈیکل سینٹر میں بھی سہولیات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جائیں گی ، دور دراز کے عوام کو بھی فائدہ پہنچے گا، صوبائی وزیر

بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے: میڈیکل سینٹر کے افتتاح کے موقع پر خطاب؛ ڈی سی فرید ترین و دیگر افسران بھی موجود

ترقیاتی سکیموں میں کوتاہی ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا سبب ہوگی، صحبت پور میں منصوبوں کے جائزے کے موقع پر گفتگو

زیارت: صوبائی وزیر ... میڈیکل سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ سے ژوب روڈ کو مکمل کرنے کے پروجیکٹ شروع کیا جائے، قاری عبدالرشید

عبدالواحد صدیقی کی کارکردگی کی تاریخ کا حصہ ہے، مجیب اللہ کاکڑ

دہشتگردوں کے حملے میں شہید بی سی اہلکار کی نماز جنازہ ادا

صوبہ خان بابکانی کو دہشتگردی کے خلاف ... پولیس لائن میں نماز جنازہ میں افسران، قبائلی عمائدین شریک

بلوچستان پولیس دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، ایس پی صحبت پور عبدالمجید

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست جوڈیشل ایکٹوازم پینل نے دائر کی

اسحاق ڈار کا مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک رابطہ

مولانا عبدالقادر لونی کی ... کھوسہ کے انتقال پر تعزیت

مہنگائی کے عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل بنا دیا، محمد عبدالقادر

ملک میں مہنگائی کی شرح میں غیر معمولی اضافہ شدید معاشی بحران کی نشاندہی کرتا ہے

حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عام آدمی کے معاشی تحفظ کو یقینی بنائے، سینئر

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ برداشت نہیں، مولانا عبدالقادر لونی

حکومت نے 26 روپے فی لیٹر میں اضافہ کر کے عوام پر بدترین ظلم کیا، مولانا شیخ الدین

عوام پر بوجھ ڈالا جا رہا ہے لیکن حکمران شاہ خرچیاں کم کرنے کو تیار نہیں، مولانا محمود الحسن قاسمی

جمعیت نظریاتی کی مدارس پر چھاپوں و گرفتاریوں کیخلاف ریلی

حکومت باز نہ آئی تو آج کے اجلاس میں لائحہ عمل طے کر کے سر پر کفن باندھ کر سڑکوں پر نکلیں گے، قاری مہر اللہ

مدارس و علماء لاوارث نہیں، رجسٹریشن کی آڑ میں چھاپے ہرگز قبول نہیں، ریلی سے مولانا نیاز محمد، مولانا عبدالرحمان و دیگر خطاب

اندرون ملک جانے والی مسافر کوچز کے ٹریکر ڈیوائسز غیر فعال

محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے کوچز مالکان کو ایک ہفتے میں ٹریکرز فعال کرنے کی وارننگ

لورالائی پولیس کی کارروائی، 2 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

پی ایس ایل 11: لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کو 6 وکٹ سے ہرا دیا

قلندرز نے 200 رنز کا ہدف آخری اوور میں حاصل کر لیا، فخر زمان کے 58 رنز

تعلیمی اداروں کی ... پولیس سے متعلق ...، احمد گران

پولیس اور ایف سی مل کر دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے، بریگیڈیئر ظفر اقبال

جوانوں نے امن کیلئے ... قربانیاں دی ہیں ...

پاکستان عالمی سطح پر سرفہرست 9 فیصد ممالک میں شامل

پاکستان ایٹار ایکس 2026 گلوبل آؤٹ سورسنگ ٹیلنٹ انڈیکس میں 193 ممالک میں 16 ویں نمبر پر آ گیا

پاکستان کا اسٹاف آؤٹ سورسنگ 20 فیصد سالانہ شرح سے ترقی کر رہا ہے، وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ

صوبائی ... مختلف وفود سے ملاقات کر رہے ہیں

خضدار: ڈی سی ... ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

سفارتی عمل میں پاکستان کو عالمی شہرت ملی ہے، امان اللہ کنرانی

پاکستان فریقین اور دوستوں کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب رہا

مہنگائی کا بوجھ مزید برداشت نہیں، جلد تحریک شروع کرنے جا رہے ہیں

حکومت کا ہر فیصلہ عوام دشمن، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے طوفان برپا ہو گا، اسلم غوری

پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس جو حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کیلئے مقرر کی گئی ہیں، ترجمان

کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن ... تجاوزات کیخلاف کارروائی کی نگرانی کر رہے ہیں

صحت نسواں سے متعلق پالیسی اصلاحات پر اجلاس

پاک چین، ترکیہ عدالتی تعاون کو مزید وسعت دینے کا عزم

بلوچستان سے خاتون ایڈیشنل سیشن جج بھی سینئر سول جج چین روانہ ہو گئے

مدارس پر حکومتی دباؤ ہرگز قبول نہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

حکومت نے طاقت و جبر کا راستہ اختیار کیا تو جمعیت سخت مزاحمت کرے گی، امین اللہ

مدارس کی صورت تحفظ نہیں چھوڑیں گے، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ

حکومت نے آئی ایم ایف کو کھربوں روپے خزانے میں منتقل کرنے کی یقین دہانی کرادی

70 سے زائد سرکاری اداروں کے اکاؤنٹس میں موجود 290 ارب روپے ٹریژری سنگل اکاؤنٹ کے دائرے میں لایا جائے گا

مجموعی طور پر 200 سے زائد سرکاری ادارے اپنے کمرشل بینک اکاؤنٹس میں بڑی رقوم رکھے ہوئے ہیں، آئی ایم ایف

مستونگ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سبزی فروش زخمی

کوہلو: ... ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

بلوچستان کو بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ قرار دیا جائے، مولانا حافظ عبدالرحمن

عوام کو غیر ضروری مسائل سے نجات دلانے کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، امیر جماعت اسلامی کی ایکسین کوادر سے ملاقات میں گفتگو

بلوچستان میں زراعت و تجارت تباہ، روزگار نہ ہونے پر عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہے، ایم پی اے کی وفود سے ملاقات میں گفتگو

عوام پر مزید ہتھوڑے چلائے جا رہے ہیں، حافظ نعیم

حکومت فوری طور پر پیٹرولیم لیوی کا خاتمہ کرے، قیمتوں میں اضافہ واپس لے

پن بجلی کی پیداوار 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی

تربیلا ڈیم سے پانی کے اخراج میں رات کے وقت اضافہ ریکارڈ

ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ، قومی حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، نصر اللہ زیرے

پشتون عوام کی قومی خودمختاری، وسائل پر کنٹرول، سیاسی اختیار، جمہوری حقوق کے حصول کیلئے منظم جدوجہد ناگزیر ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ: ... جماعت اسلامی کے ... وفود سے ملاقات کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری ... ایسوسی ایشن کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں

پنجگور، پولیس کی کارروائی ملزم اسلحہ سمیت گرفتار

مطلوب اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

بھارت نسل کشی سے بھرا ہوا جہنم ہے، گرپتونت سنگھ پنوں

بھارت میں مختلف ادوار میں سکھوں کی بے دریغ نسل کشی کی گئی

کوئٹہ مشرقی بائی پاس پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

لورالائی میں پولیس کی کامیاب کارروائی، 2 ڈاکو گرفتار

رکھنی، چوکیدار کی بہادری نے ملزمان کو فرار ہونے پر مجبور کر دیا

فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار

کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے، پیپلز پارٹی بلوچستان

پیپلز پارٹی اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی پر یقین رکھتی ہے، بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے عوام کے مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے

حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، نور محمد دمڑ

کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف کارروائی

سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا

سرکاری دفاتر میں عوام کی شکایات کا کوئی انتظام نہیں، عبدالحمید شاہین

ایک نیا عالمی نظام وجود میں آ رہا ہے، طاہر بزنجو

حالات کر رہے ہیں کہ بلوچستان بڑی طاقتوں کا میدان جنگ نہ بن جائے

کشمیریوں و پختونوں کا رشتہ صدیوں پرانا ہے، کبھی نہیں ٹوٹے گا، وزیراعلیٰ گ ب

عمران خان نے ہمیشہ کشمیر و فلسطین کا مقدمہ دلیری کیساتھ لڑا، اسپیکر آفریدی

لائٹ ڈیزل اور جہازوں میں استعمال ہونے والا ایندھن سستا

سپر فیول کی قیمت 396 روپے 31 پیسے فی لیٹر برقرار، نوٹیفکیشن جاری

کرپشن ... قرار دیا

امریکہ نے چین پر ایرانی تیل خریدنے کی پابندی عائد کر دی

چینی کمپنیوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، چین نے امریکی اقدام مسترد کر دیا

مساجد و مدارس دین اسلام کے مضبوط قلعے ہیں، سید شجاع الحق

متعدد مدارس پہلے سے ہی متعلقہ وفاق کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، مفتی مختار احمد

اے این پی بلاتفریق عوام کی خدمت کو فریضہ سمجھتی ہے، اصغر اچکزئی

باچا خان کے فلسفے کی اساس خدمت خلق، عدم تشدد، برداشت، جمہوریت اور انسان دوستی پر مبنی ہے، ملک نعیم خان بازئی

باچا خان کا پیغام امن ہی ہمارا راستہ ہے، آج کے دور میں بھی ... اور امن کے قیام کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے